شہادتِ حسین بن منصور حلّاج رحمہ اللہ تحقیق کے آئینے میں

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حُرفِ آغاز

اس تحریر کے آغاز سے پہلے میں قارئین کرام کو یہ باور کروانا چاہتا ہوں کہ اس تحریر کے لکھنے سے نہ تو مجھے کوئی مالی نفع حاصل ہو گا اور نہ ہی دنیاوی شان و شوکت حاصل ہوگی بلکہ عین ممکن ہے کہ اس تحریر کے منظرعام پر آجانے کے بعد آج کے لاعلم مسلمان حسین بن منصور حلّاجؒ اور ان کی تائید میں کتابیں لکھنے والے حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ اور حضرت مولانا ظفر احمد عثمانیؒ کی طرح مجھ پر بھی لعن طعن کرتے ہوئے کافروزندیق ہونے کے فتوے لگائیں۔ لیکن جو لوگ دلائل کے ساتھ حق بات کو سمجھنے اور قبول کرنے والے ہیں وہ میری اس تحریر سے ضرور استفادہ حاصل کریں گے انشاء اللہ۔

کسی بھی شخص کو کافر یا زندیق کہنا بہت آسان ہے جس کے لیے صرف دو الفاظ اور ایک لمحہ ہی کافی ہوتا ہے۔ لیکن کسی ایسے شخص کو جس پر کافروزندیق ہونے کا الزام لگا کر قتل کیا گیا ہو، دلائل کے ساتھ مومن مسلمان اور ولی اللہ ثابت کرنا کوئی آسان کام نہیں بلکہ بڑی جرٲت اور حوصلے کا کام ہے۔ یہی وجہ ہے کہ موجودہ دور کے لاعلم اور کم علم و کم فہم علماء بنا تحقیق کیئے بڑی آسانی کے ساتھ حسین بن منصور حلّاجؒ کو کافروزندیق کہہ کر اپنی جان چھڑا لیتے ہیں اور اس مسئلے میں عام اور لاعلم مسلمانوں کو بے وقوف بنا رہے ہیں اور اہل اللہ سے بدگمان کر رہے ہیں۔ لیکن ہر دور میں جہاں علماءِ سُو مسلمانوں کو گمراہ کرنے میں مشغول رہے ہیں وہیں علماءِ حق بھی مسلمانوں کی اصلاح و رہنمائی کرنے میں ہر دور میں کوشاں رہے ہیں۔ ان ہی علماءِ اہل حق میں سے قابل ذکر نام حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ اور ان کے شاگردِ خاص حضرت مولانا ظفر احمد عثمانیؒ کا ہے جنھوں نے حسین بن منصور حلّاجؒ پر لگائے گئے الزامات کے مدلل، علمی اور تحقیقی جوابات اپنی کتاب "القول المنصور فی ابن منصور – سیرت منصور حلّاج" میں دیکر عام اور لاعلم مسلمانوں کو گمراہ ہونے اور اہل اللہ سے بدگمان ہونے سے بچایا ہے۔

میری اس تحریر کا اصل مقصد ان لوگوں کی رہنمائی کرنا ہے جو لاعلمی کے سبب چند لوگوں کے پیش کردہ نہایت قلیل اور یک طرفہ دلائل پڑھ کر ولی اللہ اور بزرگ ہستیوں پر لعن طعن کرتے ہیں اور انہیں کافروزندیق کہہ کر اپنی عاقبت خراب کرتے ہیں اور قرآن مجید کی اس آیت کا مصداق بنتے ہیں۔ "وَالَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ بِغَيْرِ مَا اكْتَسَبُوْا فَقَدِ احْتَمَلُوْا بُهْتَانًا وَّاِثْمًا مُّبِيْنًا۔" "اور جو ایمان دار مردوں اور عورتوں کو ناکردہ گناہوں پر ستاتے ہیں سو وہ اپنے سر بہتان اور صریح گناہ لیتے ہیں"۔ [سورۃ الاحزاب:۵۸]

اور ساتھ ہی نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کے فرمان کا مصداق قرار پاتے ہیں: ”حَدَّثَنَا أَبُو مَعْمَرٍ ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ ، عَنِ الْحُسَيْنِ ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ بُرَيْدَةَ ، حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ يَعْمَرَ ، أَنَّ أَبَا الأَسْوَدِ الدِّيلِيَّ ، حَدَّثَهُ عَنْ أَبِي ذَرٍّ ـ رضى الله عنه ـ أَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ "لاَ يَرْمِي رَجُلٌ رَجُلاً بِالْفُسُوقِ ، وَلاَ يَرْمِيهِ بِالْكُفْرِ ، إِلاَّ ارْتَدَّتْ عَلَيْهِ ، إِنْ لَمْ يَكُنْ صَاحِبُهُ كَذَلِكَ"“۔”حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ انہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر کوئی شخص کسی شخص کو کافر یا فاسق کہے اور وہ در حقیقت کافر یا فاسق نہ ہو تو خود کہنے والا فاسق اور کافر ہو جائے گا“۔(صحیح البخاری: کتاب الأدب، باب مَا يُنْهَى مِنَ السِّبَابِ وَاللَّعْنِ، جلد نمبر ۸، رقم الحدیث ۶۰۴۵)

٦٠٤٥- حَدَّثَنَا أَبُو مَعْمَرٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنِ الْحُسَيْنِ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ يَعْمَرَ أَنَّ أَبَا الأَسْوَدِ الدِّيلِيَّ حَدَّثَهُ، عَنْ أَبِي ذَرٍّ رَضِيَ

(۶۰۴۵) ہم سے ابو معمر عبداللہ بن عمرو نے بیان کیا' انہوں نے کہا ہم سے عبدالوارث نے بیان کیا' ان سے حسین بن ذکوان معلم نے بیان کیا' ان سے عبداللہ بن بریدہ نے بیان کیا' انہوں نے کہا مجھ سے یحییٰ بن یعمر نے بیان کیا' ان سے ابوالاسود دیلی نے بیان کیا اور ان

اخلاق کا بیان

454

اللهُ عَنْهُ أَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ ﷺ يَقُولُ: ((لاَ يَرْمِي رَجُلٌ رَجُلاً بِالْفُسُوقِ، وَلاَ يَرْمِيهِ بِالْكُفْرِ إِلاَّ ارْتَدَّتْ عَلَيْهِ إِنْ لَمْ يَكُنْ صَاحِبُهُ كَذَلِكَ)). [راجع: ٣٥٠٨]

سے حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ نے کہ انہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ اگر کوئی شخص کسی شخص کو کافر یا فاسق کہے اور وہ در حقیقت کافر یا فاسق نہ ہو تو خود کہنے والا فاسق اور کافر ہو جائے گا۔

امام ابوداوُدؒ روایت کرتے ہیں کہ: ”حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ ، حَدَّثَنَا الأَسْوَدُ بْنُ عَامِرٍ ، حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ جُرَيْجٍ ، عَنْ أَبِي بَرْزَةَ الأَسْلَمِيِّ ، قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صلى الله عليه وسلم "يَا مَعْشَرَ مَنْ آمَنَ بِلِسَانِهِ وَلَمْ يَدْخُلِ الإِيمَانُ قَلْبَهُ لاَ تَغْتَابُوا الْمُسْلِمِينَ وَلاَ تَتَّبِعُوا عَوْرَاتِهِمْ فَإِنَّهُ مَنِ اتَّبَعَ عَوْرَاتِهِمْ يَتَّبِعِ اللَّهُ عَوْرَتَهُ وَمَنْ يَتَّبِعِ اللَّهُ عَوْرَتَهُ يَفْضَحْهُ فِي بَيْتِهِ"“۔”حضرت ابوبرزہ اسلمی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "اے وہ لوگو جو اپنی زبان سے ایمان لائے ہو مگر ایمان ان کے دلوں میں داخل نہیں ہوا ہے! مسلمانوں کی غیبت نہ کرو اور ان کے عیوب کے پیچھے نہ پڑو، اس لیے کہ جو ان کے عیوب کے پیچھے پڑے گا، اللہ اس کے عیب کے پیچھے پڑے گا، اور اللہ جس کے عیب کے پیچھے پڑے گا، اسے اسی کے گھر میں ذلیل ورسوا کر دے گا"“۔(صحیح سنن ابی داوٗد: کتاب الأدب، باب فِي الْغِيبَةِ، ج۳، ص۱۹۷، رقم الحدیث ۴۸۸۰؛ قال الشیخ الألبانی: حسن صحیح)

صَحِيحُ سُنَنِ أَبِي دَاوُدَ

لِلإِمَامِ الحَافِظِ سُلَيْمَانَ بْنِ الأَشْعَثِ السِّجِسْتَانِي
المتوفى سنة ٢٧٥هـ رحمه الله

تأليف
محمد ناصر الدين الألباني

المجلد الثالث

مكتبة المعارف للنشر والتوزيع
لصاحبها سعد بن عبد الرحمن الراشد
الرياض

٤٨٧٦ - عَنْ سَعِيدِ بْنِ زَيْدٍ ، عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ :

« إِنَّ مِنْ أَرْبَى الرِّبَا الاسْتِطَالَةَ فِي عِرْضِ الْمُسْلِمِ بِغَيْرِ حَقٍّ » .

- صحيح : «المشكاة» (٥٠٤٥) / التحقيق الثاني ، «الصحيحة» (١٤٣٣ و ١٨٧١) .

٤٨٧٨ - عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ :

« لَمَّا عُرِجَ بِي ، مَرَرْتُ بِقَوْمٍ لَهُمْ أَظْفَارٌ مِنْ نُحَاسٍ يَخْمُشُونَ وُجُوهَهُمْ وَصُدُورَهُمْ ، فَقُلْتُ : مَنْ هَؤُلاءِ يَا جِبْرِيلُ ؟ قَالَ : هَؤُلاءِ الَّذِينَ يَأْكُلُونَ لُحُومَ النَّاسِ ، وَيَقَعُونَ فِي أَعْرَاضِهِمْ » .

- صحيح : «الصحيحة» (٥٣٣) .

٤٨٨٠ - عَنْ أَبِي بَرْزَةَ الأَسْلَمِيِّ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ :

« يَا مَعْشَرَ مَنْ آمَنَ بِلِسَانِهِ وَلَمْ يَدْخُلِ الإِيمَانُ قَلْبَهُ ! لا تَغْتَابُوا الْمُسْلِمِينَ ، وَلا تَتَّبِعُوا عَوْرَاتِهِمْ ، فَإِنَّهُ مَنِ اتَّبَعَ عَوْرَاتِهِمْ ، يَتَّبِعِ اللهُ عَوْرَتَهُ ، وَمَنْ يَتَّبِعِ اللهُ عَوْرَتَهُ ، يَفْضَحْهُ فِي بَيْتِهِ » .

- حسن صحيح : «المشكاة» (٥٠٤٤) / التحقيق الثاني ، «التعليق الرغيب» (٣ / ١٧٧)

٤٨٨١ - عَنِ الْمُسْتَوْرِدِ ، أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ :

امام ابو داوٗدؒ روایت کرتے ہیں کہ: ”حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ، حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عُمَارَةُ بْنُ غَزِيَّةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ رَاشِدٍ، قَالَ جَلَسْنَا لِعَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ فَخَرَجَ إِلَيْنَا فَجَلَسَ فَقَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صلى الله عليه وسلم يَقُولُ "مَنْ حَالَتْ شَفَاعَتُهُ دُونَ حَدٍّ مِنْ حُدُودِ اللَّهِ فَقَدْ ضَادَّ اللَّهَ وَمَنْ خَاصَمَ فِي بَاطِلٍ وَهُوَ يَعْلَمُهُ لَمْ يَزَلْ فِي سَخَطِ اللَّهِ حَتَّى يَنْزِعَ عَنْهُ وَمَنْ قَالَ فِي مُؤْمِنٍ مَا لَيْسَ فِيهِ أَسْكَنَهُ اللَّهُ رَدْغَةَ الْخَبَالِ حَتَّى يَخْرُجَ مِمَّا قَالَ"۔“یحیٰی بن راشد کہتے ہیں کہ ہم عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے انتظار میں بیٹھے تھے، وہ ہمارے پاس آکر بیٹھے پھر کہنے لگے، میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا ہے "جس نے اللہ کے حدود میں سے کسی حد کو روکنے کی سفارش کی تو گویا اس نے اللہ کی مخالفت کی، اور جو جانتے ہوئے کسی باطل امر کے لیے جھگڑے تو وہ برابر اللہ کی ناراضگی میں رہے گا یہاں تک کہ اس جھگڑے سے دستبردار ہو جائے، اور جس نے کسی مؤمن کے بارے میں کوئی ایسی بات کہی جو اس میں نہیں تھی تو اللہ اس کا ٹھکانہ جہنمیوں میں بنائے گا یہاں تک کہ اپنی کہی ہوئی بات سے توبہ کرلے"“۔(صحیح سنن ابی داوٗد: کتاب الأقضية، باب فِیمَن یُعِینُ عَلَی خُصُومَةٍ مِن غَیرِ أَن یَعلَمَ أَمرَهَا، ج ۲، ص ۳۹۶، رقم الحدیث ۳۵۹۷؛ قال الشیخ الألبانی: حسن صحیح)

صحيح سنن أبي داود

للإمام الحافظ سليمان بن الأشعث السجستاني

المتوفى سنة ٢٧٥هـ رحمه الله

تأليف

محمد ناصر الدين الألباني

المجلد الثاني

مكتبة المعارف للنشر والتوزيع

لصاحبها سعد بن عبد الرحمن الراشد

الرياض

١٣ - باب في الشَّهادَاتِ

٣٥٩٦ - عن زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الجُهَنِيِّ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ ﷺ ، قَالَ:

« ألا أُخبِرُكُمْ بِخَيْرِ الشُّهَدَاءِ ؟ الَّذِي يَأْتِي بِشَهَادَتِهِ ، - أَوْ - يُخْبِرُ بِشَهَادَتِهِ ، قَبْلَ أنْ يُسْأَلَهَا ».

- صحيح : م نحوه.

قَالَ مَالِكٌ[راويه]: الَّذِي يُخْبِرُ بِشَهَادَتِهِ وَلَا يَعْلَمُ بِهَا الَّذِي هِيَ لَهُ .

وقيل: وَيَرْفَعُهَا إِلَى السُّلْطَانِ .

وقيل: أَوْ يَأْتِي بِهَا الإِمَامَ .

١٤ - باب فِيمَنْ يُعِينُ عَلَى خُصُومَةٍ مِنْ غَيْرِ أَنْ يَعْلَمَ أَمْرَهَا

٣٥٩٧ - عَنْ يَحْيَى بْنِ رَاشِدٍ ، قَالَ : جَلَسْنَا لِعَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ، فَخَرَجَ إِلَيْنَا ، فَجَلَسَ ، فَقَالَ : سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ ﷺ، يَقُولُ:

« مَنْ حَالَتْ شَفَاعَتُهُ دُونَ حَدٍّ مِنْ حُدُودِ اللَّهِ ، فَقَدْ ضَادَّ اللَّهَ ، وَمَنْ خَاصَمَ فِي بَاطِلٍ وَهُوَ يَعْلَمُهُ ، لَمْ يَزَلْ فِي سَخَطِ اللَّهِ حَتَّى يَنْزِعَ عَنْهُ ، وَمَنْ قَالَ فِي مُؤْمِنٍ مَا لَيْسَ فِيهِ ، أَسْكَنَهُ اللَّهُ رَدْغَةَ الخَبَالِ ، حَتَّى يَخْرُجَ مِمَّا قَالَ ».

- صحيح : «الصحيحة» (٤٣٨).

١٦ - باب مَنْ تُرَدُّ شَهَادَتُهُ

٣٦٠٠ - عن عبدالله بن عمرو بن العاص ،أنَّ رَسُولَ اللَّهِ ﷺ رَدَّ شَهَادَةَ

مندرجہ بالا آیت واحادیث کی روشنی میں آئمہ احناف کا مؤقف یہ ہے کہ اگر کسی مسلمان کی زبان سے کوئی ایسا کلمہ کفر نکل جائے جس سے صحیح اور غلط دونوں معنیٰ مراد لیئے جاسکتے ہوں تو ایسی صورت میں وہی معنیٰ مراد لینا چاہیئے جو صحیح ہو، خصوصاًجب دوسرے قرائن اور شواہد اس کی تصدیق کرتے ہوں۔

میری اس تحریر سے ہرگز ہرگز یہ تاثر بھی نہ لیا جائے کہ میری یہ تحریر حسین بن منصور حلاّجؒ کی حمایت میں اوراس دور کے قاضی اور مفتیان کرامؒ کی مخالفت میں لکھی گئی ہے جنہوں نے حسین بن منصور حلاّجؒ کے قتل کے فتویٰ پر دستخط کیئے۔ کیونکہ شریعت کے قوانیں ظاہری اعمال وشواہد کی بنیاد پر لاگو ہوتے ہیں، باطنی اعمال پر نہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ہم ظاہر کے مکلف ہیں باطن کے نہیں، لہٰذا جب کوئی عمل شواہد کی بنیاد پر واضح طور پر ثابت ہو جائے تو شریعت کا حکم اس ظاہری عمل پر عائد ہوتا ہے بھلے اس انسان کا باطن کتنا ہی اچھا کیوں نہ ہو۔ اس دور کے علماء ومفتیان کرامؒ نے بھی حسین بن منصور حلاّجؒ کے ظاہری عمل اور شواہد کی بنا پر فتویٰ صادر کیا تھا باطن پر نہیں، بھلے ان کا باطن کتنا ہی اچھا کیوں نہ تھا، اس لئے کہ شریعت ظاہری دلائل کے قبول کرنے کی پابند ہے جبکہ کسی انسان کے باطن پر کسی بھی قسم کی دلیل قائم نہیں کی جاسکتی۔ اس کی مثال کچھ اس طرح سے سمجھی جاسکتی ہے کہ اگر کوئی شخص اپنی بیوی کو اکھٹی تین طلاقین دیدے اور بعد میں کہے کہ میری نیت ایک طلاق کی تھی تو شریعت میں اس کی نیت کا اعتبار نہیں کیا جائے گا اور طلاق واقع ہو جائے گی بھلے حقیقت میں اس کی نیت ایک ہی طلاق کی کیوں نہ ہو۔ یہی وجہ ہے کہ ہم اس دور کے علماء ومفتیان کرامؒ کے اس فیصلے کو شریعت کے خلاف نہیں سمجھتے کیونکہ انہوں نے ان ہی شواہد پر فتویٰ دیا جو شواہد ان کے سامنے رکھے گئے اور ان ناکافی شواہد پر فتویٰ دینے کے لئے انہیں مجبور کیا گیا۔

آج کے اِس پُر فتن دور میں اس فتویٰ کی بنیاد پر عام اور لا علم مسلمانوں کو گمراہ کیا جا رہا ہے اور ان بزرگ ہستیوں سے بد ظن کر کے ان پر لعن طعن کیا جا رہا ہے اور ان پر ایسے ایسے الزامات لگائے جا رہے ہیں جن کے وہ کبھی بھی حقدار نہ تھے۔ میری اس تحریر کا حقیقی مقصد ایسے ہی لوگوں کا رد کرنا ہے جو عام اور لا علم مسلمانوں کو گمراہ کر رہے ہیں اور ساتھ ہی عام مسلمانوں کو یہ پیغام بھی پہنچانا ہے کہ اس مسئلہ میں خاموشی اختیار کی جائے اور ان بزرگ ہستیوں کو عزت و احترام کی نگاہ سے دیکھا جائے اور ان کے تمام معاملات کو اللہ تبارک و تعالیٰ کے سپرد کر دیا جائے کیونکہ وہ دلوں کے بھید بہتر جاننے والا ہے۔

مقدمہ

اہل اَللہ متبولین کی آزمائش مختلف طریقوں سے ہر دور میں ہوتی رہی ہیں، انبیاء علیہم السلام کی آزمائش و امتحان تو انتہائی اعلیٰ درجہ و معیار پر ہوئیں ہیں۔ جیسا کہ ہمارے پیارے نبی رسول اللہ ﷺ اور دوسرے انبیاء علیہم السلام کی آزمائشوں کی گواہی قرآن و حدیث کے مطالعہ سے واضح ہو کر سامنے آچکی ہے۔ امت مسلمہ میں ہر دور میں ایسے بیشتر افراد موجود رہے ہیں جن کو آزمائش کی ان منزلوں سے گزرنا پڑا ہے جہاں بڑے بڑوں کی پتہ پانی ہو جاتا ہے۔ دورِ صحابہ و تابعین رضوان اللہ علیہم اجمعین کے واقعاتِ عشق الٰہی سے قطع نظر بعد کے ادوار پر سر سری نظر ڈالی جائے تو بھی امتحانات و آزمائشوں کی فہرست بہت طویل ہو جاتی ہے۔ اسی طویل فہرست میں حسین بن منصور حلاّجؒ "انا الحق" کا اسم گرامی بھی سنہرے حروف سے لکھا گیا ہے۔

حسین بن منصور حلاّجؒ کی آزمائش کی ایک نمایاں خصوصیت یہ بھی ہے کہ چوتھی صدی ہجری کے آغاز سے چودھویں صدی کے نصف تک امت مسلمہ کے بڑے بڑے ائمہ اور اکابرین میں ان کی عظمت و شان سے قطع نظر ان کی دیانت و امانت کے بارے میں عجیب قسم کے شکوک و شبہات موجود رہے ہیں۔ اس لئے کہ تاریخی روایات میں روایتی تساہل نے اپنی رنگ آمیزی خوب خوب طریقے سے کی ہے۔ تاہم چیدہ چیدہ علماء دین اور عارفین نے روایاتِ تاریخ کو تحقیق کی سان پر پرکھ کر حسین ابن منصورؒ کو عارف باللہ اور فنافی اللہ کے بلند مقام پر فائز پایا ہے۔

حکیم الامت حضرت تھانویؒ نے انہی تحقیقات پر روشنی ڈالی تو حسین بن منصورؒ کی آزمائش کو امت مسلمہ کے عظیم محسن امام احمد بن حنبلؒ کی آزمائش کی مماثل بتایا ہے۔ اس حقیقت کی وضاحت کی غرض سے حکیم الامتؒ نے حسین بن منصورؒ کے بارے میں جس قدر مواد و تاریخی روایات اور تحقیقی اشارات کی صورت میں جو کچھ صحیح سند سے میسر آسکا سب کو جمع کیا اور اپنے خادمِ خاص حضرت مولانا ظفر احمد عثمانیؒ کو اس جمع شدہ مواد کی روشنی میں شیخ فنافی اللہ حسین بن منصور حلاّجؒ کی ایسی مکمل سوانح حیات مرتب کرنے کا حکم فرمایا جس میں حسین بن منصور حلاّجؒ کی جلالت و شان اور عرفان و عشقِ الٰہی کے مقام بلند کی وضاحت کے ساتھ ساتھ الزامات و اعتراضات اور شکوک و شبہات کا بھی پردہ چاک ہو جائے۔ سوانح حسین بن منصورؒ کی تکمیل ہونے کے بعد حکیم الامتؒ نے خود ہی اس سوانح کا نام "القول المنصور فی ابن منصور" تجویز فرمایا۔ اس تحریر کا تاریخی مواد اور روایات و اشارات کتاب "القول المنصور فی ابن منصور-سیرت

منصور حلّاج‘‘ سے لیا گیا ہے اور قارئین کے اطمینان کے لئے اُن اصل کتابوں کے حوالہ جات اور اسکین صفحات بھی پیش کیئے گئے ہیں جن کتابوں سے حکیم الامتؒ نے استفادہ کیا ہے۔

اولیاء اللہ کی باتوں کو سمجھنا ہر کسی کے بس کا کام نہیں

حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ فرماتے ہیں: ’’کسی غیر مقبول کے ساتھ حسنِ ظن رکھنا مضر نہیں، اور مقبول سے بالاوجہ بدگمانی کرنا مضر ہے اسکی ایسی مثال ہے کہ کسی رذیل (یعنی بے حیا، بے شرم، بے غیرت، کم ذات) کے ساتھ شریفوں جیسا معاملہ کرنا بُرا نہیں لیکن کسی شریف کے ساتھ رذیلوں جیسا برتاؤ بہت ہی بُرا ہے‘‘۔(القول المنصور فی ابن منصور-سیرت منصور حلّاج: ص ۱۷)

الإمام أبي المواهب عبد الوهاب بن أحمد بن علي الأنصاری الشافعي المشهور بالشعرانیؒ فرماتے ہیں کہ:

’’وكان الشيخ محيي الدين رضي الله عنه يقول: كثيراً مايهب على قلوب العارفين نفحات إلهية، فإن نطقوا ا جهلهم كمل العارفين وردها عليهم أصحاب الأدلة من أهل الظاهر، وغاب عن هؤلاء أن الله تعالى كماعطى أولياءه الكرامات التي هي فرع المعجزات، فلا بد أن ينطق ألسنتهم بالعبارات التي تعجز العلماء عن فهمها۔

قلت: ومن شك في هذا القول: فلينظر في كتاب المشاهد للشيخ محيي الدين؛ أو كتاب الشعائر لسيدي محمد، أو في كتاب خلع النعلين لابن قسي، أوكتاب عنقاء مغرب لابن العربي، فإن أكبر العلماء لا يكاد يفهم منه معنى مقصوداً لقائله أصلاً، بل خاص بمن دخل مع ذلك المتكلم حضرة القدس، فإنهلسان قدسي لا يعرفه إلا الملائكة، أو من تجرد عن هيكل البشرية، أو أصحاب الكشف الصحيح‘‘۔ ’’شیخ محی الدینؒ(ابن عربی) کا ارشاد ہے کہ بسا اوقات قلوب عارفین پر تجلیاتِ الٰہیہ کی ہوائیں چلتی ہیں۔ اگر وہ ان کو زبان سے بیان کردیں تو بعض دفعہ عارفین کاملین بھی انکو نہیں سمجھتے اور اہل ظاہر تو ردہی کردیتے ہیں۔ مگر ان لوگوں کے ذہن سے یہ بات اس وقت غائب ہوجاتی ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے اپنے اولیاء کو کرامات عطا فرمائی ہیں جو معجزات کی فرع ہیں تو اس میں کیا تعجب ہے کہ اللہ تعالیٰ انکی زبانوں کو ایسی عبارات بھی عطا فرمائیں جن کے سمجھنے سے علماء عاجز ہوجائیں، انتہیٰ جس کو اس قول میں شک ہو وہ شیخ ابن عربی کی کتاب المشاھد یا سیدی محمدی کی کتاب الشعائر یا ابن قسی کی کتاب خلع النعلین یا شیخ ابن عربی کی کتاب عنقاء مغرب مطالعہ کرے، کہ بڑے بڑے علماء ان کا مطلب نہیں سمجھ سکتے، ان کا مطلب وہی سمجھ سکتا ہے جو اس متکلم کے ساتھ بارگاہِ قدس میں داخل ہوا ہو کیونکہ یہ قدسی زبان ہے جسکو ملائکہ ہی سمجھ سکتے ہیں یا وہ جو بشریت کی قید سے خلاصی پاچکے، یا وہ جن کو کشفِ صحیح عطا ہوا ہے‘‘۔(الطبقات الکبریٰ اللشعرانی: ج ۱، ص ۲۹-۲۸)

يستدعي معرفة جميع طرق أهل اللسان من سائر قبائل العرب في حقائقها ومجازاتها واستعاراتها، ومعرفة دقائق التوحيد وغوامضه إلى غير ذلك مما هو متعذر جدا على أكابر علماء عصرنا فضلاً عن غيرهم.

وإذا كان الإنسان يعجز عن تحرير معتقده في عبارة، فكيف يحرر اعتقاد غيره من عبارته فما بقي الحكم بالتكفير إلا لمن صرح بالكفر واختاره دينا، وجحد الشهادتين وخرج عن دين الإسلام جملة وهذا نادر وقوعه، فالأدب الوقوف عن تكفير أهل الأهواء والبدع والتسليم للقوم في كل شيء قالوه مما يخالف صريح النصوص. اهـ. كلام السبكي.

قلت: وقد أخبرني شيخنا الشيخ أمين الدين إمام جامع الغمري بمصر المحروسة أن شخصا وقع في عبارة موهمة للتكفير فأفتى علماء مصر بتكفيره.

فلما أرادوا قتله قال السلطان جقمق هل بقي أحد من العلماء لم يحضر؟

فقالوا نعم الشيخ جلال الدين المحلي شارح المنهاج.

فأرسل وراءه فحضر فوجد الرجل في الحديد بين يدي السلطان.

فقال الشيخ ما لهذا؟ فقالوا كفر.

فقال ما مستند من أفتى بتكفيره فبادر الشيخ صالح البلقيني وقال قد أفتى والدي شيخ الإسلام الشيخ سراج الدين في مثل ذلك بالتكفير.

فقال الشيخ جلال الدين رضي الله عنه: يا ولدي أتريد أن تقتل رجلاً مسلما موحدا يحب الله ورسوله بفتوى أبيك خلوا عنه الحديد فجردوه وأخذه الشيخ جلال الدين بيده وخرج والسلطان ينظر فما تجرأ أحد يتبعه رضي الله عنه.

وكان الشيخ محيي الدين رضي الله عنه يقول كثيرا: ما يهب على قلوب العارفين نفحات إلهية، فإن نطقوا بها جهلهم كمل العارفين، وردها عليهم أصحاب الأدلة من أهل الظاهر وغاب عن هؤلاء أن الله تعالى كما أعطى أولياءه الكرامات التي هي فرع المعجزات فلا بدع أن ينطق ألسنتهم بالعبارات التي يعجز العلماء عن فهمها. اهـ.

قلت: ومن شك في هذا القول فلينظر في كتاب المشاهد للشيخ محيي الدين، أو كتاب الشعائر لسيدي محمد، أو في كتاب خلع النعلين لابن قسي، أو كتاب عنقاء

- ٢٩ -

مغرب لابن العربي فإن أكبر العلماء لا يكاد يفهم منه معنى مقصودا لقائله أصلا بل خاص بمن دخل مع ذلك التكلم حضرة القدس فإنه لسان قدسي لا يعرفه إلا الملائكة أو من تجرد عن هيكل البشرية أو أصحاب الكشف الصحيح.

وكان الشيخ عز الدين بن عبد السلام رضي الله عنه يقول بعد اجتماعه على الشيخ أبي الحسن الشاذلي، وتسليمه للقوم: من أعظم الدليل على أن طائفة الصوفية قعدوا على أعظم أساس الدين ما يقع على أيديهم من الكرامات والخوارق ولا يقع شيء من ذلك قط لفقيه إلا أن سلك مسلكهم كما هو مشاهد.

وكان الشيخ عز الدين رضي الله عنه قبل ذلك ينكر على القوم ويقول هل لنا طريق غير الكتاب والسنة؟ فلما ذاق مذاقهم وقطع السلسلة الحديد بكراسة الورق صار يمدحهم كل المدح. ولما اجتمع الأولياء والعلماء في وقعة الإفرنج بالمنصورة، قريبا من ثغر دمياط جلس والشيخ عز الدين مكين الدين الأسمر. والشيخ تقي الدين بن دقيق العيد وأضرابهم وقرأت عليهم رسالة القشيري وصار كل واحد يتكلم إذ جاء الشيخ أبو الحسن الشاذلي رضي الله عنه فقالوا له نريد أن تسمعنا شيئا من معاني هذا الكلام.

فقال أنتم مشايخ الإسلام وكبراء الزمان وقد تكلمتم فما بقي لكلام مثلي موضع فقالوا له لا بل تكلم، فحمد الله وأثنى عليه وشرع يتكلم فصاح الشيخ عز الدين من داخل الخيمة وخرج ينادي بأعلى صوته هلموا إلى هذا الكلام القريب العهد من الله تعالى فاسمعوه.

قال اليافعي رضي الله عنه في كتابه (روض الرياحين): والعجب كل العجب ممن ينكر كرامات الأولياء، وقد جاءت في الآيات الكريمات والأحاديث الصحيحات والآثار المشهورات والحكايات المستفيضات حتى بلغت في الكثرة مبلغا يخرج عن الحصر

ثم قال رضي الله عنه: والناس في إنكار الكرامات على أقسام: منهم من ينكرها مطلقا وهم أهل مذهب معروفون وعن التقوى مصروفون قال بعضهم هم المجسمة. ومنهم من يصدق بكرامات من مضى ويكذب بكرامات أهل زمانه فهؤلاء كما قال سيدي أبو الحسن الشاذلي رضي الله عنه كبني إسرائيل صدقوا بموسى حين لم يروه وكذبوا بمحمد ﷺ حين رأوه، مع أن محمدا ﷺ أعظم من موسى وإنما ذلك حسدا منهم وعدوانا وشقاء منهم.

"ہمارے زمانے میں حضرت مولانا قاسم صاحب نانوتویؒ کی کتاب آب حیات کا مطالعہ کرنے کے باوجود اردو زبان میں ہونیکے بڑے بڑے علماء اسکے سمجھنے سے قاصر ہیں نیز حضرت مولانا محمد اسماعیل صاحب دہلویؒ شہید کی کتاب عتقات اور حضرت شاہ ولی اللہ دہلویؒ کی کتاب تفہیماتِ الٰہیہ کا مطالعہ کیا جائے کہ اکثر اہل علم انکے بہت سے مقامات نہیں سمجھ سکتے"۔ (القول المنصور فی ابن منصور- سیرت منصور حلّاج: ص ۱۷)

اہل علم کے مندرجہ بالا اقوال سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ اولیاء اللہ کی زبان سے نکلے ہوئے کلمات کو سمجھنا ہر انسان کے بس کا کام نہیں ہے۔ اور اسی ناسمجھی کے سبب اولیاء اللہ و جماعت صوفیہ پر لعن وطعن ہر دور میں ہوئی ہے۔ ذوالنون مصریؒ اور ابویزید بسطامیؒ کے وقت سے آج تک ہر زمانے میں یہ لعن طعن برابر ہوتی رہی ہے، بلکہ سیدی ابراہیم دسوقیؒ نے نقل کیا ہے کہ بعض لوگوں نے تو صحابہ کرامؓ کی ایک جماعت پر طعن کیا ہے۔ کسی کو ریاء کار کہا، کسی کو منافق۔ چنانچہ حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نماز بہت خشوع سے پڑھتے تھے، تو بعض لوگ ان کو معاذ اللہ ریاء کار کہتے تھے۔ یعنی ہر دور میں ایسے کم فہم لوگ رہے ہیں جنہوں نے اہل اللہ کی مخالفت کی ہے، جس کی دلیل قرآن مجید کی یہ آیت ہے: "وَجَعَلْنَا بَعْضَكُمْ لِبَعْضٍ فِتْنَةً أَتَصْبِرُونَ وَكَانَ رَبُّكَ بَصِيرًا"۔ "اور ہم نے تمہیں ایک دوسرے کے لیے آزمائش بنایا، کیا تم ثابت قدم رہتے ہو، اور تیرا رب سب کچھ دیکھنے والا ہے"۔ [سورۃ الفرقان: ۲۰]

الإمام أبي المواهب عبد الوهاب بن أحمد بن علي الأنصاري الشافعي الشعرانیؒ نے اپنی کتاب الطبقات الکبریٰ للشعرانی میں ان واقعات کو تفصیل سے نقل کرتے ہوئے لکھا ہے کہ:

۱۔ سہل بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ کو ان کے وطن سے نکالا گیا۔ انکی طرف بہت سی بُری بُری باتیں منسوب کی گئیں۔ کافر تک کہا گیا۔ چنانچہ وہ اپنے وطن سے بصرہ آئے اور مرتے دم تک وہیں رہے، حالانکہ علم و معرفت و مجاہدات میں بڑے درجہ پر تھے۔

۲۔ شیخ ابو الحسن حصری رضی اللہ عنہ پر بھی کفر کا حکم لگایا گیا۔ ان کے کچھ الفاظ ایک محضر میں لکھ کر قاضی القضاۃ کے سامنے پیش کیئے گئے۔ قاضی نے ان کو بلایا اور ان سے گفتگو کی، نتیجہ یہ ہوا کہ ان کو جامع مسجد میں بیٹھنے (اور حلقہ قائم کرنے) سے روک دیا گیا۔

۳۔ امام غزالیؒ کی بھی تکفیر کی گئی اور انکی کتاب احیاء کو جلایا گیا، امام غزالیؒ پر انکار کرنے اور کتاب کے جلانے کا فتویٰ دینے والوں میں قاضی عیاض اور ابن رشدؒ بھی تھے۔

۴۔ ابویزید بسطامیؒ کو سات مرتبہ ان کے شہر سے جلاء وطن کیا گیا۔

۵۔ اسی طرح علماء اخمیم نے ذوالنون مصریؒ کے خلاف شور و شغب کیا اور کشتی میں سوار ہو کر سلطان مصر کی طرف چلے، تاکہ ذوالنونؒ کے کفر پر شہادت دیں، اُن کو اسکا علم ہوا، تو فرمایا اے اللہ اگر یہ لوگ جھوٹے ہوں، تو انہیں غرق کر دیجیئے، چنانچہ کشتی لوٹ گئی اور لوگوں کی نظروں کے سامنے سب غرق ہوگئے۔ ذوالنون مصریؒ کی شکایت بعض حکام تک پہنچائی گئی، تو ان کو بغداد تک اس صورت سے لایا گیا کہ گلے میں طوق تھا اور پیروں میں بیڑیاں، جب خلیفہ نے ان سے گفتگو کی تو ان کے کلام کی صولت و شوکت سے متاثر ہو کر بے ساختہ کہنے لگا۔ اگر یہ زندیق ہے تو روئے زمین پر کوئی مسلمان نہیں۔

۶۔ سمنون محب کو بھی بڑی مصیبت کا سامنا ہوا تھا۔ خلیفہ نے ان کی اور ان کے اصحاب کی گردن مارنے کا حکم دیا تھا، جسکی وجہ سے یہ حضرات برسوں روپوش رہے۔

۷۔ علماء نے شیخ ابو سعید فرازؒ کی بعض الفاظ کی بناء پر جو ان کے مکتوبات میں پائے گئے تھے تکفیر کی۔

۸۔ حضرت جنید بغدادیؒ نے علم توحید پر تقریر کی تو لوگوں نے ان کے خلاف شہادت دی پھر انھوں نے فقہ میں (مشغولی اختیار کرکے) اپنے کو چھپایا، حالانکہ ان کا درجۂ علم وجلالت مقام معلوم ہے۔

۹۔ شیخ ابن ابی جمرہؒ نے جب یہ فرمایا کہ مجھے بیداری میں رسول اللہ ﷺ سے شرفِ اجتماع حاصل ہوتا ہے۔لوگوں نے ان کے خلاف ایک مجلس منعقد کی جسکے بعد وہ اپنے گھر سے باہر نہیں نکلتے تھے۔ صرف جمعہ کے لئے گھر سے باہر آتے تھے اور مرتے دم تک یہی حال رہا۔

۱۰۔ مقام رے کے زہاد وصوفیہ نے شیخ یوسف بن الحسین پر انکار کیا اور ان کو عظائم امور سے متہم کیا، مگر انھوں نے کسی کی پرواہ نہ کی کیونکہ وہ اپنی حالت میں متمکن تھے۔

۱۱۔ امام سبکیؒ کے متعلق بارہا کفر کی شہادت قائم کی گئی۔ باوجودیکہ ان کا علم و عمل بہت کامل تھا۔ بڑے مجاہدہ کرنے والے اور کامل متبع سنت تھے۔

۱۲۔ اسی طرح بہت سے علماء صوفیہ کو ابتلاء پیش آیا ہے۔ آئمہ اربعہ امام ابو حنیفہؒ، امام مالکؒ، امام شافعیؒ، امام احمد بن حنبلؒ وغیرہم کے ابتلاءات مشہور اور کتب مناقب میں مسطور ہیں۔ (الطبقات الکبریٰ اللشعرانی: ج۱، ص۳۵-۳۰؛ اردو ترجمہ: ص۷۵-۷۰)

- ٢٠ -

ومنهم من يصدق بأن لله تعالى أولياء من أهل زمانه ولكن لا يصدق بأحد معين فهذا محروم من الإمدادات، لأن من لم يسلم لأحد معين لا ينتفع بأحد أبدا نسأل الله العافية قال فإن قيل إن هذه الكرامات تشبه السحر فإن سماع الإنسان الهواتف في الهواء وسماع النداء في بطنه، وطي الأرض له، وقلب الأعيان، ونحو ذلك غير معهود في الحس أنه صحيح إنما يظهر ذلك من أهل السيمياء والنار نجات فالجواب ما أجاب به المشايخ العارفون والعلماء المحققون في الفرق بين الكرامة والسحر، أن السحر يظهر على أيدي الفساق والزنادقة والكفار الذين هم على غير شريعة.

وأما الأولياء ﷺ فإنما وصلوا إلى ذلك بكثرة اجتهادهم واتباعهم للسنة حتى بلغوا فيها الدرجة العليا فافترقا، قال رضي الله تعالى عنه: ثم إن كثيرا من المنكرين لو رأوا أحدا من الأولياء والصالحين يطير في الهواء لقالوا هذا سحر واستخدامات للجن والشياطين ولا شك أن من حرم التوفيق كذب بالحق عيانا وحسا فكيف حال هذا في تصديقه بالغيبات التي أمر الله تعالى بالإيمان بها فربما زلت به القدم فخسر الدارين لأنه إذا أنكر المحسوسات فبالحقيق إنكاره للغيبات.

وقد كان الإمام الشافعي ﷺ يقول الإنكار فرع من النفاق.

قلت: وذلك لأن المنافقين لو لم ينكروا على محمد ﷺ لآمنوا به ظاهرا وباطنا ثم قال اليافعي ﷺ فواعجبا كيف ينسب السحر وفعل الشياطين إلى الأولياء المقربين والأبرار الصالحين المتطهرين من الصفات المذمومة المتحلين بالصفات المحمودة المعرضين عن كل شيء يشغلهم عن ربهم ﷻ.

فإياك يا أخي بعد إطلاعك على ما بينته لك في هذه المقدمة من علو شأن الله ﷻ من أهل عصرك وغيرهم أن يقوم بك داء الحسد ولا تذعن للانقياد لهم وتسمع من بعض المنكرين عليهم ما يقولونه في حقهم فيفوتك منهم خير كثير كما فاتك الخير في عدم علمك بكلامهم الذي هو كله نصح لك حين وزنته بميزان عقلك الجائر، فإن الكلام لم يزل في هذه الطائفة من عصر ذي النون المصري وأبي يزيد البسطامي إلى وقتنا هذا.

بل نقل سيدي إبراهيم الدسوقي ﷺ أنهم تكلموا في جماعة من الصحابة ونسبوهم إلى الرياء والنفاق، منهم الزبير ﷺ كان كثير الخشوع في الصلاة وكان



بعضهم يقول إنما هو مراء فبينما الزبير رضي الله عنه ساجد إذ صبوا على وجهه ورأسه ماء حارًا فكشط وجهه وهو لا يشعر فلما فرغ من صلاته وصحا قال ما هذا فأخبروه فقال رضي الله عنه غفر الله تعالى لهم ما فعلوا ومكث زمانا يتألم من وجهه.

قلت: ودليل هذا كله قوله تعالى: ﴿ وَجَعَلْنَا بَعْضَكُمْ لِبَعْضٍ فِتْنَةً أَتَصْبِرُونَ ۗ وَكَانَ رَبُّكَ بَصِيرًا ﴾ (1) وكل ولي له من تلك الفتنة الحظ الوافر وذلك لأن الابتلاء لما كان شرفًا جمع الله تعالى لخواص هذه الأمة من البلايا والمحن جميع ما كان متفرقًا في الأمم السالفة لعلو درجتهم عنده.

ونقل الثقات عن أبي يزيد البسطامي رضي الله عنه أنهم نفوه من بلده سبع مرات فإنه لما رجع إلى بسطام من سفرته وتكلم بعلوم لا عهد لأهل بلده بها من مقامات الأنبياء والأولياء، أنكر ذلك الحسين بن عيسى البسطامي إمام ناحيته والمدرس بها في علم الظاهر، وأمر أهل بلده أن يخرجوا أبا يزيد من بسطام فأخرجوه ولم يعد إليها إلا بعد موت حسين المذكور.

ثم بعد ذلك ألفه الناس وعظموه وتبركوا به ثم لم يزل يقوم له قائم بعد قائم وهو ينفي ثم استقر أمره على تعظيم الناس له والتبرك به إلى وقتنا هذا وكذلك وقع لذي النون المصري رضي الله عنه أنهم وشوا به إلى بعض الحكام وحملوه من مصر إلى بغداد مغلولاً مقيدا فكلم الخليفة فأعجبه فقال إن كان هذا زنديقا فما على وجه الأرض مسلم كما سيأتي في ترجمته.

وكذلك وقع لسمنون المحب رضي الله عنه محنة عظيمة وادعت عليه امرأة كانت تهواه وهو يأبى أنه يأتيها في الحرام هو وجماعة من الصوفية وامتلأت المدينة بذلك ثم إن الخليفة أمر بضرب عنق سمنون وأصحابه فمنهم من هرب ومنهم من توارى سنين حتى كف الله عنهم ذلك.

وكذلك وقع أنهم رموا أبا سعيد الخراز وأفتى العلماء بتكفيره بألفاظ وجدوها في كتبه منها لو قلت من أين وإلى أين لم يكن جوابي غير الله مع ألفاظ أخر. وتعصب مرة فقهاء أخميم على ذي النون المصري رضي الله عنه ونزلوا في زورق ليمضوا إلى السلطان بمصر ليشهدوا عليه بالكفر فأعلموه بذلك فقال اللهم إن كانوا كاذبين فأغرقهم



فانقلب الزورق والناس ينظرون فغرقوا حتى رئيس المركب فقيل له ما بال الرئيس؟ فقال قد حمل الفساق.

وأخرجوا سهل بن عبد الله رضي الله عنه من بلده إلى البصرة ونسبوه إلى قبائح وكفروه ولم يزل بالبصرة إلى أن مات بها هذا مع علمه ومعرفته واجتهاده وذلك أنه كان يقول التوبة فرض على العبد في كل نفس فتعصب عليه الفقهاء في ذلك لا غير. وقتل حسين الحلاج بدعوة عمرو بن عثمان المكي وذلك أنه كان عنده جزء فيه علوم الخاصة من القوم فأخذه الحسين فقال عمرو من أخذ هذا الكتاب قطعت يداه ورجلاه فكان كذلك وإنما كان بتكفيره تسترا على دعوة عمرو كما سيأتي عن ابن خلكان.

وشهدوا على الجنيد رضي الله عنه حين كان يقرر في علم التوحيد ثم إنه تستر بالفقه واختفى مع علمه وجلالته وأخرجوا محمد بن الفضيل البلخي رضي الله عنه بسبب المذهب كما سيأتي في ترجمته وذلك أن مذهب أصحاب الحديث فقالوا له لا يجوز لك أن تسكن في بلدنا فقال لا أخرج حتى تجعلوا في عنقي حبلاً وتمروا بي على أسواق المدينة وتقولوا هذا مبتدع نريد أن نخرجه، ففعلوا به كذلك وأخرجوه.

فالتفت إليهم وقال نزع الله تعالى من قلوبكم معرفته فلم يخرج بعد دعائه قط من بلخ صوفي مع كونها كانت أكثر بلاد الله تعالى صوفية، وعقدوا للشيخ عبد الله بن أبي جمرة رضي الله عنه مجلسا في الرد عليه حين قال أنا اجتمع بالنبي ﷺ يقظة فلزم بيته فلم يخرج إلا للجمعة حتى مات، وأخرجوا الحكيم الترمذي رضي الله عنه إلى بلخ حين صنف كتاب علل الشريعة وكتاب ختم الأولياء وأنكروا عليه بسبب هذين الكتابين وقالوا فضلت الأولياء على الأنبياء وأغلظوا عليه فجمع كتبه كلها وألقاها في البحر فابتلعتها سمكة سنين ثم لفظتها، وانتفع الناس بها وأنكر زهاد الراز وصوفيتها على يوسف بن الحسين وتكلموا فيه ورموه بالعظائم إلى أن مات لكنه لم يبال بهم لتمكنه رضي الله عنه.

وأخرجوا أبا الحسن البوشنجي وأنكروا عليه وطردوه إلى نيسابور فلم يزل بها إلى أن مات، وأخرجوا أبا عثمان المغربي من مكة مع مجاهداته وتمام علمه وحاله وطاف به العلوية على جمل في أسواق مكة بعد ضربه على رأسه ومنكبيه فأقام ببغداد ولم يزل بها إلى أن مات. وشهدوا على السبكي بالكفر مرارًا مع تمام علمه وكثرة



مجاهداته واتباعه للسنة إلى حين وفاته حتى إن من كان يحبه شهد عليه بالجنون طريقًا لخلاصه فأدخلوه البيمارستان.

وقال فيه أبو الحسن الخوارزمي أحد مشايخ بغداد إن لم يكن لله جهنم فإنه يخلق جهنمًا بسبب السبكي أي يخلقها الله للذين آذوه وأنكروا عليه وكفروه بالباطل هذا معنى قول أبي الحسن بدليل قوله عقب ذلك وإن لم يدخل السبكي الجنة فمن يدخلها.

وقال أهل المغرب على الإمام أبي بكر النابلسي مع فضله وعلمه وزهده واستقامة طريقه وتصدره للأمر بالمعروف والنهي عن المنكر فأخرجوه من المغرب مقيدًا إلى مصر وشهدوا عليه عند السلطان ولم يرجع عن قوله فأخذ وسلخ وهو حي وقيل إنه سلخ وهو منكوس وهو يقرأ القرآن فكاد أن يفتتن به الناس فرفعوا الأمر إلى السلطان فقال اقتلوه ثم اسلخوه. وأخرجوا الشيخ أبا مدين المغربي ﷺ من بجاية كما سيأتي في ترجمته وأخرجوا أبا القاسم النصراباذي ﷺ من البصرة وأنكروا عليه كلامه وأحواله فلم يزل بالحرم إلى أن مات مع صلاحه وزهده وورعه وإتباعه للسنة.

وأخرجوا أبا عبد الله الشجري صاحب أبي حفص الحداد قام عليه أبو عثمان الحيري وهجره وأمر الناس بهجره حين رفع الناس قدره على أبي عثمان وأقبلوا عليه وشهدوا على أبي الحسن الحصري ﷺ بالكفر وحكوا عنه ألفاظًا كتبت في درج وحمل إلى أبي الحسن قاضي القضاة فاستحضره القاضي وناظره في ذلك ومنعه من القعود في الجامع حتى مات وتكلموا في ابن سمنون وغيره بالكلام الفاحش حتى مات ثم لم يحضروا له جنازة مع علمه وجلالته وتكلموا في الإمام أبي القاسم بن جميل العطائم إلى أن مات ولم يتزلزل عما هو عليه من الاشتغال بالعلم والحديث وصيام الدهر وقيام الليل وزهده في الدنيا حتى لبس الحصير ﷺ.

وكان أبو بكر التلمساني يقول كان أبو دانيال يحط على الجنيد وعلى رويم وسمنون وابن عطاء ومشايخ العراق وكان إذا سمع أحدًا يذكرهم بخير تغيظ وتغير.

ما الحلاج فإنه كان من القوم وهو الصحيح فلا يخفى محنته وإن كان من غير الف فلا كلام لنا فيه وقد اختلف الناس فيه اختلافًا كثيرًا قال ابن خلكان في ن وإنما سمي بالحلاج لأنه جلس على دكان حلاج وبها مخزن قطن غير محلوج

فذهب صاحب الدكان في حاجته فرجع فوجد القطن كله محلوجا فسمي حلاجا وكان ﷺ يأتي بفاكهة الصيف في الشتاء وعكسه ويمد يده في الهواء فيردها مملوءة دراهم يسميها دراهم القدرة.

قال ابن خلكان: وأما سبب قتله لم يكن عن أمر موجب للقتل إنما عمل عليه الوزير حين أحضروه إلى مجلس الحكم مرات ولم يظهر منه ما يخالف الشريعة فقال لجماعة هل له مصنفات؟ فقالوا نعم فذكروا أنهم وجدوا له كتابًا فيه أن الإنسان إذا عجز عن الحج فليعمد إلى غرفة من بيته فيطهرها ويطيبها ويطوف بها ويكون كمن حج البيت والله أعلم إن كان هذا القول عنه صحيحًا فطلبه القاضي فقال هذا الكتاب تصنيفك؟، فقال نعم، فقال له أخذته عمن؟ فقال عن الحسن البصري ولا يعلم الحلاج ما دسوه عليه، فقال له القاضي كذبت يا مراق الدم ليس في كتب الحسن البصري شيء من ذلك.

فلما قال القاضي: يا مراق الدم مسك الوزير هذه الكلمة على القاضي قال: هذا فرع عن حكمك بكفره. وقال للقاضي: أكتب خطك بالتكفير فامتنع القاضي فألزمه الوزير بذلك فكتب فقامت العامة على الوزير فخاف الوزير على نفسه فكلم الخليفة بذلك فأمر بالحلاج وضرب ألف سوط فلم يتأوه وقطعت يداه ورجلاه وصلب ثم أحرق بالنار ووقع الاختلاف فيه بين الناس أهو الذي صلب أم رفع كما وقع في عيسى عليه الصلاة والسلام.

وأفتوا بتكفير الإمام الغزالي ﷺ وأحرقوا كتابه الإحياء ثم نصره الله تعالى عليهم وكتبوه بماء الذهب، وكان من جملة من أنكر على الغزالي وأفتى بتحريق كتابه القاضي عياض وابن رشد. فلما بلغ الغزالي ذلك دعا على القاضي فمات فجأة في الحمام يوم الدعاء عليه. وقيل إن المهدي هو الذي أمر بقتله بعد أن ادعى عليه أهل بلده بأنه يهودي لأنه كان لا يخرج يوم السبت لكونه كان يصنف في كتاب الشفاء يوم السبت فقتله المهدي لأجل دعوة الغزالي.

وأخرجوا أبا الحسن الشاذلي ﷺ من بلاد المغرب بجماعته ثم كاتبوا نائب الإسكندرية بأنه سيقدم عليكم مغربي زنديق وقد أخرجناه من بلادنا فالحذر من الاجتماع عليه، فجاء الشيخ إلى الإسكندرية فوجد أهلها كلهم يسبونه ثم وشوا به إلى





السلطان ولم يزل في الأذى حتى حج بالناس في سنين كان الحج فيها قد قطع من كثرة القطاع في طريقه فاعتقده الناس.

ورموا الشيخ أحمد بن الرفاعي بالزندقة والإلحاد وتحليل المحرمات كما سيأتي في ترجمته. وقتلوا الإمام أبا القسم بن قسي وابن برجان والخولي والرجاني، مع كونهم أئمة يقتدى بهم وقام الحساد عليهم فشهدوا عليهم بالكفر، فلم يقتلوا فعملوا عليهم الحيلة، وقالوا للسلطان إن البلاد قد خطبت لابن برجان في نحو مائة بلدة وثلاثين فأرسل له من قتله وقتل جماعته.

وأما الشيخ محيي الدين بن العربي، وسيدي عمر بن الفارض رضي الله عنهما فلم يزل المنكرون ينكرون عليهما إلى وقتنا هذا. وعقدوا للشيخ عز الدين بن عبد السلام مجلسا في كلمة قالها في العقائد وحرضوا السلطان عليه، ثم حصل له اللطف.

وحسدوا شيخ الإسلام تقي الدين ابن بنت الأعز وزوروا عليه كلاما للسلطان فرسم بشنقه ثم تداركه اللطف وذلك أن الملك الظاهر بيبرس قد كان انقاد له انقيادا كليا حتى كان لا يفعل شيئا إلا بمشاورته فمشى الحساد بينهما بالكلام حتى زينوا للسلطان في مسألة يقول فيها الحنفية إنها صواب وما عليه الشافعية خطأ فعارضه الشيخ تقي الدين فانتصر بعض الحساد للسلطان ونصروه على الشيخ وكان لا يحكم في مصر في ذلك الزمان إلا بقول الشافعي ﷺ فولى السلطان بيبرس القضاة الأربعة من تلك الوقعة فلم يزالوا إلى عصرنا هذا.

وانكروا على الشيخ عبد الحق بن سبعين وأخرجوه من بلاد المغرب وارسلوا نجابا بدرج مكتوب أمامه يحذرون أهل مصر منه وكتبوا فيه أنه يقول أنا هو وهو أنا. ومحن الأئمة كأبي حنيفة ومالك والشافعي وأحمد وأضرابهم مشهورة في كتب المناقب.

فانظر يا أخي ما جرى لهؤلاء الأئمة من المتقدمين والمتأخرين وخذ لنفسك أسوة فيما تقع فيه من المحن والله أعلم. ولنشرع الآن في مقصود الكتاب فنقول وبالله التوفيق.



کرامت اور جادو کے فرق میں دیا ہے اور وہ یہ کہ جادو تو فاسقوں بے دینوں اور کافروں کے ہاتھوں ظاہر ہوتا ہے جو کہ شریعت سے محروم ہیں۔ رہے اولیاء اللہ رضی اللہ عنہم تو وہ اس مقام تک اپنے مجاہدوں کی کثرت اور سنت سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع کی وجہ سے پہنچے یہاں تک کہ وہ بہت اونچے مقام پر فائز ہوئے پس دونوں میں بہت فرق ہے۔

امام یافعی رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ پھر بہت سے منکرین اگر اولیاء اللہ میں سے کسی کو ہوا میں پرواز کرتا ہوا بھی دیکھ لیں تو کہیں گے کہ یہ جادو ہے اور جنوں اور شیطانوں سے کام لیا گیا ہے اور اس میں کوئی شک نہیں کہ جو توفیق الٰہی سے محروم ہو وہ آنکھوں کے سامنے موجود ہونے کے باوجود حق کی تکذیب کرتا ہے۔ تو اس کا ان غیبوں کی تصدیق کے بارے میں کیا حال ہوگا جن پر ایمان لانے کا اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے تو اکثر اس کے قدم پھسلتے ہیں اور وہ دونوں جہانوں میں خائب و خاسر رہتا ہے کیونکہ جب اس نے محسوسات کا انکار کر دیا تو غائب حقائق کا انکار بطریق اولیٰ کرے گا۔

انکار منافقت کی شاخ ہے

امام شافعی رضی اللہ عنہ فرماتے تھے کہ انکار کرنا منافقت کی شاخ ہے اس کی وضاحت میں میں کہتا ہوں کہ یہ اس لئے کہ منافقین اگر حضور محمد عربی صلی اللہ علیہ وسلم پر اعتراض و انکار نہ کرتے تو آپ پر ظاہراً باطناً ایمان لے آتے۔

پھر امام یافعی نے فرمایا کس قدر حیرت اور تعجب کی بات ہے کہ جادو اور شیاطین کے کاموں کو مقربین بارگاہ اولیاء اللہ بری صفات سے پاک صاف نیکو کاروں عند اللہ پسندیدہ صفات سے مزین لوگوں اور اللہ تعالیٰ سے غافل کرنے والی ہر شے سے منہ موڑنے والے اہل اللہ کی طرف کس دیدہ دلیری سے منسوب کیا جاتا ہے۔ تو اے میرے بھائی! اس مقدمے میں میں نے تیرے سامنے تیرے ہم عصر اور دوسرے اہل اللہ کی بلند و بالا شان کا ذکر کیا ہے اس سے آگاہی حاصل کرنے کے بعد اپنے آپ کو حسد سے بچا۔ ان کے حضور سر تسلیم خم کر اور ان اہل اللہ پر اعتراض کرنے والوں کی گفتگو ہرگز نہ سننا ورنہ تو ان کی طرف سے حاصل ہونے والی خیر کثیر سے محروم رہے گا جیسا کہ تجھے ان کی کلام کا علم حاصل نہ ہونے کی وجہ سے خیر سے محرومی رہی جب کہ ان کی تمام گفتگو جب تو اپنی نفع بخش عقل کی ترازو پر تولے گا سب کی سب تیری خیر خواہی پر مبنی ہے۔ کیونکہ حضرت ذی النون مصری اور حضرت ابو یزید بسطامی کے زمانے سے لے کر ہمارے زمانے تک ان اکابر کے بارے میں لوگ باتیں کرتے رہے ہیں۔ بلکہ سیدی ابراہیم الدسوقی رضی اللہ عنہ نے نقل فرمایا کہ لوگوں نے تو صحابہ کرام علیہم الرضوان کے بارے میں بھی باتیں کی ہیں اور انہیں (معاذ اللہ) ریاء کاری اور نفاق کی طرف منسوب کیا ہے مثلاً حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نماز میں انتہائی خشوع فرماتے اور بعض لوگ کہتے کہ یہ تو ریاکار ہے۔ چنانچہ ایک دفعہ آپ سجدے میں تھے کہ لوگوں نے آپ کے چہرے اور سر پر انتہائی گرم پانی ڈال دیا۔ آپ کے چہرے کی کھال اتر گئی لیکن آپ کو معلوم تک نہ ہوا جب نماز سے فارغ ہوئے اور توجہ کی تو فرمایا یہ کیا ہے؟ پس آپ کو بتایا گیا تو آپ نے ان لوگوں کے متعلق فرمایا کہ اللہ تعالیٰ ان کا یہ جرم معاف فرمائے اور آپ کافی عرصہ چہرے کے درد میں مبتلا رہے۔

اہل اللہ کی ابتلاء کی دلیل اور اس کے واقعات

میں کہتا ہوں کہ اس سب کی دلیل اللہ تعالیٰ کا وہ ارشاد ہے "وجعلنا بعضكم لبعض فتنة اتصبرون وكان ربك

اولیاء و صوفیائے کرام کے احوال و ملفوظات کی روشنی میں سلوک و تصوف پر مفصل تذکرہ

برکاتِ روحانی

اردو ترجمہ

طبقاتِ امام شعرانی قدس سرہ النورانی

تصنیفِ لطیف:

قطب ربانی، ہیکل صمدانی، عارف باللہ تعالیٰ

سیدی عبد الوہاب الشعرانی قدس سرہ النورانی

مترجم:

رئیس المتکلمین عالم باعمل پیر طریقت حضرت علامہ مولانا الحاج

صاحبزادہ پیر سید محمد محفوظ الحق شاہ صاحب چشتی صابری قادری

تحریک: صاحبزادہ سید محمد محمود الحق شاہ صاحب

نوریہ رضویہ پبلی کیشنز

١١۔ گنج بخش روڈ ۔ لاہور

بصیرا'' اور ہم نے تمہیں ایک دوسرے کے لئے آزمائش بنا دیا۔ کیا تم صبر کرو گے؟ اور آپ کا رب سب کچھ دیکھ رہا ہے اور جو ولی کو اس آزمائش کے کافی مراحل سے گذرنا پڑتا ہے اور یہ اس لئے کہ چونکہ آزمائش ایک شرف ہے تو اللہ تعالیٰ نے اس امت کے خواص کے لئے وہ مصائب' تکالیف جو کہ پچھلی امتوں میں متفرق تھیں سب جمع فرما دیں کیونکہ عند اللہ ان کے درجات بہت بلند ہیں۔ اور ذمہ دار حضرات نے حضرت ابو یزید بسطامی رضی اللہ عنہ سے نقل فرمایا کہ لوگوں نے آپ کو آپ کے شہر سے سات مرتبہ نکالا۔ کیونکہ اپنے سفر سے جب آپ بسطام کو لوٹے تو انبیاء علیہم السلام اور اولیاء اللہ کے مقامات کے متعلق ان علوم کی روشنی میں گفتگو فرماتے جن کا ان لوگوں کو ادنیٰ تعارف بھی نہ تھا تو اس علاقے کے امام اور علم ظاہر کے مدرس حسین بن عیسیٰ البسطامی نے ان کا انکار کیا اور اس نے اپنے شہر والوں کو حکم دیا کہ بایزید کو بسطام سے نکال دو انہوں نے آپ کو باہر نکال دیا اور پھر آپ حسین بن عیسیٰ مذکور کے مرنے کے بعد ہی واپس لوٹے۔ بعد ازاں لوگ آپ سے مانوس ہوئے اور آپ کی تعظیم کرنے لگے اور آپ کی برکات سے مستفید ہونے لگے۔ پھر آپ کو حادثے پر حادثے پیش آتے رہے اور آپ کو شہر بدر کیا جاتا رہا آخر الامر معاملہ آپ کی تعظیم اور آپ سے برکات حاصل کرنے پر رکا اور آج تک جاری ہے۔

اسی طرح ذوالنون مصری رضی اللہ عنہ کے ساتھ سلوک کیا گیا۔ لوگوں نے بعض حکام کے پاس آپ کی چغلیاں کیں اور آپ کو طوق اور بیڑیاں ڈال کر مصر سے بغداد لایا گیا۔ خلیفہ وقت سے گفتگو ہوئی وہ بہت متاثر ہوا اور اس نے کہا کہ اگر یہ شخص زندیق ہے تو پھر روئے زمین پر کوئی مسلمان ہے ہی نہیں جیسا کہ آپ کے تعارف میں آئے گا۔

اسی طرح سمنون المحب رضی اللہ عنہ کو ایک سخت تکلیف کا سامنا کرنا پڑا۔ آپ پر ایک عورت نے دعویٰ کر دیا جو کہ آپ سے برائی چاہتی تھی لیکن آپ ہمیشہ پاک دامن رہے کہ (معاذ اللہ) آپ اور صوفیاء کی ایک جماعت اس کے ساتھ حرام کا ارتکاب کرتے ہیں۔ شہر میں اس کی شہرت عام ہو گئی۔ پھر خلیفہ از وقت نے حضرت سمنون اور آپ کے ساتھیوں کی گردنیں اڑانے کا حکم دے دیا۔ کوئی تو بھاگ گیا کوئی کئی سال چھپا رہا یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے یہ شہران سے دور کیا۔

اسی طرح حضرت ابو سعید الخراز کو تہمت لگائی گئی اور علماء نے ان پر ان کی کتابوں میں مذکور الفاظ کی وجہ سے کفر کا فتویٰ دے دیا مثلاً ''اگر تو کہے کہ کہاں سے اور کدھر تو میرا جواب اللہ کے سوا کچھ نہیں ہو گا چند ایک اور الفاظ بھی تھے۔

اور ایک دفعہ اخمیم کے فقہاء نے تعصب کی وجہ سے ذوالنون مصری رضی اللہ عنہ کے متعلق ایک سکیم بنائی اور ایک کشتی میں بیٹھ کر سلطان مصر کی طرف چلے تاکہ اس کے پاس ان کے کفر کی گواہی دیں۔ آپ کو اس کی خبر دی گئی تو آپ نے دعا مانگی اے میرے اللہ اگر وہ جھوٹے ہیں تو انہیں دگرگوں کر دے۔ لوگوں کے دیکھتے دیکھتے کشتی الٹ گئی اور وہ کشتی کے ناخدا سمیت سب غرق ہو گئے آپ سے عرض کی گئی کہ ناخدا کا کیا جرم؟ فرمایا اس نے فاسقوں کو کشتی میں سوار کیا۔

اور سہل بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ کو ان کے شہر سے بصرہ کی طرف نکال دیا گیا اور کئی قباحتیں منسوب کی گئیں اور تکفیر کی گئی اور آپ ہمیشہ بصرہ میں ہی رہے یہاں تک کہ وہیں آپ کا وصال ہوا۔ اور یہ سب کچھ ان کے علم معرفت اور مجاہدے کے باوجود پیش آیا اور یہ اس وجہ سے کہ آپ فرماتے تھے کہ بندے پر ہر سانس کے ساتھ توبہ فرض ہے اور اسی بات پر فقہاء آپ سے تعصب کرنے لگے۔

حسین حلاج کی سزا کی مخفی وجہ

اور حسین حلاج کو عمرو بن عثمان المکی کی دعا کی وجہ سے قتل کیا گیا۔ اس کی وجہ یہ ہوئی کہ آپ کے پاس ایک رسالہ تھا جس میں صوفیاء کے خاص علوم تھے۔ وہ رسالہ حسین حلاج کے ہاتھ لگ گیا۔ تو عمرو بن عثمان نے بددعا کی کہ جس نے یہ کتاب لی ہے اس کے ہاتھ اور پاؤں کٹ جائیں۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا اور ان کی تکفیر کا واقعہ تو عمرو بن عثمان کی بددعا کو چھپانے کے لئے تھا جیسا کہ ابن خلکان کے حوالے سے آگے آئے گا۔

اور جنید بغدادی رضی اللہ عنہ پر اسی قسم کی گواہی دی گئی جب کہ آپ علم توحید میں تقریر فرماتے تھے پھر آپ نے علم فقہ کا پردہ کھڑا کر لیا اور اپنے علم اور جلالت شان کے باوجود مخفی رہے۔

محمد بن فضیل بلخی رضی اللہ عنہ کو ان کے مسلک کی وجہ سے نکال دیا گیا۔ جیسا کہ ان کے تعارف میں آئے گا اور وہ یہ کہ آپ کا مذہب محدثین کا مذہب تھا تو انہیں کہا گیا کہ آپ کا ہمارے شہر میں رہنا جائز نہیں۔ آپ نے فرمایا میں نہیں نکلوں گا یہاں تک کہ تم میری گردن میں رسی ڈالو اور مجھے شہر کے بازاروں میں گھماؤ اور یہ کہتے جاؤ کہ یہ بدعتی ہے ہم اسے نکالنا چاہتے ہیں تو لوگوں نے ان کے ساتھ ایسا ہی برتاؤ کیا اور انہیں نکال دیا پس آپ نے ان کی طرف منہ کر کے فرمایا اللہ تعالیٰ تمہارے دلوں سے اپنی معرفت نکال دے۔ ان کی دعا کے بعد بلخ سے کوئی صوفی ظاہر نہیں ہوا۔ باوجودیکہ سب شہروں سے زیادہ صوفیاء یہیں ہوتے تھے۔

شیخ عبد اللہ بن ابو جمرہ رضی اللہ عنہ کی تردید کے لئے ایک محفل منعقد کی گئی جب کہ آپ نے فرمایا کہ مجھے بیداری میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کا شرف حاصل ہوتا ہے پس آپ اپنے گھر میں گوشہ نشین ہو گئے اور سوائے جمعہ کے باہر نہیں آتے تھے حتیٰ کہ آپ کا وصال ہو گیا۔

حکیم الترمذی رضی اللہ عنہ کو اس وقت بلخ کی طرف نکال دیا گیا جب آپ نے دو کتابیں علل الشریعۃ اور ختم الاولیاء لکھیں اور انہیں دو کتابوں کی وجہ سے آپ پر انکار کیا گیا اور آپ سے کہا گیا کہ تو نے اولیاء کو انبیاء پر فضیلت دے دی اور آپ پر سختی کی گئی آپ نے اپنی سب کتابیں جمع کر کے دریا میں ڈال دیں تو ایک مچھلی نے کئی سال تک انہیں نگلے رکھا۔ پھر انہیں باہر ڈال دیا اور لوگوں نے ان سے نفع حاصل کیا۔

اور راز کے زاہدوں اور صوفیوں نے یوسف بن حسین پر انکار کیا اور ان کے خلاف باتیں کرنے لگے اور انہیں بڑی زبردست خرابیوں کی تہمت لگائی یہاں تک آپ کا وصال ہو گیا لیکن آپ نے ان کی کوئی پرواہ نہ کی کیونکہ آپ کا موقف مضبوط تھا۔

ابو الحسن البوشنجی کو نکال دیا گیا آپ کا انکار کیا گیا اور انہیں نیشاپور کی طرف نکال دیا گیا۔ اپنے وصال تک آپ وہیں رہے۔ شیخ ابو عثمان مغربی کو آپ کے مجاہدات اور کمال علم و روحانیت کے باوجود مکہ معظمہ سے نکال دیا گیا اور علویوں نے آپ کو سر اور کندھوں پر ضربیں لگانے کے بعد اونٹ پر بٹھا کر مکہ شریف کے بازاروں میں گھمایا۔ آپ بغداد میں اقامت گزیں ہوئے اور وہیں آپ کا وصال ہوا۔

اور امام سبکی پر ان کے کمال علم' کثرت مجاہدات اور اتباع سنت کے باوجود آپ کی وفات تک کئی بار کفر کی گواہی دی گئی یہاں


اولیاءِ صوفیائے کرام کے احوال و ملفوظات کی روشنی میں سلوک و تصوف پر مفصل تذکرہ
برکاتِ روحانی
اردو ترجمہ
طبقاتِ امام شعرانی
قدس سرہ النورانی
تصنیف لطیف :
قطب ربانی ہیکل صمدانی عارف باللہ تعالیٰ
سیدی عبد الوہاب الشعرانی قدس سرہ النورانی
مترجم :
رئیس المتکلمین عالم باعمل پیر طریقت حضرت علامہ مولانا الحاج
صاحبزادہ پیر سید محمد محفوظ الحق شاہ صاحب چشتی صابری قادری
(تحریک : صاحبزادہ سید محمد محمود الحق شاہ صاحب)
نوریہ رضویہ پبلی کیشنز
۱۱۔ گنج بخش روڈ - لاہور

تک کہ جو شخص آپ سے محبت کرتا تھا اس نے آپ کی خلاصی کی راہ نکالنے کو آپ کے جنون کی گواہی دی پس آپ کو ہسپتال میں داخل کر دیا گیا اور آپ کے متعلق ابوالحسن الخوارزمی نے کہا جو کہ بغداد کے مشائخ میں سے ہیں کہ اگر اللہ تعالیٰ کا جہنم نہیں ہے تو وہ سکی کی وجہ سے ایک جہنم پیدا کرے گا یعنی ان لوگوں کے لئے جنہوں نے آپ کو ستایا انکار کیا اور غلط طور پر ان کی تکفیر کی اور ابوالحسن کے قول کے اس معنی کی دلیل یہ ہے کہ آپ نے اس کے بعد فرمایا کہ اگر سکی جنت میں داخل نہیں ہوگا تو پھر اس میں کون داخل ہو گا۔

اور اہل مغرب نے امام ابوبکر النابلسی کی فضیلت، علم، زہد، استقامت مسلک اور امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کی مسند صدارت پر فائز ہونے کے باوجود آپ کے خلاف بے سروپا باتیں کیں آپ کو مغرب سے قید کر کے مصر بھیجا گیا اور بادشاہ کے ہاں آپ کے خلاف گواہیاں دیں آپ نے اپنی بات سے رجوع نہ فرمایا۔ پس آپ کو پکڑا گیا اور آپ کی کھال کھینچی گئی حالانکہ آپ زندہ تھے یہ بھی کہا گیا ہے کہ آپ کی کھال کھینچی گئی جب کہ آپ الٹے پڑے تھے اور قرآن کریم کی تلاوت فرما رہے تھے قریب تھا کہ لوگ آپ کی وجہ سے فتنہ میں پڑ جائیں پس معاملہ بادشاہ کے سامنے پیش کیا گیا تو اس نے کہا پہلے قتل کرو پھر کھال کھینچو۔ شیخ ابومدین مغربی کو بجایہ سے نکالا گیا جیسا کہ ان کے تعارف میں آئے گا۔

ابوالقاسم نصر آبادی رضی اللہ عنہ کو آپ کی عظیم صلاحیتوں، زہد، پرہیزگاری اور اتباع سنت کے باوجود بصرہ سے نکالا گیا۔ آپ کی کلام اور احوال کا انکار کیا گیا۔ آپ ہمیشہ حرم میں رہے وہیں آپ کا وصال ہوا۔ ابوعبداللہ الشجری صاحب ابی حفص الحداد کو نکالا گیا ان کے خلاف پروگرام ابوعثمان الحیری نے مرتب کیا اور ان کا بائیکاٹ کیا اور لوگوں کو ان سے قطع تعلق کرنے کا حکم دیا اور ایسا اس وقت کیا جب لوگ ابوعثمان سے زیادہ ان کی قدر کرنے لگے اور ان کی طرف زیادہ مائل ہوئے۔

اور ابوالحسن الحصری رضی اللہ عنہ پر لوگوں نے کسی کتاب میں درج الفاظ کی ان کی طرف سے حکایت کر کے ان کے خلاف کفر کی گواہی دی اور قاضی القضاۃ ابوالحسن کے پاس استغاثہ دائر کیا گیا۔ قاضی نے آپ کو حاضر ہونے کا حکم دیا اور اس بارے میں آپ سے مناظرہ کیا اور آپ کو جامع مسجد میں بیٹھنے سے روک دیا حتیٰ کہ آپ کا وصال ہو گیا۔

ابن سمنون کے متعلق انتہائی بری باتیں کی گئیں حتیٰ کہ آپ فوت ہو گئے لیکن آپ کے علم اور جلالت کے باوجود جنازہ میں کسی نے شمولیت نہ کی۔

امام ابوالقاسم بن جمیل کے بارے میں انتہائی غیر شائستہ باتیں کی گئیں یہاں تک کہ آپ کا وصال ہو گیا اور اپنی مصروفیت علم، حدیث، صیام وہجر، قیام لیل اور دنیا سے بے رغبتی پر ہمیشہ قائم رہے یہاں تک کہ آپ نے بوریا پہنا۔

ابوبکر التکسانی فرماتے تھے کہ ابودانیال، حضرت جنید کی اور رویم، سمنون، ابن عطاء اور مشائخ عراق کی بدگوئی کرتا اور جب کسی کو ان بزرگوں کا اچھے لفظوں میں ذکر کرتے ہوئے سنتا تو پھٹ پڑتا اور بگڑ جاتا۔

حلاج کون ہیں اور وجہ تسمیہ

رہا حلاج کا معاملہ تو وہ اسی قوم صوفیاء میں سے تھے اور یہی صحیح ہے۔ تو ان کی مصیبت ڈھکی چھپی نہیں اور اگر اس قوم سے نہ



ہوتے تو ہمیں گفتگو کی ضرورت ہی نہیں تھی اور لوگوں نے ان کے بارے بہت اختلاف کیا ہے ابن خلکان نے اپنی تاریخ میں فرمایا کہ انہیں حلاج اس لئے کہا جاتا ہے کہ آپ کپاس بیلنے والے کی دکان پر بیٹھے تھے اور وہاں بیلے بغیر کپاس کا سٹاک تھا دکاندار کسی کام کے لئے چلا گیا جب واپس آیا تو دیکھا کہ تمام کپاس بیلی ہوئی ہے اسی وجہ سے آپ کا نام حلاج پڑ گیا آپ موسم گرما کے پھل موسم سرما میں اور اس کے برعکس پیش کیا کرتے اپنا ہاتھ ہوا میں پھیلاتے اور واپس لاتے تو دراہم سے بھرا ہوتا آپ انہیں دراہم قدرت کا نام دیتے۔

حلاج کے قتل کا سبب اور واقعہ

آپ کا قتل کسی ایسے امر کی وجہ سے نہ تھا جو کہ قتل کا موجب ہو صرف وزیر نے آپ کے خلاف سازش کی جب آپ کو کمرہ عدالت میں کئی بار لایا گیا اور آپ سے خلاف شرع کچھ بھی ثابت نہ ہوا تو اس نے کہا کہ کیا اس کی تصنیفات ہیں کہا گیا کہ ہیں پس انہوں نے ذکر کیا کہ انہوں نے اس کی ایک کتاب دیکھی ہے جس میں یہ لکھا ہے کہ انسان جب حج کرنے سے عاجز ہو جائے تو چاہیے کہ اپنے گھر کا ایک بالا خانہ پاک صاف کر کے اس کا طواف کرے گویا اس نے حج کر لیا اللہ تعالیٰ بہتر جانتا ہے کہ اس کا یہ قول صحیح ہے یا کیا۔ پس قاضی نے آپ کو طلب کیا اور کہا کہ یہ کتاب آپ کی تصنیف ہے؟ فرمایا ہاں اس نے کہا کہ آپ نے اسے کس سے لیا ہے فرمایا حسن بصری سے اور حلاج کو یہ معلوم نہیں کہ ان کی کتاب میں جعل سازی کی گئی ہے تو قاضی نے کہا کہ اے خون گرائے جانے کے لائق انسان! تو نے جھوٹ کہا حسن بصری کی کتابوں میں ایسی کوئی بات نہیں ہے جب قاضی نے آپ کو مراق الدم یعنی خون گرائے جانے کے لائق کہہ کر خطاب کیا تو وزیر نے قاضی پر اس کلمہ سے دلیل قائم کی کہا کہ یہ کلمہ اس بات کا نتیجہ ہے کہ آپ نے اس پر کفر کا فیصلہ کیا ہے اور قاضی سے کہا کہ اپنی قلم سے تکفیر کا حکم لکھ دیں لیکن قاضی نے ایسا لکھنے سے انکار کیا۔ لیکن وزیر نے دباؤ ڈالا تو اسے لکھ دیا۔ پس عوام اس وزیر کے خلاف اٹھ کھڑے ہوئے وزیر کو اپنی جان کا خطرہ پڑ گیا۔ اس نے اس مسئلہ میں خلیفہ سے بات کی تو اس نے حلاج کو سزا دینے کا حکم دیا اور ہزار کوڑا مارا گیا آپ نے ہائے تک نہ کی آپ کے دونوں ہاتھ اور دونوں پاؤں کاٹ دیئے گئے پھانسی پر لٹکایا گیا پھر آگ میں جلا دیا گیا اور لوگوں میں آپ کے بارے میں اختلاف پڑ گیا کہ کیا یہ وہی ہے جسے پھانسی دی گئی یا اسے اٹھا لیا گیا جس طرح کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق واقعہ رونما ہوا۔

اور امام غزالی رضی اللہ عنہ کی تکفیر کا فتویٰ دیا گیا اور آپ کی کتاب الاحیاء کو جلا دیا گیا پھر اللہ تعالیٰ نے ان کے خلاف آپ کی مدد فرمائی اور کتاب "الاحیاء" کو سونے کے پانی سے لکھا گیا اور امام غزالی پر انکار اور اعتراض کرنے والوں اور آپ کی کتاب کو جلانے کا فتویٰ دینے والوں میں سے قاضی عیاض اور ابن رشید ہیں تو جب غزالی تک یہ بات پہنچی تو انہوں نے قاضی عیاض کے لئے بددعا فرمائی اور جس دن بددعا کی اسی دن قاضی عیاض حمام کے اندر اچانک فوت ہو گئے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ خلیفہ مہدی نے آپ کے قتل کا حکم صادر کیا کیونکہ آپ کے شہر والوں نے دعویٰ کیا کہ یہ یہودی ہے کیونکہ آپ ہفتہ کے دن باہر نہیں نکلتے تھے کیونکہ آپ کتاب الشفاء کی تصنیف ہفتے کے دن کرتے تھے تو امام غزالی کی دعا کی وجہ سے قاضی عیاض کو مہدی نے قتل کرا دیا۔ اور ابوالحسن الشاذلی رضی اللہ عنہ کو آپ کے رفقاء سمیت بلاد مغرب سے نکال دیا گیا۔ پھر انہوں نے اسکندریہ کے نائب کو لکھا کہ تمہارے پاس





طبقات امام شعرانی ﴿۷۵﴾ برکات روحانی (اردو ترجمہ)

ایک مغربی زندیق آ رہا ہے جبکہ ہم نے اسے اپنے علاقے سے نکال دیا ہے پس اس کی ملاقات سے بچنا۔ جب شیخ اسکندریہ پہنچے تو وہاں کے تمام لوگوں کو آپ نے برا بھلا کہتے پایا۔ پھر انہوں نے بادشاہ کے ہاں آپ کی شکایت کر دی۔ اور آپ انتہائی تکلیف میں رہے یہاں تک کہ آپ نے لوگوں کو ان سالوں میں حج کرایا جن میں ڈاکوؤں کی وجہ سے سلسلہ منقطع ہو چکا تھا۔ یوں لوگ آپ کے معتقد ہوئے۔ شیخ احمد رفاعی رضی اللہ عنہ پر زندیق اور بے دین ہونے کی تہمت لگائی گئی۔ اور یہ کہ آپ حرام چیزوں کو حلال قرار دیتے ہیں۔" جیسا کہ ان کے تعارف میں آئے گا۔ اور امام ابوالقاسم بن قسی۔ ابن برجان - حوالی اور مرجانی کو قتل کیا گیا حالانکہ یہ حضرات امام تھے اور ان کی اقتداء کی جاتی تھی۔ ان کے خلاف حاسدوں نے کفر کی گواہی دی۔ انہیں قتل نہ کیا گیا۔ حاسدوں نے ایک حیلہ کیا اور بادشاہ سے کہا کہ ابن برجان کے لئے ایک سو تیس شہروں میں خطبہ پڑھا جاتا ہے۔ تو اس نے آدمی بھیج کر آپ کو اور آپ کے ساتھیوں کو قتل کرا دیا۔

رہے شیخ محی الدین ابن العربی اور سیدی عمرو بن الفارض رضی اللہ عنہما تو آج تک انکار کرنے والے ان پر انکار اور اعتراض کر رہے ہیں اور شیخ عزالدین بن عبدالسلام کے متعلق ایک بات کی بابت محفل منعقد کی گئی جو آپ نے عقائد میں کہی اور آپ کے خلاف بادشاہ کو ابھارا گیا پھر آپ پر نرمی کی گئی۔

من غير أهلها ووارديها

تأليف
الإمام الحافظ أبي بكر أحمد بن علي بن ثابت
الخطيب البغدادي
٣٩٢ - ٤٦٣ هـ

المجلد الثامن
تليد - الحسين
٣٥٣٥ - ٤٢٠٢

حققه، وضبط نصه، وعلق عليه
الدكتور بشار عواد معروف

یہ ہے حسین بن منصورؒ کا عقیدۂ توحید جسکا ہر لفظ کتاب و سنت اور مذہب سلف صالحین کی پُر شوکت تفسیر ہے۔ جس میں صاف تصریح ہے کہ مخلوق کو اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی قسم کا اختلاط و امتزاج نہیں ہو سکتا، نہ حلولاً نہ اتحاداً۔ ”حسین بن منصورؒ اللہ تعالیٰ سے اپنی محبت کا اظہار یوں فرماتے ہیں کہ: محبوب سے تمہاری محبت یہ ہے کہ اس کے سامنے اپنے تمام اوصاف بالائے طاق رکھ دو“۔ (الرسالۃ القشیریۃ الامام ابو القاسم القشیری: ص ۵۲۳)

مولانا جلال الدین رومیؒ فرماتے ہیں کہ:

چون "انا الحق" گفت شیخ و پیش بُرد	پس گلوی جملہ کوران را افشرد
جب شیخ نے انا الحق کہا اور آگے بڑھ گئے	تو تمام اندھوں کے گلے کو دبا دیا
بود انا الحق در لب منصور نور	بود انا اللہ در لب فرعون زور
”انا الحق“ منصور کے لب پر نور تھا	”میں خدا ہوں“ فرعون کے لب پر جھوٹ تھا
آن انا منصور، را رحمت بُدہ	ایں انا فرعون، را لعنت بُدہ
وہ انا منصور کے لئے (باعث) رحمت تھا	یہ انا فرعون کے لئے (موجب) لعنت تھا
گفت فرعونے "انا الحق"، گشت پست	گفت منصورے "انا الحق" و برَست
کسی فرعون نے انا الحق کہا وہ پست ہوا	کسی منصور نے انا الحق کہا وہ بالا ہے
آن انا را لعنہ اللہ، در عقب	ویں انا را رحمہ اللہ، اے محب
اس انا کے لئے اللہ تعالیٰ کی لعنت درپے ہے	اور یہ انا اے دوست! اللہ کی رحمت ہے

لیک اندر چشمِ کنعاں موئے رُت — نوحؑ و کشتی را بہشت و کوہ جست

کوہ و کنعاں را فرو بُرد آں زماں — نیم موجے تا بقعرِ امتہاں

مہ فشاند نور و سگ وع وع کند — سگ ز نورِ ماہ کے مرتع کند

شبروان و ہمرہانِ مہ بتگ — ترکِ فتن کے کنند از بانگِ سگ

جزو سوئے کل رواں مانندِ تیر — کے کند وقف از پئے ہر گندہ پیر

جانِ شرع و جانِ تقویٰ عارفست — معرفت محصولِ زہدِ سالفست

زہد اندر کاشتن کوشیدن ست — معرفت آں کشت را رُوئیدن ست

پس چو تن باشد جہاد و اعتقاد — جانِ ایں کشتن نبات ست و حصاد

امر معروف اُو و ہم معروف اوست — کاشفِ اسرار و ہم مکشوف اوست

شاہِ امروزینہ و فردائے ماست — پوست بندہ مغزِ نغزش دا ماست

چوں انا الحق گفت شیخ و پیش بُرد — پس گلوئے جملہ کوراں را فشرد

جب شیخ نے انا الحق کہا اور آگے بڑھ گئے — تو تمام اندھوں کے گلے کو دبا دیا

چوں انائے بندہ لاشد از وجود — پس چہ ماند تو بیندیش اے جحود



ہر عبارت خود نشانِ حالتیست — حال چوں دست و عبارت آلتیست

ہر عبارت ایک حالت کی علامت ہے — حال بمنزلہ ہاتھ کے اور عبارت بمنزلہ آلہ کے ہے

آلتِ زرگر بدستِ کفش گر — ہمچو دانہ کشت کردہ ریگ در

والتِ اسکاف پیشِ برزگر — پیشِ سگ کہ استخواں در پیشِ خر

بود انا الحق در لبِ منصور نور — بود انا اللہ در لبِ فرعون زور

انا الحق منصور کے لب پر نور تھا — "میں خدا ہوں" فرعون کے لب پر جھوٹ تھا

شد عصا اندر کفِ موسیٰؑ گوا — شد عصا اندر کفِ ساحر ہبا

زیں سبب عیسیٰؑ بداں ہمراہِ خود — در نیاموزید آں اسمِ احد

کو نداند نقص بر آلت نہد — سنگ بر گِل زن تو آتش کے جہد

دست و آلت ہمچو سنگ و آہن ست — جفت باید جفت شرطِ زادن ست

آنکہ بے جفت ست و بے آلت یکیست — در عدد شک ست و آں یک بے شکیست

آنکہ دو گفت و سہ گفت و بیش ازیں — متفق باشند در واحد یقیں

احولی چوں دفع شد یکساں شوند — آں دو سہ گویاں یکے گویاں شوند

گر یکے گوئی تو در میدانِ او — گرد بر میگرد از چوگانِ او



زانکہ گر او ہیچ بیند خویش را — مہلک و ناسور بیند ریش را

درد خیزد زیں چنیں دیدن درون — درد او را از حجاب آرد بروں

تانگیرد مادراں را دردِ زہ — طفل در زادن نیابد ہیچ رہ

ایں امانت در دل و جاں حاملہ است — وایں نصیحتہا مثالِ قابلہ است

قابلہ گوید کہ زن را درد نیست — درد باید درد کودک را رہ است

آنکہ او بیدرد باشد رہزن است — زانکہ بیدردی انا الحق گفتن است

آں انا بیوقت گفتن لعنت است — ویں انا در وقت گفتن رحمت است

آں انا منصور را رحمت بُدہ — ایں انا فرعون را لعنت بُدہ

لاجرم ہر مرغِ بے ہنگام را — سر بُریدن واجب است اعلام را

سر بُریدن چیست کشتن نفس را — در جہاد و ترک گفتن لمس را

آنچناں کز نیش کژدم برکنی — تاکہ یابد او ز کشتن ایمنی

گفت فرعونے انا الحق گشت پست — گفت منصورے انا الحق و برَست

آں انا را لعنۃ اللہ در عقب — ویں انا را رحمۃ اللہ اے محب

زانکہ او سنگِ سیہ بُد ایں عقیق — آں عدوئے نور بُود و ایں عشیق

ایں انا ہو بُود در سِر اے فضول — ز اتحادِ نور نز راہِ حلول

جہد کن تا سنگیت کمتر شود — تا بلعلی سنگ تو انور شود

صبر کن اندر جہاد و در عنا — دمبدم می بیں بقا اندر فنا

وصفِ سنگی ہر زماں کم میشود — وصفِ لعلی در تو محکم میشود

وصفِ ہستی میرود از پیکرت — وصفِ مستی میفزاید در سرت

سمع شو یکبارگی تو گوشوار — تا ز حلقہ لعل یابی گوشوار

ہمچو چہ کن خاک می کن گر کسی — زیں تنِ خاکی کہ در آبے رسی

گر رسد جذبِ خدا آبِ معیں — چاہ ناکندہ بجوشد از زمیں

کار می کن تو بکارِ آں مباش — اندک اندک خاک چہ را میتراش





پس اگر ایسے شخص کی زبان سے اگر کسی وقت "أنا الحق" نکل گیا ہو تو اس کا یہ مطلب ہر گز نہیں ہو سکتا کہ وہ اپنے آپ کو خدا کہتا تھا۔ کیونکہ انسان کا حادث ہونا ظاہر اور یقینی ہے۔ اور ابن منصورؒ کے عقیدہ میں وہ خود اس بات کا اعتراف کر رہے ہیں کہ حادث محتاج قدیم سے متحد نہیں ہو سکتا۔ لہٰذا چند ضعیف روایات کی بنیاد پر ان پر لگائے گئے اس الزام کو صحیح تسلیم کر لیا جائے تو بھی اس قول کی تاویل ضروری ہے۔ ابن منصورؒ کے عقیدۂ توحید کو مد نظر رکھتے ہوئے ان کے اس قول کی صحیح تاویل یہ ہو سکتی ہے کہ اس وقت ابن منصورؒ کی زبان کلام حق کی ترجمان تھی۔ ان کی زبان سے اسی طرح "أنا الحق" نکلا تھا جیسا کہ شجرۂ موسیٰ سے "إِنِّي أَ نا الله ربُّ العالمين" کی آواز آئی تھی۔ ظاہر ہے کہ درخت نے اپنے کو اللہ رب العالمین نہیں کہا تھا، بلکہ اس وقت وہ کلام الٰہی کا ترجمان تھا۔ اسی طرح ابنِ منصور کے متعلق بھی خیال کیا جا سکتا ہے اور غلبہ حالات و واردات میں بار ہا ایسا ہوتا ہے کہ عارف کی زبان سے اللہ تعالیٰ تکلم فرماتے ہیں، جس کو سالکین اصحابِ حال سمجھ سکتے ہیں۔ پس یہ تو مسلم ہو سکتا ہے کہ ابنِ منصور کی زبان سے "أنا الحق" نکلا ہو، مگر یہ مسلم نہیں کہ ابن منصور نے خود "أنا الحق" کہا تھا۔

صحیح مسلم کی درج ذیل حدیث سے بھی اس بات کی واضح دلیل ملتی ہے کہ عشق الٰہی و غلبہ محبت سے سرشار ہو کر کسی مسلمان کی زبان سے غیر دانستہ طور پر کبھی ایسے کلمات نکل جاتے ہیں لیکن اسکا یہ مطلب ہر گز نہیں کہ وہ مسلمان اپنے آپ کو خدا سمجھنے اور کہنے لگا ہو۔ ممکن ہے حسین بن منصورؒ کے ساتھ بھی کچھ ایسا ہی معاملہ پیش آیا ہو لہٰذا ان کے اس کلام کی تاویل نہایت ضروری ہے جو کہ ہم نے قرآن وحدیث کی روشنی میں بیان کی۔

"حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ، وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، قَالاَ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ يُونُسَ، حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ، حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، - وَهُوَ عَمُّهُ - قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "لَلَّهُ أَشَدُّ فَرَحًا بِتَوْبَةِ عَبْدِهِ حِينَ يَتُوبُ إِلَيْهِ مِنْ أَحَدِكُمْ كَانَ عَلَى رَاحِلَتِهِ بِأَرْضِ فَلاَةٍ فَانْفَلَتَتْ مِنْهُ وَعَلَيْهَا طَعَامُهُ وَشَرَابُهُ فَأَيِسَ مِنْهَا فَأَتَى شَجَرَةً فَاضْطَجَعَ فِي ظِلِّهَا قَدْ أَيِسَ مِنْ رَاحِلَتِهِ فَبَيْنَا هُوَ كَذَلِكَ إِذَا هُوَ بِهَا قَائِمَةً عِنْدَهُ فَأَخَذَ بِخِطَامِهَا ثُمَّ قَالَ مِنْ شِدَّةِ الْفَرَحِ اللَّهُمَّ أَنْتَ عَبْدِي وَأَنَا رَبُّكَ. أَخْطَأَ مِنْ شِدَّةِ الْفَرَحِ"". "حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ اپنے بندہ کی توبہ سے (جبکہ وہ اس کی بارگاہ میں توبہ کرتا ہے) اُس سے بھی زیادہ خوش ہوتے ہیں جتنی خوشی تم میں سے کسی مسافر کو اپنے اُس (سواری کے) اونٹ کے مل جانے سے ہوتی ہے جس پر وہ چٹیل بیابان میں سفر کر رہا ہو، اُسی پر اس کے کھانے پینے کا سامان بندھا ہو اور (اتفاق سے) وہ اونٹ اس کے ہاتھ سے چھوٹ کر بھاگ جائے اور وہ (اس کو ڈھونڈتے ڈھونڈتے) مایوس ہو جائے اور اسی مایوسی کے عالم میں (تھکا ہارا بھوکا پیاسا) کسی درخت کے سایہ کے نیچے لیٹ جائے اور اسی حالت میں (اس کی آنکھ لگ جائے اور جب آنکھ کھلے تو) اچانک اس اونٹ کو اپنے پاس کھڑا ہوا پائے اور (جلدی سے) اس کی نکیل پکڑ لے اور خوشی کے جوش میں (زبان اس کے قابو میں نہ رہے اور اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنے کی غرض سے) کہنے لگے! اے اللہ! تو میرا بندہ اور میں تیرا رب ہوں۔ (خوشی کے مارے اسے پتہ بھی نہ چلے کہ میں کیا کہہ گیا)۔ (صحیح مسلم: کتاب التوبہ، باب فی الحض علی التوبۃ والفرح بہا، رقم الحدیث ۶۹۶۰)

صحیح مسلم شریف جلد ششم — توبہ کے مسائل

٦٩٦٠- عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ وَهُوَ عَمُّهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ((لَلّٰهُ أَشَدُّ فَرَحًا بِتَوْبَةِ عَبْدِهِ حِينَ يَتُوبُ إِلَيْهِ مِنْ أَحَدِكُمْ كَانَ عَلَى رَاحِلَتِهِ بِأَرْضِ فَلَاةٍ فَانْفَلَتَتْ مِنْهُ وَعَلَيْهَا طَعَامُهُ وَشَرَابُهُ فَأَيِسَ مِنْهَا فَأَتَى شَجَرَةً فَاضْطَجَعَ فِي ظِلِّهَا قَدْ أَيِسَ مِنْ رَاحِلَتِهِ فَبَيْنَا هُوَ كَذَلِكَ إِذَا هُوَ بِهَا قَائِمَةً عِنْدَهُ فَأَخَذَ بِخِطَامِهَا ثُمَّ قَالَ مِنْ شِدَّةِ الْفَرَحِ اللَّهُمَّ أَنْتَ عَبْدِي وَأَنَا رَبُّكَ أَخْطَأَ مِنْ شِدَّةِ الْفَرَحِ)).

٦٩٦٠- انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا البتہ اللہ تعالیٰ کو زیادہ خوشی ہوتی ہے اپنے بندہ کی توبہ سے جب وہ توبہ کرتا ہے تم میں سے اس شخص سے جو اپنے اونٹ پر سوار ہو ایک صاف بے آب ودانہ جنگل میں پھر وہ اونٹ نکل بھاگے اسی پر اس کا کھانا اور پانی ہو آخر وہ اس سے ناامید ہو کر ایک درخت کے تلے آکر لیٹ رہے اس کے سایہ میں اور اونٹ سے بالکل ناامید ہو گیا ہو وہ اسی حال میں ہو کہ یکایک اونٹ اس کے سامنے آکر کھڑا ہو جائے اور وہ اس کی نکیل تھام لیوے پھر خوشی کے مارے بھول کر غلطی سے کہنے لگے یا اللہ تو میرا بندہ ہے میں تیرا رب ہوں خوشی کے سبب سے ایسی غلطی کرے

تحقیق مسئلہ وحدۃ الوجود

حسین بن منصور حلّاجؒ کے حالات کو جاننے کے لئے سب سے پہلے مسئلہ وحدۃ الوجود کی حقیقت کو واضح کرنا ہو گا جسکے غلط عنوان سے مخالفین اسلام نے ایک شور برپا کیا اور عام اور لا علم مسلمانوں کو بہت بہکایا ہے۔ خصوصیت کے ساتھ ابن منصور حلّاجؒ اور ابن عربیؒ کو اس مسئلے میں بہت زیادہ بدنام کیا جاتا ہے۔ کبھی کہا جاتا ہے کہ وہ خالق و مخلوق میں اتحاد مانتے ہیں، کبھی کہا جاتا ہے کہ وہ مخلوق میں خدا کے حلول کے قائل ہیں، اور اس مغالطہ کا اصل منشاء مسئلہ وحدۃ الوجود کی حقیقت سے بیخبری ہے۔ اس لئے مختصر اً عرض ہے کہ یہ مسئلہ نہ مقاصد تصوف سے ہے، نہ مقامات سلوک میں اسکا شمار ہے۔ چنانچہ سلف میں اس کا مفصل تذکرہ تحریراً یا تقریراً نہ تھا، صرف ابہام کے درجہ میں کہیں کہیں اس کے آثار کا ظہور ہو جاتا تھا۔ جس کا حاصل یہ ہے کہ معنون تھا، عنوان نہ تھا، پھر خلف میں اس کا عنوان ظاہر ہوا، اور مختلف تعبیرات سے ظاہر ہوا۔ اسی لئے بعض لوگ غلطی میں پڑ گئے اور دوسروں کو مغالطہ دینے لگے۔

اس مسئلہ کی حقیقت معلوم کرنے سے پہلے یہ امر اچھی طرح ذہن نشین کر لینا چاہیئے کہ اسلام کے تمام فرقے اللہ تعالیٰ کی وحدانیت پر کامل یقین اور اتفاق رکھتے ہیں۔ اسلام میں توحید کی جیسی سادہ، بے تکلف اور صاف تعلیم ہے۔ جس کی نظیر کوئی مذہب پیش نہیں کر سکتا۔ محققین کے نزدیک اسلام کی سرعت اشاعت کا بڑا سبب یہی ہے کہ توحید کی تعلیم جیسی اسلام میں ہے کسی اور مذہب میں نہیں ہے۔ خصوصیت کے ساتھ صوفیہ کرام سب سے زیادہ عقیدۂ توحید کے علمبردار ہیں کیونکہ دوسروں کے نزدیک تو یہ مسئلہ محض عقلی و نقلی ہے۔ مگر صوفیہ کرامؒ کے نزدیک کشفی اور بدیہی بھی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ صوفیہ کرامؒ کے کلام میں توحید کا ذکر دوسروں کی نسبت زیادہ ہوتا ہے۔ پس ان کی طرف کسی ایسی بات کی نسبت کرنا جو توحید اسلامی کے خلاف یا کسی درجے میں بھی اس کے منافی ہو بہت بڑا ظلم ہے۔ حضرات

صوفیہ نے غلبۂ حال میں جن مختلف عنوانات سے اپنے ذوق کو تعبیر کرنا چاہا۔ بعض لوگوں نے اس کے سمجھنے میں غلطی کی اور غلطی کے ازالہ کا جو طریقہ تھا ان کے اس کلام کی طرف رجوع کیا جاتا جو حالتِ صحو میں انھوں نے فرمایا ہے، اس سے کام نہیں لیا گیا۔

وحدۃ الوجود کا صحیح مطلب

امام ابو القاسم عبد الکریم بن ہوازن القشیریؒ (متوفی: ۴۶۵) لکھتے ہیں: ”کہا جاتا ہے کہ کچھ لوگ ایسے ہیں جو افعال ہوتے دیکھتے ہیں، واقعات ان کے سامنے ہوتے ہیں۔ کچھ لوگ ہوتے ہیں جن پر حقیقت کھل جاتی ہے تو وہ اللہ کے سوا ہر چیز کو محسوس کرنے سے عاری ہو جاتے ہیں چنانچہ وہ اپنے دل میں سب کو باطنی طور پر ایک ہی جگہ اکھٹے دیکھتے ہیں اور جب انہی چیزوں کو دنیا میں دیکھتے ہیں تو ہر چیز کا ایک الگ وجود نظر آرہا ہوتا ہے“۔ (الرسالۃ القشیریۃ الامام ابو القاسم القشیری: ص ۴۹۷)

عقیدۂ وحدۃ الوجود بزبان حضرت جنید بغدادیؒ: ”حضرت جنیدؒ سے کسی نے توحید کے بارے میں پوچھا تو فرمایا کہ میں نے کسی شاعر سے اس بارے میں یہ سنا تھا۔

"میرے دل میں ایک آرزو گنگنانے لگی (کہ توحید کیا ہے؟) تو میں نے بھی یہی گنگنانا شروع کر دیا چنانچہ جہاں وہ (توحید سے واقف) تھے، ہم بھی وہاں تھے اور جب وہ وہاں تھے ہم بھی اسی وقت میں تھے۔"

یہ سن کر اس قائل نے پوچھا کہ قرآن و حدیث ختم ہو گئے؟ آپ نے فرمایا: نہیں، موحد ایک ادنیٰ اور آسان طریقے سے بھی توحید کا بلند مقام تلاش کر لیتا ہے“۔ (الرسالۃ القشیریۃ الامام ابو القاسم القشیری: ص ۴۹۸)

مولانا تقی عثمانی حفظ اللہ فرماتے ہیں: ”وحدۃ الوجود کا صحیح مطلب یہ ہے کہ اس کائنات میں حقیقی اور مکمل وجود صرف ذات باری تعالیٰ کی ہے، اس کے سوا ہر وجود بے ثبات، فانی اور نامکمل ہے۔ ایک تو اس لئے کہ وہ ایک نہ ایک دن فنا ہو جائے گا، دوسرے اس لئے کہ ہر شئی اپنے وجود میں ذاتِ باری تعالیٰ کی محتاج ہے، لہٰذا جتنی اشیاء ہمیں اس کائنات میں نظر آتی ہیں، انہیں اگرچہ وجود حاصل ہے لیکن اللہ کے وجود کے سامنے اس وجود کی کوئی حقیقت نہیں، اس لئے وہ کالعدم ہے۔

اس کی نظیر یوں سمجھئے جیسے دن کے وقت آسمان پر سورج کے موجود ہونے کی وجہ سے ستارے نظر نہیں آتے، وہ اگرچہ موجود ہیں، لیکن سورج کا وجود ان پر اس طرح غالب ہو جاتا ہے کہ ان کا وجود نظر نہیں آتا۔

اسی طرح جس شخص کو اللہ نے حقیقت شناس نگاہ دی ہو وہ جب اس کائنات میں اللہ تعالیٰ کے وجود کی معرفت حاصل کرتا ہے تو تمام وجود اسے ہیچ، ماند، بلکہ کالعدم نظر آتے ہیں“۔ (فتاویٰ عثمانی: جلد اوّل، کتاب الایمان والعقائد: ص ٦٦)

وحدت الوجود کا مطلب

مسئلہ عصمت انبیاء علیہم السلام



”حضرت جنیدؒ نے فرمایا کہ اللہ کی توحید بیان کرتے وقت سب سے بہترین بات جو ہم کہہ سکتے ہیں، وہ ہے جسے حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے بیان فرمایا تھا:

"پاک ہے وہ ذات کہ جس نے اپنی مخلوق کو اپنی پہچان کا راستہ نہیں دیا بلکہ اپنی ذات کی پہچان سے عاجز کر دیا ہے۔"

استاذ ابو القاسم القشیریؒ نے فرمایا کہ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے فرمان کا یہ مطلب ہر گز نہیں کہ اللہ تعالیٰ کی پہچان ممکن ہی نہیں کیونکہ ہر ایک کو یہ بات معلوم ہے کسی شئے سے عجز تبھی ہوتا ہے جب وہ موجود ہو اور معدوم نہ ہو جیسے ایک اپاہج اپنے عمل دخل سے بیٹھ تو سکتا نہیں لیکن اگر وہ صحیح ہو جائے تو اس میں بیٹھنے کی صفت موجود ہے بالکل یونہی اللہ کا عارف یعنی اس کی پہچان کرنے والا، اس کی پہچان سے عاجز ہوتا ہے حالانکہ پہچان کر لینے کی صفت اس میں موجود ہوتی ہے کیونکہ عارف میں معرفت ہو تو عارف ہو گا لیکن صوفیہ کے ہاں انتہاء میں معرفت کا پایا جانا ضروری ہوتا ہے چنانچہ ابتداء میں کسبی معرفت اگرچہ حقیقۃً معرفت ہی کہلاتی ہے لیکن حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے ضروری معرفت کے مقابلے میں اسے اہمیت نہیں دی جیسے روشن سورج کے سامنے ایک جلتے چراغ کی روشنی کی حیثیت نہیں ہوتی“۔(الرسالۃ القشیریۃ الامام ابو القاسم القشیری: ص ۴۹۵)

مشہور غیر مقلد عالم حافظ عبد اللہ محدث روپڑی فتویٰ اہلحدیث میں توحید کی چار اقسام بیان کرنے کے بعد لکھتے ہیں: ”یہ چار قسمیں توحید کی صوفیاء کے ہاں مشہور ہیں۔ اخیر کی دو وہی ہیں جن کے متعلق آپ نے سوال کیا ہے یعنی توحید حالی وحدۃ الشہود ہے اور توحید الٰہی وحدۃ الوجود ہے۔ یہ اصطلاحات زیادہ تر متاخرین صوفیاء (ابن عربی وغیرہ) کی کتب میں پائی جاتی ہیں۔ متقدمین کی کتب میں نہیں۔ ہاں مراد ان

کی صحیح ہے، توحید ایمانی اور توحید علمی تو ظاہر ہے توحید حالی کا ذکر اس حدیث میں ہے:"ان تعبدالله كانک تراه فان لم تكن تراه فانه يراک"۔"یعنی خدا کی اس طرح عبادت کر گویا کہ تو اس کو دیکھ رہا ہے پس اگر تو نہ دیکھے تو وہ تجھے دیکھ رہا ہے"۔

یہ حالت چونکہ اکثر طور پر ریاضیت اور مجاہدہ سے تعلق رکھتی ہے، اس لیے یہ عقل سے سمجھنے کی شئے نہیں ہاں اس کی مثال عاشق و معشوق سے دی جاتی ہے۔ عاشق جس پر معشوق کا تخیل اتنا غالب ہوتا ہے کہ تمام اشیاء اس کی نظر میں کالعدم ہوتی ہیں' اگر دوسری شئے کا نقشہ اس کے سامنے آتا ہے تو محبوب کا خیال اس کے دیکھنے سے حجاب ہو جاتا ہے گویا ہر جگہ اس کو محبوب ہی محبوب نظر آتا ہے خاص کر خدا کی ذات سے کسی کو عشق ہو جائے تو چونکہ تمام اشیاء اس کے آثار اور صفات کا مظہر ہیں اس لیے خدائی عاشق پر اس حالت کا زیادہ اثر ہوتا ہے یہاں تک کہ ہر شئے سے اس کو خدا نظر آتا ہے وہ شئی نظر نہیں آتی ہے جیسے شیشہ دیکھنے کے وقت چہرے پر نظر پڑتی ہے نہ کہ شیشہ پر"۔ (فتاویٰ اہلحدیث: ج۲، ص۱۵۳)

۱۵۳

یہ توحید آتی نقص و عیب سے بری ہے۔ برخلاف توحید مخلوق کے وہ بوجہ نقص وجود کے ناقص ہے۔

یہ چار قسمیں توحید کی صوفیاء کے ہاں مشہور ہیں۔ اخیر کی وو وہی ہیں جن کے متعلق آپ نے سوال کیا ہے یعنی توحید حالی وحدۃ الشہود ہے اور توحید آتی وحدۃ الوجود ہے۔ یہ اصطلاحات زیادہ تر متاخرین صوفیاء (ابن عربی وغیرہ) کی کتب میں پائی جاتی ہیں متقدمین کی کتب میں نہیں۔ ہاں مراد ان کی صحیح ہے۔ توحید ایمانی اور توحید علمی تو ظاہر ہے توحید حالی کا ذکر اس حدیث میں ہے۔ ان تعبد الله كانك تراه فان لم تكن تراه فانه يراك۔ یعنی خدا کی اس طرح عبادت کر گویا کہ تو اس کو دیکھ رہا ہے۔ پس اگر تو نہ دیکھے تو وہ تجھے دیکھ رہا ہے: یہ حالت چونکہ اکثر طور پر ریاضت اور مجاہدہ سے تعلق رکھتی ہے۔ اس لئے یہ عقل سے سمجھنے کی شئے نہیں ہاں اس کی مثال عاشق و معشوق سے دی جاتی ہے۔ عاشق جس پر معشوق کا تخیل اتنا غالب ہوتا ہے کہ تمام اشیاء اس کی نظر میں کالعدم ہوتی ہیں۔ اگر دوسری شئے کا نقشہ اس کے سامنے آتا ہے تو محبوب کا خیال اس کے دیکھنے سے حجاب ہو جاتا ہے گویا ہر جگہ اس کو محبوب ہی محبوب نظر آتا ہے خاص کر خدا کی ذات سے کسی کو عشق ہو جائے تو چونکہ تمام اشیاء اس کے آثار اور صفات کا مظہر ہیں اس لئے خدائی عاشق پر اس حالت کا زیادہ اثر ہوتا ہے یہاں تک کہ ہر شئے سے اس کو خدا نظر آتا ہے وہ شئی نظر نہیں آتی ہے جیسے شیشہ دیکھنے کے وقت چہرے پر نظر پڑتی ہے نہ کہ شیشہ پر۔

شیخ مخدوم علی ہجویری معروف بہ داتا گنج بخش جن کا لاہور میں مزار مشہور ہے۔ انہوں نے اپنی کتاب کشف المحجوب باب مشاہدہ میں صوفیاء کے اقوال اس قسم کے بہت لکھے ہیں جن کا خلاصہ یہی ہے جو بیان ہوا ہے کہ غلبۂ محبت اور کمال یقین کی وجہ سے ایسی حالت ہو جاتی ہے کہ غیر خدا پر نظر ہی نہیں پڑتی۔ اسی طرح دوسرے بزرگوں نے اپنی تصانیف میں لکھا ہے۔ مگر یہ بات یاد رکھنی چاہیے کہ عموماً اس کی دو حالتیں ہیں جلوت اور خلوت۔ جلوت لوگوں سے اختلاط اور میل جول کی حالت ہے اور خلوت علیحدگی اور تنہائی کی حالت ہے جس میں ظاہراً باطناً خدا کی طرف توجہ ہوتی ہے۔ جلوت میں تبلیغ کا کام ہوتا ہے اور خلوت میں نفس کی اصلاح اور دل کی صفائی ہوتی ہے۔ قرآن مجید میں سورۂ مزمل کے شروع میں ان دونوں حالتوں کا بیان ہے چنانچہ ارشاد ہے۔

إِنَّ نَاشِئَةَ اللَّيْلِ هِيَ أَشَدُّ وَطْئًا وَأَقْوَمُ قِيلًا إِنَّ لَكَ فِي النَّهَارِ سَبْحًا طَوِيلًا

یعنی رات کا قیام نفس کے لتاڑنے کے لئے سخت ہے اور زبان کو بہت درست رکھنے والا ہے۔ بے شک تجھے دن میں طویل شغل ہے۔"



مشہور غیر مقلد عالم علامہ اسماعیل سلفی فرماتے ہیں: "مسئلہ درست تھا، اگر تعبیر ناپسند تھی تو اسے بدل دیا جاتا لیکن یہاں کوئی پرانا بغض تھا جسے نکالنا ضروری سمجھا گیا اور فتووں کی مشین تان دی گئی اور کفر کے انبار انڈیل دیئے گئے"۔ (تحریک آزادئ فکر: ص۲۹)

شہید حسین بن منصور حلّاج رحمہ اللہ تعالیٰ پر لگائے گئے الزامات (بحوالہ تاریخ بغداد و تاریخ طبری) کی اصل حقیقت قرآن وحدیث اور تاریخی شواہد کی روشنی میں

پہلا الزام: مثل قرآن بنانے کا دعویٰ

خطیب بغدادی نے ابن باکویہ شیرازی کے واسطہ سے ابوزرعۃ طبری سے روایت کیا ہے کہ لوگ حسین بن منصور کے متعلق اختلاف رکھتے ہیں۔ کوئی ان کو قبول کرتا ہے اور کوئی رد کرتا ہے۔ لیکن میں نے محمد بن یحییٰ رازی سے سنا کہ میں نے عمرو بن عثمان کو ابن منصور پر لعنت کرتے اور یہ کہتے ہوئے سنا کہ اگر میں اس پر قابو پاؤں تو اپنے ہاتھ سے قتل کر دوں۔ میں نے دریافت کیا کہ حضرت شیخ کو ان کی کس بات پر غصہ آیا۔ کہا! میں نے کتاب اللہ کی ایک آیت پڑھی تو کہنے لگا کہ میں بھی اس کی مثل تالیف کر سکتا ہوں۔ (تاریخ مدینۃ السلام، الامام خطیب بغدادیؒ: ج۸، ص۶۹۹)

تاريخ مدينة السلام

وأخبار محدثيها وذكر قطانها العلماء

من غير أهلها ووارديها

تأليف

الإمام الحافظ أبي بكر أحمد بن علي بن ثابت

الخطيب البغدادي

٣٩٢ - ٤٦٣ هـ

المجلد الثامن

تليد - الحسين

٣٥٣٥ - ٤٢٠٢

حققه، وضبط نصه، وعلق عليه

الدكتور بشار عواد معروف

دار الغرب الإسلامي

عنه وأنتَ في بَدْء أمرك، وأما الآن وقد تأكَّدَ الحالُ بيننا، فالأمرُ فيه ما سمعتَ.

وقال محمد بن الحُسين: سمعتُ إبراهيم بن محمد النَّصراباذي، وعُوتِبَ في شيء حكى عنه، يعني عن الحَلاَّج، في الرُّوح، فقال لمن عاتبه: إن كان بعد النَّبيين والصِّدِّيقين موحِّدٌ فهو الحَلاَّج.

أخبرنا ابن الفَتْح، قال: أخبرنا محمد بن الحسين، قال: سمعت منصور ابن عبدالله يقول: سمعتُ الشِّبلي يقول: كنتُ أنا والحُسين بن منصور شيئًا واحدًا، إلاّ أنه أظهر وكتمتُ. قال: وسمعتُ منصورًا يقول: سمعتُ بعضَ أصحابِنا يقول: وَقَفَ الشِّبلي عليه وهو مصلوبٌ، فنظرَ إليه، وقال: ألم نَنْهكَ عن العالمين؟

أخبرنا إسماعيل الحِيري، قال: أخبرنا أبو عبدالرحمن السُّلَمي، قال: سمعت جعفر بن أحمد يقول: سمعتُ أبا بكر بن أبي سَعْدان يقول: الحُسين ابن منصور مُمَوِّهٌ مُمَخْرِقٌ.

قال أبو عبدالرحمن: وحُكِيَ عن عَمرو المكِّي أنه قال: كنتُ أُماشيه في بعضِ أزِقَّة مكَّة، وكنتُ أقرأُ القرآن فسمعَ قِراءتي، فقال: يمكنني أن أقولَ مثلَ هذا، فَفارَقتُهُ.

حدثني مسعود بن ناصر، قال: أخبرنا ابن باكو الشِّيرازي، قال: سمعتُ أبا زُرعة الطَّبَري يقول: الناس فيه، يعني في الحُسين بن منصور، بين قبول وردّ، ولكن سمعتُ محمد بن يحيى الرَّازي يقول: سمعتُ عَمرو بن عُثمان يَلعنُهُ ويقول: لو قَدَرتُ عليه لقَتَلْتُه بيدي، فقلت: أيش الذي وجد الشيخ عليه؟ قال: قرأتُ آيةً من كتاب الله، فقال: يُمكنني أن أؤلف مثله وأتكلَّم به.

قال: وسمعتُ أبا زُرعة الطَّبَري يقول: سمعتُ أبا يعقوب الأقطع يقول: زَوَّجتُ ابنَتي من الحُسين بن منصور لما رأيتُ من حُسنِ طَريقَتِه واجتهادِهِ، فبانَ لي بعد مدَّةٍ يسيرةٍ أنَّه ساحرٌ مُحتالٌ، خبيثٌ كافرٌ.

٦٩٩

جواب:

۱۔ اس روایت کی سند میں ابن باکویہ شیرازی ضعیف ہے اور محدثین کے نزدیک غیر ثقہ راوی ہے۔ (لسان المیزان: ج۷، ص۲۵۲)

۲۔ دوسرا راوی محمد بن یحییٰ رازی بھی حجت نہیں، یہ ثقات سے منکر احادیث روایت کرتا تھا۔ (لسان المیزان: ج۷، ص۵۷۸)

۳۔ تیسرا راوی ابوزرعہ طبری مجہول ہے۔ کتب اسماء الرجال میں اس کے حالات کا کہیں ذکر نہیں ملتا۔ لہٰذا یہ روایت سخت ضعیف ہے۔

قال الحاكم: انتسب إلى محمد بن أيوب، ومحمد لم يُعقِب، قال: فأتيته وزجرتُه فانزجر. توفي سنة ست وسبعين وثلاث مئة بنيسابور.

أخبرنا المسلَّم بن محمد، وجماعةٌ في كتابهم، أخبرنا الكندي، أخبرنا الشيباني، أخبرنا أبو بكر الخطيب، أخبرنا أبو علي عبد الرحمن بن محمد بن فَضَالة بالري، أخبرنا أبو بكر محمد بن عبد الله بن شاذان المذكِّر، سمعت أبا بكر الحربيَّ محمدَ بن سعيد يقول: سمعت سَرِيّاً السَّقطي يقول: مكثتُ عشرين سنةً أطوف بالساحل أطلب صادقاً، فدخلت يوماً إلى مغارة، فإذا بزَمْنَى، وعُمْيان، ومجذَّمين قعودٌ، فقلت: ما تصنعون ها هنا؟ قالوا: ننتظر شخصاً يخرج علينا، يُمِرُّ يده علينا فنُعَافَى، فجلست.

فخرج كَهْل عليه مِدْرَعة من شَعَر، فسلَّم وجلس، ثم أمَرَّ يده على الأعمى فأبصر، وأمر يده على زَمانةِ هذا فصَحّ، وأمرَّ يده على جُذام هذا فبرأ.

ثم قام موليّاً، فضربتُ يدي إليه، فقال: سَرِيّ، خَلِّ عني فإنه غيورٌ، لا يطَّلع على سِرِّك فيَرَاك وقد سكَنْتَ إلى غيره، فتسقُطَ من عينه، انتهى.

وقال الإدريسي: ليس هو في الرواية بذاك.

٧٠١٦ ــ ذ ــ محمد بن عبد الله بن عبيد الله بن باكُوْيَهْ الشِّيرازي الصوفي. ذكره عبد الغافر في «السِّياق» فقال: شيخُ الصوفية في وقته، العالمُ بطريقهم، الجامعُ لحكاياتهم وسِيرَهم... إلى أن قال: وسمع الحديث وروى، إلّا أن الثقات توقَّفوا في سماعاته، وذكروا أن خير ما يُروى عنه الحكايات.

ويُحكى عنه أنه أدرك المتنبِّي بشيراز، وسمع منه «ديوانه»، سمعه منه جدي، وأخوالي[1]. والله أعلم بذلك.

مات سنة ثمان وعشرين / وأربع مئة، ووقع لنا جُزْء من حديثه. [٥:٢٣١]

قال الإمام علي بن المديني: معرفة الرجال نصف العلم

لسان الميزان

للإمام الحافظ أحمد بن علي بن حجر العسقلاني

وُلد سنة ٧٧٣، وتوفي سنة ٨٥٢ رحمه الله تعالى

اعتنى به الشيخ العلامة

عبد الفتاح أبو غدة

وُلد سنة ١٣٣٦ وتوفي سنة ١٤١٧ رحمه الله تعالى

اعتنى بإخراجه وطباعته

سلمان عبد الفتاح أبو غدة

الجزء السابع

مكتب المطبوعات الإسلامية

الرازي، حدثنا مقدام بن داود، حدثنا محمد بن يحيى الإسكندراني، حدثنا مالك بن أنس، عن يحيى بن سعيد، عن أنس بن مالك رضي الله عنه قال:

«وقف رسول الله صلَّى الله عليه وسلَّم على باب بيتٍ فيه رجال من الأنصار، فتأخَّر كل إنسان عن مجلسه، لكي يجلس فيه رسول الله صلَّى الله عليه وسلَّم، فوقف رسول الله صلَّى الله عليه وسلَّم ثم قال: الأئمة من قريش، ولي حق ولهم حق ما فعلوا ثلاثاً: إن حكموا عَدَلوا، وإن عاهدوا أَوْفَوا، وإن [٥:٤٢٤] استُرْحِموا رَحِموا، فمن لم يفعل ذلك، فعليه لعنة الله / والملائكة والناس أجمعين».

قال الخطيب: غريب من حديث مالك، لا أعلم رواه عنه إلّا محمد بن يحيى الإسكندري.

قلت: بل هو باطل من حديث مالك، ما حدَّث به قط، ولا رواه يحيى بن سعيد، وإنما يُعرف من حديث بكر الجزري عن أنس، وتابعه جماعة من وجوه غريبة، وليس تغليطُ محمد بن يحيى فيه بأولى من تغليط مقدام، والله أعلم.

قال ابن يونس: آخر من حدث عن محمد بن يحيى الإسكندراني مقدام بن داود.

٧٥٤٦ ــ محمد بن يحيى بن نصر الرازي، عن هشيم وطبقته. قال أبو الشيخ: له أحاديث مناكير عن الثقات، انتهى.

وقال أبو نعيم في «تاريخ أصبهان»: في حديثه نكارة عن قوم ثقات.

٧٥٤٦ ــ الميزان ٤: ٦٤، طبقات الأصبهانيين ٢: ٤٠٧، أخبار أصبهان ٢: ١٩٢، ضعفاء ابن الجوزي ٣: ١٠٦.

قال الإمام علي بن المديني: معرفة الرجال نصف العلم

لسان الميزان

للإمام الحافظ أحمد بن علي بن حجر العسقلاني

وُلد سنة ٧٧٣، وتوفي سنة ٨٥٢ رحمه الله تعالى

اعتنى به الشيخ العلامة

عبد الفتاح أبو غدة

وُلد سنة ١٣٣٦ وتوفي سنة ١٤١٧ رحمه الله تعالى

اعتنى بإخراجه وطباعته

سلمان عبد الفتاح أبو غدة

الجزء السابع

مكتب المطبوعات الإسلامية

شیخ الاسلام عبداللہ بن المبارک المروزیؒ (متوفی ۱۸۱ھ) فرماتے ہیں کہ: "الإسناد من الدین، ولولا الإسناد لقال من شاء ماشاء"۔ "سند دین میں سے ہے، اگر سند نہ ہوتی تو جو شخص جو چاہتا کہہ دیتا"۔ (مقدمہ صحیح مسلم ترقیم دارالسلام: ۳۲ وسندہ صحیح)

ایسی ضعیف روایت کی بناء پر کسی ایسے شخص کو کافر وزندیق سمجھنا جن کو آئمہ طریق، اجلۂ علماء اور بڑے بڑے بزرگان دین نے اولیاء میں شمار کیا ہو۔ کم عقلی اور گمراہی کی نشانی ہے۔ اس طرح کی ضعیف روایت سے کسی شخص کو کافر وزندیق کہنا شروع کر دیا جائے تو پھر بڑے بڑے جلیل القدر محدثین اور ائمہ مجتہدین بھی نہ بچ پائیں گے۔

دوسرا الزام: ابن منصور کے خط کے عنوان میں "بسم اللہ الرحمٰن الرحیم" کی جگہ "من الرحمٰن الرحیم" لکھا ہونا

خطیب بغدادیؒ نے اس واقعہ کو ابراہیم بن محمد واعظ (یعنی ابو القاسم نصر آبادیؒ) سے وہ ابو القاسم رازی کے واسطہ سے وہ ابو بکر بن حمشاد سے اس طرح نقل کرتے ہیں کہ دینور میں ایک شخص آیا، جس کے پاس ایک تھیلا تھا، جسے وہ رات دن میں کسی وقت بھی اپنے سے الگ نہ کرتا تھا۔ لوگوں نے اس تھیلے کی تلاشی لی تو اس میں حلّاج کا ایک خط نکلا جس کا عنوان یہ تھا "من الرحمٰن الرحیم الی فلان بن فلان" یہ خط رحمٰن رحیم کی طرف سے فلاں شخص کے نام ہے۔ یہ خط بغداد بھیج دیا گیا، تو حلّاج کو بلایا گیا، ان کو دکھایا گیا تو (حلّاج نے) کہا، ہاں میرا خط ہے میں نے ہی لکھا ہے۔ لوگوں نے کہا، اب تک تو نبوت ہی کے مدعی تھے، خدائی کا بھی دعویٰ کرنے لگے۔ (حلّاج نے) کہا، میں خدائی کا دعویٰ نہیں کرتا (دوسری روایت میں ہے کہ ابن منصور نے کہا! معاذاللہ، میں نہ خدائی کا دعویٰ کرتا ہوں، نہ نبوت کا، میں تو ایک آدمی ہوں، اللہ کی عبادت کرتا، نماز روزہ کی کثرت کرتا ہوں اس کے سوا کچھ نہیں جانتا)۔

پھر ابن منصور نے اسی واقعہ میں اس حقیقت کو ان الفاظ سے بیان کیا "ما أدعي الربوبیة، ولکن ھذا عین الجمع عندنا، ھل الکاتب إلا اللہ، وأنا والید فیه آلة"۔ "میں خدائی کا دعویٰ نہیں کرتا۔ لیکن یہ بات (جو میں نے لکھی) تو ہمارے نزدیک عین جمع ہے۔ اللہ کے سوا لکھنے والا کون ہے، میں اور میرا ہاتھ تو اس میں آلہ محض کے سوا کچھ نہیں"۔

ابن منصور سے کہا گیا کہ اس بات میں تمہارے ساتھ کوئی اور بھی ہے؟ انہوں نے ابو العباس بن عطاء، ابو محمد جریری اور ابو بکر شبلی کا نام لیا، اور یہ بھی کہا کہ ان میں سے دو بزرگ تو اس حقیقت کو چھپاتے ہیں، اگر صاف کہہ سکتے ہیں تو ابن عطاء کہہ سکتے ہیں۔ (تاریخ مدینۃ السلام، الامام خطیب بغدادیؒ: ج ۸، ص ۷۰۶)



تاريخ مدينة السلام
وأخبار محدثيها وذكر قطانها العلماء
من غير أهلها ووارديها

تأليف
الإمام الحافظ أبي بكر أحمد بن علي بن ثابت
الخطيب البغدادي
٣٩٢ - ٤٦٣ هـ

المجلد الثامن
تليد - الحسين
٣٥٣٥ - ٤٢٠٢

حققه، وضبط نصه، وعلق عليه
الدكتور بشار عواد معروف

دار الغرب الإسلامي

رأسُه للناس على سور السّجن الجديد، وعُلِّقَت يداهُ ورجلاهُ إلى جانب رأسِه.

حدثني محمد بن أبي الحسن السَّاحلي، عن أبي العباس أحمد بن محمد النَّسوي، قال: سمعت محمد بن الحُسين الحافظ يقول: سمعت إبراهيم بن محمد الواعظ يقول: قال أبو القاسم الرَّازي: قال أبو بكر بن حمشاذ: حَضَر عندنا بالدِّينور رجلٌ ومعه مخلاة فما كان يُفارِقُها بالليل ولا بالنهار، ففتَّشوا المخلاةَ فوَجدوا فيها كتابًا للحَلَّاج عنوانه: من الرحمن الرحيم إلى فلان بن فلان، فوجه إلى بغداد، قال: فأحضِرَ وعُرِضَ عليه، فقال: هذا خَطِّي وأنا كتبتُهُ. فقالوا: كنتَ تدَّعي النُّبوة فصرتَ تدَّعي الرُّبوبية؟ فقال: ما أدَّعي الرُّبوبية، ولكن هذا عينُ الجمعِ عندنا، هل الكاتب إلَّا الله، وأنا واليدُ فيه آلةٌ، فقيل: هل معك أحد؟ فقال: نعم، ابنُ عطاء، وأبو محمد الجَرِيري، وأبو بكر الشِّبلي. وأبو محمد الجريري يَستَتِر، والشِّبلي يَستَتِر، فإن كان فابن عطاء. فأحضِرَ الجريري، فسُئِل فقال: هذا كافرٌ يُقتَل ومن يقول هذا؟ وسُئِل الشِّبلي، فقال: من يقول هذا يُمْنَع. ثم سُئِل ابنُ عطاء عن مقالة الحَلَّاج، فقال بمقالته، فكان سبب قَتْله.

أخبرنا إسماعيل بن أحمد الحِيري، قال: أخبرنا أبو عبدالرحمن السُّلمي[1]، قال: سمعت محمد بن عبدالله الرَّازي يقول: كان الوزير حيث[2] أحضِرَ الحُسين بن منصور للقَتْل، حامد بن العباس فأمَرَهُ أن يكتبَ اعتقادَهُ، فكتبَ اعتقادَهُ، فعَرَضه الوزير على الفُقهاء ببغداد فأنكروا ذلك، فقيلَ للوزير: إنَّ أبا العباس بن عطاء يُصَوِّبُ قولَهُ، فأمرَ أن يُعْرَضَ ذلك على أبي العباس بن عطاء، فعُرِض عليه، فقال: هذا اعتقادٌ صحيح، وأنا أعتقد هذا الاعتقاد، ومن لا يَعتقد هذا فهو بلا اعتقاد. فأمرَ الوزير بإحضارِهِ فأحضرَ، وأُدخِلَ عليه فجلس في صدر المَجلس فغاظَ الوزير ذلك، ثم أخرجَ ذلك الخط، فقال: هذا

(١) في م و هـ ٥: «الشبلي»، محرف.
(٢) في م: «حين»، وأثبتنا ما في النسخ.

٧٠٦

جواب:

حسین بن منصور حلّاج رحمہ اللہ پر جب خدائی کا دعویٰ کرنے کا جھوٹا الزام لگایا گیا تو انھوں نے واضح الفاظ میں اس الزام کی نفی کرتے ہوئے فرمایا کہ: ”میں خدائی کا دعویٰ نہیں کرتا۔ لیکن یہ بات (جو میں نے لکھی) تو ہمارے نزدیک عین جمع ہے۔ اللہ کے سوا لکھنے والا کون ہے، میں اور میرا ہاتھ تو اس میں آلہ محض کے سوا کچھ نہیں“۔

حسین بن منصور حلّاج رحمہ اللہ کے اس کلام کا حقیقی اور صحیح مطلب حدیث قدسی میں موجود ہے:

”حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، حَدَّثَنِي شَرِيكُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي نَمِرٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "إِنَّ اللَّهَ قَالَ مَنْ عَادَى لِي وَلِيًّا فَقَدْ آذَنْتُهُ بِالْحَرْبِ، وَمَا تَقَرَّبَ إِلَيَّ عَبْدِي بِشَيْءٍ أَحَبَّ إِلَيَّ مِمَّا افْتَرَضْتُ عَلَيْهِ، وَمَا يَزَالُ عَبْدِي يَتَقَرَّبُ إِلَيَّ بِالنَّوَافِلِ حَتَّى أُحِبَّهُ، فَإِذَا أَحْبَبْتُهُ كُنْتُ سَمْعَهُ الَّذِي يَسْمَعُ بِهِ، وَبَصَرَهُ الَّذِي يُبْصِرُ بِهِ، وَيَدَهُ الَّتِي يَبْطُشُ بِهَا وَرِجْلَهُ الَّتِي يَمْشِي بِهَا، وَإِنْ سَأَلَنِي لأُعْطِيَنَّهُ، وَلَئِنِ اسْتَعَاذَنِي لأُعِيذَنَّهُ، وَمَا تَرَدَّدْتُ عَنْ شَىْءٍ أَنَا فَاعِلُهُ تَرَدُّدِي عَنْ نَفْسِ الْمُؤْمِنِ، يَكْرَهُ الْمَوْتَ وَأَنَا أَكْرَهُ مَسَاءَتَهُ"“۔ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ جس نے میرے کسی ولی سے دشمنی کی اسے میری طرف سے اعلان جنگ ہے اور میرا بندہ جن جن عبادتوں سے میرا قرب حاصل کرتا ہے اور کوئی عبادت مجھ کو اس سے زیادہ پسند نہیں ہے جو میں نے اس پر فرض کی ہے (یعنی فرائض مجھ کو بہت پسند ہیں جیسے نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ) اور میرا بندہ فرض ادا کرنے کے بعد

نفل عبادتیں کر کے مجھ سے اتنا نزدیک ہو جاتا ہے کہ میں اس سے محبت کرنے لگ جاتا ہوں۔ پھر جب میں اس سے محبت کرنے لگ جاتا ہوں تو میں اس کا کان بن جاتا ہوں جس سے وہ سنتا ہے، اس کی آنکھ بن جاتا ہوں جس سے وہ دیکھتا ہے، اس کا ہاتھ بن جاتا ہوں جس سے وہ پکڑتا ہے، اس کا پاؤں بن جاتا ہوں جس سے وہ چلتا ہے اور اگر وہ مجھ سے مانگتا ہے تو میں اسے دیتا ہوں اگر وہ کسی دشمن یا شیطان سے میری پناہ مانگتا ہے تو میں اسے محفوظ رکھتا ہوں اور میں جو کام کرنا چاہتا ہوں اس میں مجھے اتنا تردد نہیں ہوتا جتنا کہ مجھے اپنے مومن بندے کی جان نکالنے میں ہوتا ہے۔ وہ تو موت کو بوجہ تکلیف جسمانی کے پسند نہیں کرتا اور مجھ کو بھی اسے تکلیف دینا برا لگتا ہے"۔ (صحیح البخاری: ج ۸، کتاب الرقاق، باب التَّوَاضُعِ، رقم الحدیث ۶۵۰۲)

٦٥٠٢- حدّثني مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلاَلٍ، حَدَّثَنِي شَرِيكُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ أَبِي نَمِرٍ، عَنْ عَطَاءٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ((إِنَّ اللهَ قَالَ: مَنْ عَادَى لِي وَلِيًّا فَقَدْ آذَنْتُهُ بِالْحَرْبِ، وَمَا تَقَرَّبَ إِلَيَّ عَبْدِي بِشَيْءٍ أَحَبَّ إِلَيَّ مِمَّا افْتَرَضْتُ عَلَيْهِ، وَمَا يَزَالُ عَبْدِي يَتَقَرَّبُ إِلَيَّ بِالنَّوَافِلِ حَتَّى أُحِبَّهُ، فَإِذَا أَحْبَبْتُهُ كُنْتُ سَمْعَهُ الَّذِي يَسْمَعُ بِهِ، وَبَصَرَهُ الَّذِي يُبْصِرُ بِهِ، وَيَدَهُ الَّتِي يَبْطِشُ بِهَا، وَرِجْلَهُ الَّتِي يَمْشِي بِهَا، وَإِنْ سَأَلَنِي لَأُعْطِيَنَّهُ، وَلَئِنِ اسْتَعَاذَنِي لَأُعِيذَنَّهُ، وَمَا تَرَدَّدْتُ عَنْ شَيْءٍ أَنَا فَاعِلُهُ تَرَدُّدِي عَنْ نَفْسِ الْمُؤْمِنِ يَكْرَهُ الْمَوْتَ، وَأَنَا أَكْرَهُ مَسَاءَتَهُ)).

(۶۵۰۲) مجھ سے محمد بن عثمان نے بیان کیا' کہا ہم سے خالد بن مخلد نے' کہا ہم سے سلیمان بن بلال نے' ان سے شریک بن عبداللہ بن ابی نمر نے' ان سے عطاء نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ جس نے میرے کسی ولی سے دشمنی کی اسے میری طرف سے اعلان جنگ ہے اور میرا بندہ جن جن عبادتوں سے میرا قرب حاصل کرتا ہے اور کوئی عبادت مجھ کو اس سے زیادہ پسند نہیں ہے جو میں نے اس پر فرض کی ہے (یعنی فرائض مجھ کو بہت پسند ہیں جیسے نماز' روزہ' حج' زکوۃ) اور میرا بندہ فرض ادا کرنے کے بعد نفل عبادتیں کر کے مجھ سے اتنا نزدیک ہو جاتا ہے کہ میں اس سے محبت کرنے لگ جاتا ہوں۔ پھر جب میں اس سے محبت کرنے لگ جاتا ہوں تو میں اس کا کان بن جاتا ہوں جس سے وہ سنتا ہے' اس کی آنکھ بن جاتا ہوں جس سے وہ دیکھتا ہے' اس کا ہاتھ بن جاتا ہوں جس سے وہ پکڑتا ہے' اس کا پاؤں بن جاتا ہوں جس سے وہ چلتا ہے اور اگر وہ مجھ سے مانگتا ہے تو میں اسے دیتا ہوں اگر وہ کسی دشمن یا شیطان سے میری پناہ کا طالب ہوتا ہے تو میں اسے محفوظ رکھتا ہوں اور میں جو کام کرنا چاہتا ہوں اس میں مجھے اتنا تردد نہیں ہوتا جتنا کہ مجھے اپنے مومن بندے کی جان نکالنے میں ہوتا ہے۔ وہ تو موت کو بوجہ تکلیف جسمانی کے پسند نہیں کرتا اور مجھ کو بھی اسے تکلیف دینا برا لگتا ہے۔

حسین بن منصور حلاجؒ کے اس کلام کا حقیقی و صحیح مطلب مندرجہ بالا حدیثِ قدسی سے واضح طور پر سمجھا جا سکتا ہے جس میں اللہ تبارک وتعالیٰ خود فرماتے ہیں کہ جس نے میرے کسی ولی سے دشمنی کی اسے میری طرف سے اعلان جنگ ہے۔ اور میرا بندہ نوافل کے ذریعہ میرے اتنے قریب ہو جاتا ہے کہ میں اس سے محبت کرنے لگ جاتا ہوں۔ پھر جب میں اس سے محبت کرنے لگ جاتا ہوں تو میں اس کا کان بن جاتا ہوں جس سے وہ سنتا ہے، اس کی آنکھ بن جاتا ہوں جس سے وہ دیکھتا ہے، اس کا ہاتھ بن جاتا ہوں جس سے وہ پکڑتا ہے، اس کا پاؤں بن جاتا ہوں جس سے وہ چلتا ہے۔ کیا کوئی شخص اللہ تبارک وتعالیٰ کے اس ارشاد کا حقیقی معنیٰ و مطلب بیان کر سکتا ہے؟ اللہ تعالیٰ کے اس

ارشاد کا حقیقی معنیٰ و مطلب اس کے علاوہ اور کچھ نہیں ہو سکتا جو حسین بن منصورؒ کی زبان سے بیان ہوا ''یعنی یہ بات (جو میں نے لکھی) تو ہمارے نزدیک عین جمع ہے۔ اللہ کے سوا لکھنے والا کون ہے، میں اور میرا ہاتھ تو اس میں آلہ محض کے سوا کچھ نہیں''۔

ابن منصورؒ نے اس کیفیت کا اظہار کیا ہے جو اولیاء اللہ کو ریاضت و مجاہدے سے حاصل ہوتی ہے۔ جن پر اللہ کی محبت کا غلبہ ہوتا ہے ان کو سوائے اللہ تعالیٰ کے کوئی چیز نظر نہیں آتی، یہ خاص کیفیت ہے جن پر گزرتی ہے وہی سمجھ سکتا ہے۔ حسین بن منصورؒ کے کلام کا یہی مطلب ہے کہ اقوال حسنہ سب اللہ ہی کی طرف سے ہیں میں تو محض آلہ اظہار ہوں۔ مجھ سے لکھوانے والا تو صرف اللہ ہے۔ یہی وجہ ہے کہ انہوں نے اپنے خط کو منجانب اللہ کی طرف منسوب کیا۔

حسین بن منصور حلّاج رحمہ اللہ کے اس جملے ''ولکن هذا عين الجمع عندنا''۔ ''لیکن یہ بات (جو میں نے لکھی) تو ہمارے نزدیک عین جمع ہے'' کو اصطلاح صوفیہ میں توحید الٰہی ''وحدة الوجود'' کہا جاتا ہے۔ توحید الٰہی ''وحدة الوجود'' کا صحیح مطلب مولانا تقی عثمانی صاحب اور مشہور غیر مقلد عالم حافظ عبد اللہ محدث روپڑی صاحب کی زبانی وضاحت سے بیان کیا جاچکا ہے۔

پھر جب ان سے اس عقیدہ ''عین جمع'' کے متعلق سوال کیا گیا تو انھوں ابن عطاء، محمد جریری اور امام شبلی کا نام لیا اور یہ بھی بتادیا کہ دو بزرگ تو اس عقیدہ کو راز رکھتے ہیں اگر صاف کہہ سکتے ہیں تو وہ ابن عطاءؒ ہیں۔ اب دیکھنا یہ تھا کہ کیا ابن عطاءؒ نے ابن منصورؒ کی بات کی تائید کرتے ہوئے ان کے اس عقیدہ کو صحیح قرار دیا کفریہ؟

چنانچہ تینوں بزرگوں (ابن عطاءؒ، محمد جریریؒ اور امام شبلیؒ) کو بلایا گیا اور ابن منصورؒ کی پیشن گوئی کے مطابق دو بزرگوں نے تو موافقت سے انکار کیا اور ابن العباس بن عطاءؒ نے پوری تائید کی۔ وزیر حامد العباس نے کہا آپ ایسے اعتقاد کی تصویب کرتے ہیں؟ اس پر حضرت ابو العباس بن عطاءؒ نے فرمایا: ''فَقَالَ: هذا اعتقاد صحيح، وأنا أعتقد هذا الاعتقاد، ومن لا يعتقد هذا فهو بلا اعتقاد''۔ ''یہ اعتقاد صحیح ہے، میں اس کا معتقد ہوں اور جس کا یہ اعتقاد نہ ہو وہ بے اعتقاد ہے''۔

ابن عطاءؒ کے اس جواب پر وزیر حامد العباس نے انہیں اپنے غلاموں کے ذریعہ مارنا شروع کر دیا جس کے نتیجہ میں ان کے نتھنوں سے خون بہنے لگا، پھر ان کو قید میں ڈالنے کا حکم دیا۔ تو ابو العباس بن عطاءؒ نے بد دعا کی کہ اے اللہ! اس وزیر کو قتل کر اور اس کے ہاتھ پیر کٹوادے۔ اس واقعہ کے ایک ہفتہ بعد حضرت ابن عطاءؒ کا انتقال ہو گیا اور وزیر حامد بھی اسی طرح قتل کیا گیا۔ (تاریخ مدينة السلام، الأمام خطیب بغدادیؒ: ج۸، ص۷۰۷-۷۰۶)

تاريخ مدينة السلام

وأخبار محدثيها وذكر قطانها العلماء من غير أهلها ووارديها

تأليف

الإمام الحافظ أبي بكر أحمد بن علي بن ثابت الخطيب البغدادي

٣٩٢ - ٤٦٣ هـ

المجلد الثامن

تليد - الحسين

٣٥٣٥ - ٤٢٠٢

حققه، وضبط نصه، وعلق عليه

الدكتور بشار عواد معروف

دار الغرب الإسلامي

رأسُه للناس على سور السِّجن الجديد، وعُلِّقَت يداهُ ورجلاهُ إلى جانب رأسِهِ.

حدثني محمد بن أبي الحسن السَّاحلي، عن أبي العباس أحمد بن محمد النَّسوي، قال: سمعت محمد بن الحُسين الحافظ يقول: سمعت إبراهيم بن محمد الواعظ يقول: قال أبو القاسم الرَّازي: قال أبو بكر بن حمشاذ: حَضَر عندنا بالدِّينور رجلٌ ومعه مخلاة فما كان يُفارِقُها بالليل ولا بالنهار، ففتَّشُوا المخلاةَ فوَجدوا فيها كتابًا للحَلَّاج عنوانه: من الرحمن الرحيم إلى فلان بن فلان، فوجه إلى بغداد، قال: فأحضِرَ وعُرِضَ عليه، فقال: هذا خَطِّي وأنا كتبتُهُ. فقالوا: كنتَ تدَّعي النُّبوة فصرتَ تدَّعي الرُّبوبية؟ فقال: ما أدَّعي الرُّبوبية، ولكن هذا عينُ الجمعِ عندنا، هل الكاتب إلَّا الله، وأنا واليدُ فيه آلةٌ، فقيل: هل معك أحد؟ فقال: نعم، ابنُ عطاء، وأبو محمد الجَرِيري، وأبو بكر الشِّبلي. وأبو محمد الجريري يَستَتِر، والشِّبلي يَستَتِر، فإن كان فابن عطاء. فأُحْضِرَ الجريري، فسُئِل فقال: هذا كافرٌ يُقتَل ومن يقول هذا؟ وسُئِل الشِّبلي، فقال: من يقول هذا يُمْنَع. ثم سُئِل ابنُ عطاء عن مقالة الحَلَّاج، فقال بمقالته، فكان سبب قَتْله.

أخبرنا إسماعيل بن أحمد الحِيري، قال: أخبرنا أبو عبدالرحمن السُّلمي[1]، قال: سمعت محمد بن عبدالله الرَّازي يقول: كان الوزير حيث[2] أحضِرَ الحُسين بن منصور للقَتْل، حامد بن العباس فأمرَهُ أن يكتبَ اعتقادَهُ، فكتبَ اعتقادَهُ، فعَرَضه الوزير على الفُقهاء ببغداد فأنكروا ذلك، فقيلَ للوزير: إنَّ أبا العباس بن عطاء يُصَوِّبُ قولَهُ، فأمرَ أن يُعْرَضَ ذلك على أبي العباس بن عطاء، فعُرِض عليه، فقال: هذا اعتقادٌ صحيح، وأنا أعتقد هذا الاعتقاد، ومن لا يَعتقد هذا فهو بلا اعتقاد. فأمرَ الوزير بإحضارِهِ فأحضرَ، وأُدخِلَ عليه فجلس في صدر المَجلس فغاظَ الوزير ذلك، ثم أخرجَ ذلك الخط، فقال: هذا

(١) في م و هـ ٥: «الشبلي»، محرف.

(٢) في م: «حين»، وأثبتنا ما في النسخ.

تاريخ مدينة السلام

وأخبار محدثيها وذكر قطانها العلماء من غير أهلها ووارديها

تأليف

الإمام الحافظ أبي بكر أحمد بن علي بن ثابت الخطيب البغدادي

٣٩٢ - ٤٦٣ هـ

المجلد الثامن

تليد - الحسين

٣٥٣٥ - ٤٢٠٢

حققه، وضبط نصه، وعلق عليه

الدكتور بشار عواد معروف

دار الغرب الإسلامي

خطُّك؟ فقال: نعم، فقال: تُصوِّب مثل هذا الاعتقاد؟ فقال: مالك ولهذا، عليكَ بما نُصِبْتَ له من أخذِ أموال النَّاس، وظُلمِهم، وقَتْلهم، مالك ولكلام هؤلاء السَّادة. فقال الوزير: فكَّيْه، فضُرِبَ فَكَّاه، فقال أبو العباس: اللهم إنك سَلَّطت هذا عليّ عقوبة لدخولي عليه. فقال الوزير: خفَّهُ يا غُلام، فنَزَع خفَّهُ فقال: دِماغَه، فما زال يضربُ رأسه حتى سال الدم من منْخريه، ثم قال: الحَبْس، فقيل: أيها الوزير يتشوشُ العامةُ لذلك، فحُمِلَ إلى منزِلِهِ. فقال أبو العباس: اللهم اقتلهُ أخبثَ قِتْلة، واقطَع يدَيْه ورِجليه. فمات أبو العباس بعدَ ذلكَ بسبعة أيام، وقُتِلَ حامد بن العباس أفظعَ قِتلة وأوحشها، بعد أن قُطعت يداه ورجلاه، وأُحرِقَ دارُهُ، وكانوا يقولون: أدرَكَتْهُ دعوةُ أبي العباس بن عطاء.

أخبرنا محمد بن عليّ بن الفَتْح، قال: أخبرنا محمد بن الحُسين النَّيسابوري، قال: سمعتُ أبا بكر بن غالب يقول: سمعتُ بعض أصحابِنا يقول: لما أرادوا قتل الحُسين بن منصور أحضِرَ لذلك الفُقهاء، والعُلماء، وأخرجوهُ، وقَدَّموه بحَضْرةِ السُّلطان، فسألوه فقالوا مسألة، فقال: هاتوا. فقالوا له: ما البُرهان؟ فقال: البُرهان شواهد يُلْبِسُها الحقُّ أهلَ الإخلاص، يجذبُ النُّفوسَ إليها جاذبُ القُبول. فقالوا بأجمعهم: هذا كلامُ أهل الزَّندقة! وأشاروا على السُّلطان بقَتْله.

قلت: قد أحالَ هذا الحاكي عن الفُقهاء بأنَّ هذا كلام أهل الزَّندقة، وهو رجلٌ مجهول، وقولُه غير مقبول، وإنما أوجب الفُقهاء قَتْله بأمر آخر.

حدثني مسعود بن ناصر، قال: أخبرنا محمد بن عبدالله بن باكو الشِّيرازي، قال: سمعتُ عيسى[1] بن بزول القَزْويني، وقد سأل أبا عبدالله بن خَفيف عن معنى هذه الأبيات[2] [من السريع]:

(١) سقطت من م.

(٢) ديوانه ٣٢.

ابن عطاءؒ کا حسین بن منصورؒ کے اس عقیدہ کی مکمل تائید کرنا اور خود کو ان کا معتقد کہنااس بات کی دلیل ہے کہ حسین بن منصورؒ کااعتقاد قرآن وسنت کے عین مطابق تھا۔ یہاں ابو العباس بن عطاءؒ کے مختصر حالات بیان کیئے دیتے ہیں تا کہ قارئین کرام کو ان کا علمی مقام ومرتبے کا علم ہو سکے۔

امام ذہبیؒ ابو العباس بن عطاءؒ کے بارے میں لکھتے ہیں: ”پرہیز گار عبادت گزار ابو العباس احمد بن محمد بن سھل بن عطاء الآدمی البغدادی۔ روزانہ پورا قرآن ختم کرتے تھے اورر مضان المبارک میں ہر دن تین بار ختم کرتے تھے، اور فہم معانی قرآن کے لئے جو ایک تلاوت شروع کی تھی اس میں چودہ برس کے اندر نصف قرآن تک بھی نہ پہنچے۔ حلّاج کا حال ان پر حاوی تھا اور اسے صحیح قرار دیتے تھے۔ سلمی فرماتے ہیں: وہ حلّاج کی حمایت کے سبب آزمائش میں مبتلا ہو گئے تھے۔ وزیر حامد نے انہیں طلب کیا اور کہا کہ آپ حلّاج کے بارے میں کیا کہتے ہیں۔ ابن عطاءؒ نے فرمایا! تم کو اس معاملہ سے کیا واسطہ ؟ تم لوگوں کا مال لوٹتے رہو اور خون بہاتے رہو۔ وزیر حامد کے حکم سے ابن عطاءؒ کے دانت توڑ دیئے گئے۔ ابن عطاءؒ نے چلاتے ہوئے وزیر حامد العباس کو بد دعا دی کہ اے اللہ! اس کے ہاتھ پیر کٹوادے۔ اس واقعہ کے ۱۴ دن بعد ابن عطاءؒ کی وفات ہو گئی اور زیادہ دن نہ گزرے تھے کہ وزیر حامد بن العباس بھی قتل کیا گیا۔ قتل سے پہلے اس کے دونوں ہاتھ اور دونوں پاؤں کاٹے گئے۔ اس وقت لوگ کہتے ہیں کہ اس کو ابو العباس بن عطاءؒ کی بد دعا لگئی“۔ (سیر اعلام النبلاء: ج۱۶، ص ۲۵۵)

١٦٠ - ابنُ عَطَاء *

الزَّاهدُ العابدُ المتألّه ، أبو العبّاس ، أحمدُ بنُ محمد بن سَهل بن عطاء الأدميُّ البغداديّ .

حدَّثَ عن : يوسفَ بنِ موسى القطّان .

وعنه : محمدُ بنُ عليِّ بنِ حُبيش ، وقال : كانَ له في كلِّ يومٍ خَتمة ، وفي رمضان تسعون(1) خَتمة ، وبقيَ في خَتمة مُفردةٍ بضعَ عشرةَ سنة يتفهَّمُ ويتدبَّر .

وقال حسينُ بنُ خاقان : كانَ ينامُ في اليوم واللَّيلة ساعتَين ، ماتَ في سنةِ تسعٍ وثلاثِ مئة ، في ذي القَعْدة .

قلتُ : لكنّه راجَ عليه حالُ الحلاّج ، وصحّحه ، فقال السُّلَمي : امتُحِنَ بسبب الحلاّج ، وطَلَبه حامدُ الوزير وقال : ما الذي تقولُ في الحلاّج ؟ فقال : مالَك ولذاك ؟ عليكَ بما نُدِبتَ له من أخذ الأموال ، وسفكِ الدِّماء . فأمَرَ به ، ففُكَّتْ أسنانُه ، فصاح : قطعَ اللهُ يديكَ ورِجْلَيك . ومات بعد أربعةَ عشَرَ يوماً ، ولكنْ أُجيبَ دُعاؤُه ، فقُطِعتْ أربعةُ حامد . قال السُّلمي : سمعتُ أبا عَمْرو بنَ حمدان يذكر هذا .

قال : وكان ابنُ عَطَاء ينتمي إلى المارِسْتانيِّ إبراهيم .

وقيل : إن ابنَ عَطَاء فقدَ عقلَهُ ثمانيةَ عَشَرَ عاماً ، ثم ثَابَ إليه عقلُه .

ثبّتَ اللهُ علينا عقولَنا وإيمانَنا ، فَمَنْ تسبَّبَ في زوالِ عقلِه بجُوعٍ ورياضةٍ صَعْبَة ، وخَلْوة ، فَقَدْ عَصَى وأَثِمَ ، وضاهَى من أزال عقلَه بعضِ يومٍ بسُكر . فما أحسنَ التَّقيُّد بمتابعةِ السُّنَنِ والعِلْم .

* طبقات الصوفية : ٢٦٥ - ٢٧٢ ، حلية الأولياء : ١٠/٣٠٢ - ٣٠٥ ، تاريخ بغداد : ٥/٢٦ - ٣٠ ، الرسالة القشيرية : ٢٣ - ٢٤ ، صفة الصفوة : ٢/٤٤٤ - ٤٤٦ ، المنتظم : ٦/١٦٠ ، العبر : ٢/١٤٤ ، دول الإسلام : ١/١٨٧ ، الوافي بالوفيات : ٨/٢٤ - ٢٥ ، مرآة الجنان : ٢/٢٦١ ، البداية والنهاية : ١١/١٤٤ ، طبقات الأولياء : ٥٩ - ٦١ ، شذرات الذهب : ٢/٢٥٧ - ٢٥٨ .

(1) في الأصل: «تسعين» .

٢٥٥

سِيَرُ أعلامِ النُّبلاءِ

تصنيف

الإمام شمس الدين محمد بن أحمد بن عثمان الذهبي

المتوفى

٧٤٨هـ - ١٣٧٤م

الجزء الرابع عشر

أشرف على تحقيق الكتاب وخرّج أحاديثه

شعيب الأرنؤوط

حقق هذا الجزء

اكرم البوشي

مؤسسة الرسالة

شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ لکھتے ہیں: "پرہیز گار عبادت گزار ابو العباس احمد بن محمد بن سہل بن عطاء الآدمی البغدادی۔ روزانہ پورا قرآن ختم کرتے تھے۔ امام ذہبی فرماتے ہیں: وہ حلاّج کے مذہب کے حامی تھے اور اسے صحیح قرار دیتے تھے۔ سلمی فرماتے ہیں: وہ حلاّج کی حمایت کے سبب آزمائش میں مبتلا ہو گئے تھے"۔ (بیان تلبیس الجهمية: ج۲، ص۱۱۰)

المملكة العربية السعودية
وزارة الشؤون الإسلامية والأوقاف والدعوة والإرشاد
مجمع الملك فهد لطباعة المصحف الشريف
الأمانة العامة

بيان تلبيس الجهمية
في تأسيس بدعهم الكلامية

تأليف شيخ الإسلام
أحمد بن عبد الحليم بن عبد السلام بن تيمية الحراني
(ت ٧٢٨هـ)

الجزء الثاني

العلو - الاستواء - الحد - الجسم - الحيز - الجهة

حققه
د. رشيد حسن محمد علي

التستري(١) وعمرو بن عثمان المكي(٢) وأبي العباس بن عطاء(٣)، بـل مثـل أبـي طـالـب المكـي(٤) وأبـي عبـد الـرحمـن

(١) أبو محمد سهل بن عبد الله بن يونس بن عيسى بن عبد الله التستري: بضم المثناة الأولى وفتح الثانية نسبة إلى تستر بلدة من كُور الأهواز، صوفي مشارك في أنواع من العلوم، ولد بتستر سنة ٢٠٣هـ وتوفي بالبصرة سنة ٢٨٣هـ من آثاره: دقائق المحبين، مواعظ العارفين، تفسير القرآن العظيم، قصص الأنبياء.
انظر: [وفيات الأعيان ٢/ ٤٢٩ ـ ٤٣٠، الوافي بالوفيات ١٦/ ١٦ ـ ١٧ معجم المؤلفين ٤/ ٢٨٤].

(٢) عمرو بن عثمان بن كرب بن غُصص المكي «أبو عبد الله» الزاهد، من شيوخ الصوفية، عالم بالأصول والفقه، تتلمذ على الحلاج، وحدث وسكن بغداد، قال الذهبي: وكان ينكر على الحلاج ويذمه، مات ببغداد سنة ٢٩١ هـ وقيل غير ذلك.
انظر: [تاريخ بغداد ١٢/ ٢٢٣ ـ ٢٢٥، سير أعلام النبلاء ١٤/ ٥٧ ـ ٥٨ شذرات الذهب ٢/ ٢٢٥ ـ ٢٢٦، معجم المؤلفين ٨/ ١٠ ـ ١١].

(٣) الزاهد العابد أبو العباس أحمد بن محمد بن سهل بن عطاء الآدمي البغدادي حدث عن يوسف بن موسى القطان، وعنه محمد بن علي بن حبيش، وقال: كان له في كل يوم ختمة. قال الذهبي: راج عليه مذهب الحلاج، وصححه، وقال السلمي: امتحن بسبب الحلاج. وقيل إن ابن عطاء فقد عقله ثمانية عشر عامًا ثم ثاب إليه عقله مات في ذي القعدة سنة ٣٠٩هـ.
بتصرف من [سير أعلام النبلاء ١٤/ ٢٥٥ ـ ٢٥٦]، وانظر [الحلية ١٠/ ٣٠٢ / ٣٠٥، تاريخ بغداد ٥/ ٢٦ ـ ٣٠، طبقات الأولياء ٥٩ ـ ٦١، شذرات الذهب ٢/ ٢٥٧ ـ ٢٥٨].

(٤) هو أبو طالب محمد بن علي بن عطية الحارثي المكي، صوفي متكلم واعظ، قال ابن خلكان: ولم يكن من أهل مكة وإنما كان من أهل الجبل وسكن بمكة فنسب إليها، دخل البصرة، وقدم بغداد، قال الذهبي: كان مجتهدًا في العبادة، وقال الخطيب: صنف كتابًا سماه قوت القلوب على لسان الصوفية ذكر فيه أشياء منكرة مستشنعة في الصفات، توفي ببغداد في جمادى الآخرة سنة ٣٨٦هـ من =

١١٠

ابن ملقنؒ اپنی کتاب طبقات الاولیاء میں حضرت ابو العباس بن عطاءؒ کے بارے میں لکھتے ہیں: "وہ حضرت جنید بغدادیؒ اور ابراہیم مارستانیؒ وغیرہ کی صحبت میں رہے۔ حضرت جنید بغدادیؒ اور ابو سعید خراز کی بہت تعظیم کرتے تھے"۔ (طبقات الاولیاء: ص۵۹)

طبقات الأولياء

لابن الملقن
سراج الدين أبو حفص عمر بن على بن أحمد المصرى
٧٢٣ — ٨٠٤ هـ

بتحقيق
نور الدين شريبه
من علماء الأزهر

الناشر مكتبة الخانجي بالقاهرة

١٤ — أبو العباس بن عطاء الأدمى (*)

؟ — ٣٠٩ هـ

أبو العباس (١) أحمد بن محمد بن سهل بن عطاء الأدمىّ (٢). صحب الجنيد، وابرهيم المارستانى، وغيرهما.

وكان من أقران الجنيد وعلمائهم. وكان أبو سعيد الخراز يعظم شأنه (٣).

مات سنة تسع وثلثمائة.

من كلامه:

١ — « من ألزم نفسه آداب (٤) السّنة نوّر الله / قلبه بنور المعرفة. [١٠ـ ط]

(*) انظر ترجمة الأدمى فى: طبقات الصوفية: ٢٦٥ — ٢٧٢؛ حلية الأولياء: ١٠/ ٣٠٢—٣٠٥؛ صفة الصفوة: ٢/ ٢٥٠؛ الرسالة القشيرية: ٣١؛ طبقات الشعرانى: ١/ ١١١ — ١١٣؛ تاريخ بغداد: ٥/ ٢٦ — ٣٠؛ شذرات الذهب: ٢/ ٢٥٧؛ البداية والنهاية: ١١/ ١٤٤؛ سير أعلام النبلاء: ٩/ ٢/ ٢٠٣؛ نتائج الأفكار القدسية: ١/ ١٣٣ — ١٧٥؛ المنتظم: ٦/ ١٦٠؛ مرآة الجنان: ٢/ ٢٦١

(١) طه: أحمد بن محمد بن سهل بن عطاء الأدمى أبو العباس. من كبارهم وعلمائهم وأقران الجنيد.

(٢) الأدمى — بفتح الهمزة والدال: بعدها ميم — نسبة الى بيع الأدم وهو الجلد، ومن المنسوبين إليه كثرة منهم ابن عطاء.
اللباب: ١/ ٣٩

(٣) طه: يعظم أمره.

(٤) طه: أدب السنة.

خطیب بغدادیؒ لکھتے ہیں: ”(ابو العباس بن عطاءؒ) اس زمانے کے ان صوفیوں میں سے تھے جو عبادات و اجتہاد اور کثرت سے قرآن کا درس دیا کرتے تھے۔ انہوں نے یوسف بن موسیٰ القطان اور فضل بن زیاد صاحب احمد بن حنبلؒ سے احادیث روایت کی“۔ (تاریخ مدینۃ السلام، الامام خطیب بغدادیؒ: ج۶، ص۱۶۵)

٢٦٤٢- أحمد بن محمد بن سَهْل بن عطاء، أبو العباس الأَدَميُّ الصُّوفيُّ(٥).

كان أحد شيوخهم الموصوفين بالعبادة والاجتهاد، وكثرة الدَّرس للقرآن. وحدَّث بشيءٍ يسيرٍ عن يوسف بن موسى القطّان، والفَضْل بن زياد صاحب أحمد بن حنبل، ونحوهما. روى عنه محمد بن عليّ بن حُبَيْش الناقد.

أخبرنا أبو نُعيم الحافظ، قال(١): حدثنا محمد بن عليّ بن حُبَيْش، قال: حدثنا أبو العباس أحمد بن محمد بن سَهْل بن عطاء الصُّوفي، قال: حدثنا يوسف بن موسى القطّان، قال: حدثنا الحسن بن بشر البَجلي، قال: حدثنا الحكم بن عبدالملك، عن قَتادة، عن أبي مَليح، عن واثلة بن الأسقع، قال: قال رسولُ الله ﷺ: «يدخلُ الجنّة بشفاعة رجلٍ من أمتي أكثر من بني تَميم»(٢).

أخبرنا محمد بن أحمد بن رِزْق، قال: أخبرنا أبو الحُسين محمد بن علي بن حُبَيْش الناقد، قال: حدثنا أبو العباس أحمد بن محمد بن سَهْل بن عطاء الأدَمي، قال: حدثنا الفَضْل بن زياد، قال: سمعتُ هارون بن معروف يقول: أقبلتُ على الحديث وتركتُ القُرآن، قال: فرأيتُ في المنام كأن قائلاً يقول لي: مَن آثرَ الحديثَ على القُرآن عُوقِب. قال: فما حال عَليَّ الحول حتى ذهب بَصَري.

أخبرنا أبو نُعيم الحافظ، قال(٣): سمعت أبا الحُسين بن حُبَيْش وذكر أبا

= وانظر حلية الأولياء ١٠/ ٣٠٤ - ٣٠٥.

(١) حلية الأولياء ١٠/ ٣٠٤.

(٢) إسناده ضعيف، لضعف الحكم بن عبدالملك البصري. على أن متن الحديث صحيح من حديث عبدالله بن أبي الجدعاء؛ أخرجه الطيالسي (١٢٨٣)، وأحمد ٣/ ٤٦٩ و٤٧٠ و٥/ ٣٦٦، والبخاري في تاريخه الكبير ٥/ الترجمة (٤٤)، والترمذي (٢٤٣٨)، وابن ماجة (٤٣١٦)، وأبو يعلى (٦٨٦٦)، وابن خزيمة في التوحيد ص ٣١٣، وابن حبان (٧٣٧٦)، والحاكم ١/ ٧٠و٧١ و٣/ ٤٠٨، والبيهقي في الدلائل ٦/ ٣٧٨. وانظر المسند الجامع ٨/ ٢١٤ حديث (٥٧٣٧).

(٣) حلية الأولياء ١٠/ ٣٠٢.

١٦٥

حضرت ابو العباس بن عطاءؒ جیسے جلیل القدر بزرگ و محدث جن کو اولیاء اللہ میں شمار کیا جاتا ہے۔ انہوں نے ابن منصورؒ کی مکمل تائید کی، ان کے حال کو صحیح قرار دیا اور ان کے لئے وزیر حامد کے مظالم کو برداشت کرتے ہوئے اپنی جان تک دیدی۔

ابن منصورؒ کا نبوت اور خدائی کے دعوے سے انکار اور اپنی عبدیت کا اقرار، حضرت ابن عطاءؒ کا ابن منصور کی تائید اور ان کے عقیدہ کے صحیح ہونے کا اقرار اور وزیر حامد العباس کے مظالم اس بات کی واضح دلیل ہے کہ ابن منصورؒ پر لگائے گئے الزامات جھوٹے تھے اور وہ بے قصور تھے۔

تیسرا الزام: سحر (جادو) کی تعلیم و تعلم

خطیب بغدادیؒ نے ابن باکویہ شیرازی کے واسطہ سے ابو الحسن بن ابو توبہ سے روایت کیا ہے کہ اس نے علی بن احمد حاسب سے سنا وہ اپنے باپ سے روایت کرتا ہے کہ۔ کوئی ان کو قبول کرتا ہے اور کوئی رد کرتا ہے کہ مجھے معتضد نے ہندوستان کچھ باتیں معلوم کرنے کے لئے بھیجا، جن پر وہ مطلع ہونا چاہتا تھا، میرے ساتھ کشتی میں ایک شخص تھا جس کا نام حسین بن منصور تھا۔ اس کی معاشرت بہت اچھی اور صحبت بہت پاکیزہ تھی۔ جب ہم کشتی سے کنارہ پر اترے اور مزدوروں نے سامان اتارنا شروع کیا تو میں نے اس (حسین بن منصور) سے پوچھا، تم

یہاں کس لئے آئے ہو؟ کہا جادو سیکھنے آیا ہوں تا کہ مخلوق کو اللہ تعالیٰ کی طرف دعوت دوں۔ اسی کنارہ پر ایک جھونپڑی تھی جس میں ایک بہت بوڑھا آدمی رہتا تھا۔ حسین بن منصور نے اس سے کہا، تمہارے یہاں کوئی شخص جادو کا جاننے والا ہے؟ (اس کے جواب میں) بڈھے نے سوت کی انٹی نکالی اور اس کا ایک کنارہ حسین بن منصور کے ہاتھ میں دے کر انٹی کو ہوا میں پھینک دیا، تو اس کا ایک لمبا تار بن گیا۔ اس کے بعد بڈھا اس تار پر چڑھ گیا، پھر اتر آیا اور ابن منصور سے کہا، تم اسی کو چاہتے ہو؟ پھر مجھ میں اور ان میں جدائی ہوگئی۔ اسکے بعد میں نے بغداد ہی میں ان کو دیکھا۔ (تاریخ مدینۃ السلام، الامام خطیب بغدادیؒ: ج۸، ص۲۹۸-۲۹۷)

تاريخ مدينة السلام

وأخبار محدثيها وذكر قطانها العلماء من غير أهلها ووارديها

تأليف

الإمام الحافظ أبي بكر أحمد بن علي بن ثابت

الخطيب البغدادي

٣٩٢ - ٤٦٣ هـ

المجلد الثامن

تليد - الحسين

٣٥٣٥ - ٤٢٠٢

حققه، وضبط نصه، وعلق عليه

الدكتور بشار عواد معروف

دار الغرب الإسلامي

(من سنة ٢١٨ - الى سنة ٣٢١ هـ)

الناشر
دار الكتاب العربي
بيروت - لبنان

الكامل في التاريخ

تأليف
المؤرخ عز الدين أبي الحسن علي بن أبي الكرم محمد بن محمد
أبي عبد الكريم بن عبد الواحد الشيباني
المعروف بابن الأثير
(٥٥٥ - ٦٣٠ هـ)

حققه وأعتنى به
الدكتور عمر عبد السلام تدمري
أستاذ التاريخ الإسلامي في الجامعة اللبنانية
عضو الهيئة العربية العليا لإعادة كتابة تاريخ الامة
في اتحاد المؤرخين العرب

الجزء السادس
العصر العباسي الثاني
(عصر النفوذ التركي)
من خلافة المعتصم حتى سنة ٣٢١ من خلافة القاهر بالله
(من سنة ٢١٨ - الى سنة ٣٢١ هـ)

الناشر
دار الكتاب العربي
بيروت - لبنان

ما يشتهي، وأنّه قد موّه على(١) جماعة من حواشي الخليفة، وأنّ نصراً الحاجب قد مال إليه وغيره، فالتمس حامد الوزير من المقتدر بالله أن يسلّم إليه الحلّاج وأصحابه، فدفع عنه نصر الحاجب، فألحّ الوزير، فأمر المقتدر بتسليمه إليه، فأخذه، وأخذ معه إنسان يعرف بالشمريّ(٢)، وغيره، قيل إنّهم يعتقدون أنّه إلهٌ، فقرّرهم، فاعترفوا أنّهم(٣) قد صحّ عندهم أنّه إلهٌ، وأنّه يحيي الموتى، وقابلوا الحلّاج على ذلك، فأنكره وقال: أعوذ بالله أن ادّعي الربوبيّة، (أو النبوّة)(٤)، وإنّما أنا رجل أعبد الله، عزّ وجلّ! فأحضر حامد القاضي أبا عُمرو، والقاضي أبا جعفر بن البُهْلول، وجماعة من وجوه الفقهاء، والشهود، فاستفتاهم، فقالوا: لا يُفْتى(٥) في أمره بشيء، إلّا أن يصحّ عندنا ما يوجب قتله، ولا يجوز قبول قول (٦) مَن يدّعي عليه ما ادّعاه إلّا ببيّنة أو إقرار.

وكان حامد يُخرج الحلّاج إلى(٧) مجلسه(٨)، ويستنطقه(٩)، فلا يظهر منه ما تكرهه الشريعة المطهّرة(١٠).

وطال الأمر على ذلك وحامد الوزير مُجِدّ(١١) في أمره، وجرى له معه قصص يطول شرحها، وفي آخرها أنّ(١٢) الوزير رأى له كتاباً حكى فيه أنّ الإنسان إذا أراد الحجّ، ولم يمكنه، أفرد من داره بيتاً لا يلحقه شيء من النجاسات، ولا يدخله أحد، فإذا حضرت(١٣) أيّام الحجّ طاف حوله، وفعل ما يفعله الحاجّ(١٤) بمكّة، ثمّ يجمع ثلاثين يتيماً، ويعمل أجود طَعام(١٥) يمكنه، ويُطعمُهُم في ذلك البيت، ويَخدُمهم(١٦) بنفسه، فإذا فرغوا كساهم، وأعْطى كل واحد منهم سبعة دراهم، فإذا (فعل ذلك كان كمَنْ حجّ)(١٧).

(١) في الباريسية و(ي): «إلى».
(٢) في (أ) و(ب) ونسخة Berol «بالسميري»، وفي الباريسية: «بالسمري».
(٣) في (أ) و(ب): «عنه أنه».
(٤) من (أ) و(ب).
(٥) في (أ) ونسخة Berol «نفت»، وفي (ي): «مفتى».
(٦) من (أ) ونسخة Berol.
(٧) من (ي).
(٨) في (ي): «محبسه».
(٩) في (أ): «ويستعطفه».
(١٠) من (أ) و(ب).
(١١) في (أ) و(ب): «يجده».
(١٢) من (أ) و(ب).
(١٣) في (ي): «دخلت».
(١٤) في الباريسية: «الحجاج».
(١٥) في الأوروبية: «الطعام».
(١٦) في الأوروبية: «وخدمهم».
(١٧) من الباريسية ونسخة Berol.

الكامل في التاريخ

تأليف
المؤرخ عز الدين أبي الحسن علي بن أبي الكرم محمد بن محمد
أبي عبد الكريم بن عبد الواحد الشيباني
المعروف بابن الأثير
(٥٥٥ - ٦٣٠ هـ)

حققه وأعتنى به
الدكتور عمر عبد السلام تدمري
أستاذ التاريخ الإسلامي في الجامعة اللبنانية
عضو الهيئة العربية العليا لإعادة كتابة تاريخ الامة
في اتحاد المؤرخين العرب

الجزء السادس
العصر العباسي الثاني
(عصر النفوذ التركي)
من خلافة المعتصم حتى سنة ٣٢١ من خلافة القاهر بالله
(من سنة ٢١٨ - الى سنة ٣٢١ هـ)

الناشر
دار الكتاب العربي
بيروت - لبنان

فلمّا قُرِىء هذا على الوزير قال القاضي أبو عُمرو للحلّاج: من أين لك هذا؟

قال: من كتاب «الإخلاص للحَسَن البصريّ».

قال له القاضي (١): كذبتَ يا حلالَ الدم! (قد سمعناه بمكّة وليس فيه هذا.

فلمّا قال له: يا حَلَالَ الدم) (٢)، وسمعها الوزير قال له: اكتب بهذا؛ فدافعه أبو عُمرو، فألزمه حامد (٣)، فكتب بإباحة دمه، وكتب بعده من حضر المجلس.

ولمّا سمع الحلّاج ذلك قال: ما يحلّ لكم دمي، واعتقادي الإسلام، ومذهبي السُّنّة، ولي فيها كتب موجودة، فالله الله في دمي! (وتفرّق الناس)(٤).

وكتب الوزير إلى الخليفة يستأذنه في قتله، وأرسل الفتاوى إليه، فأذِن في قتله، فسلّمه الوزير(٥) إلى صاحب الشُّرطة، فضربه ألف سوط فما تأوّه، ثمّ قطع يده، ثم رِجْله، ثمّ يده، ثمّ رِجْله، ثمّ قُتل(٦) وأُحرق بالنار، فلمّا صار رماداً أُلقي في دجلة، ونُصب الرأس ببغداد، وأُرسل إلى خُراسان لأنّه كان له بها أصحاب، فأقبل بعض أصحابه يقولون: إنّه لم يُقتل، وإنّما أُلقي شبهه على دابّة، وإنّه يجيء بعد أربعين يوماً؛ وبعضهم يقول: لقيتُهُ على حمارٍ بطريق النُّهروان، وإنّه قال لهم(٧): لا تكونوا مثل هؤلاء البقر(٨) الذين يظنّون أنّي ضُربت(٩) وقُتلتُ(١٠).

ذكر عدّة حوادث

وفيها، في ربيع الأوّل، وقع حريق كبير(١١) في الكرخ، فاحترق فيه بشر كثير(١٢).

وفيها استعمل المقتدر على حرب الموصل ومعونتها محمّد بن نصر الحاجب، في

(١) من (أ).
(٢) من (ي) و(أ).
(٣) من (ي).
(٤) من (ي). وانظر: وفيات الأعيان ٢/١٤٣.
(٥) في (أ) و(ب): «الحاجب».
(٦) في (أ): «وصلب».
(٧) من (أ) و(ب).
(٨) في (أ): «النفر».
(٩) من (ي).
(١٠) تكلمة تاريخ الطبري ٢٥، نشوار المحاضرة ٦/٩١، ٩٢، تاريخ بغداد ٨/١٤١، وفيات الأعيان ٢/١٤٥، نهاية الأرب ٢٣/٦٠، تاريخ الإسلام (٣٠١ - ٣٢٠ هـ) ص ٤٠.
(١١) في الباريسية و(ب): «كثير».
(١٢) المنتظم ٦/١٥٩.

وزیر حامد العباس نے حسین بن منصور حلّاجؒ کے قتل کا فتویٰ قاضی ابو عمر سے زبردستی حاصل کیا تھا۔ مشہور مورخ ابن خلکان کی شہادت:

" قاضی ابن خلکان نے (اپنی تاریخ میں) لکھا ہے کہ ابن منصور کے قتل کا سبب کوئی ایسی بات نہ تھی جو شرعاً موجب قتل ہو۔ صرف وزیر نے ان کے خلاف مقدمہ بنالیا تھا۔ جب ان کو مجلس قضاء میں بار بار طلب کیا گیا تو ان پر کوئی ایسی بات ثابت نہیں ہوئی جو خلاف شریعت ہو۔ اس وقت وزیر نے اپنی جماعت سے کہا کہ ابن منصور کی لکھی ہوئی کچھ کتابیں بھی ہیں؟ لوگوں نے کہا، ہاں موجود ہیں۔ پھر انہوں نے بتلایا کہ اس کی ایک کتاب میں یہ مضمون ملا ہے کہ جب انسان حج سے عاجز ہو جائے تو اپنے گھر کے کمرے کو پاک صاف کر کے خوشبو میں بسائے، اس کا طواف کرے تو یہ عمل بیت اللہ کے مثل ہو گا۔ واللہ اعلم۔ یہ قول ان کی طرف منسوب کرنا صحیح تھا یا نہیں؟ اس پر قاضی نے ان کو طلب کیا اور کہا کہ یہ کتاب تمہاری تصنیف کردہ ہے؟ کہا، ہاں۔ پھر پوچھا، تم نے اس کے مضامین کو کہاں سے لیا؟ کہا حسن بصری سے۔ اور حلّاج کو یہ معلوم نہ تھا کہ لوگوں نے اس میں کچھ اپنی طرف سے بھی ملا دیا ہے۔ تو قاضی نے کہا، اے حلال الدم! تو تو جھوٹا ہے۔ حسن بصری کی کتابوں میں اس قسم کی کوئی بات نہیں۔ جیسے ہی قاضی کے منہ سے حلال الدم کا لفظ نکلا، وزیر نے فوراً اس کو پکڑ لیا اور کہا، یہ اس کی فرع ہے کہ تم نے اس کے کفر کا حکم دے دیا ہے (کیونکہ مسلمان یا تو کفر سے حلال الدم ہوتا ہے یا زنا بعد الاحصان سے، یا قتل ناحق سے اور یہاں زنا اور قتل کا کوئی قصہ نہیں، تو بجز کفر وارتداد کے اور کوئی سبب حلال الدم ہونے کا نہیں ہو سکتا) اور قاضی سے کہا، کہ تکفیر کا فتویٰ اپنے دستخط سے لکھ دو۔ قاضی نے اس سے بچنے کی کوشش کی مگر وزیر نے اس کو مجبور کیا، چنانچہ قاضی نے (مجبور ہو کر) لکھ دیا، اس پر عم لوگ وزیر سے بگڑ گئے اور اسے اپنی جان کا خطرہ ہو گیا تو خلیفہ نے گفتگو کی اور بارگاہ خلافت سے ابن منصور کو ایک ہزار کوڑے لگائے جانے اور ہاتھ پیر کاٹے جانے اور سولی دیئے جانے کا حکم حاصل کر لیا"۔ (الطبقات الکبریٰ الامام عبد الوھاب الشعرانی: ج ۱، ص ۳۴)

- ٣٤ -

فذهب صاحب الدكان في حاجته فرجع فوجد القطن كله محلوجا فسمي حلاجا وكان ﷺ يأتي بفاكهة الصيف في الشتاء وعكسه ويمد يده في الهواء فيردها مملوءة دراهم يسميها دراهم القدرة.

قال ابن خلكان: وأما سبب قتله لم يكن عن أمر موجب للقتل إنما عمل عليه الوزير حين أحضروه إلى مجلس الحكم مرات ولم يظهر منه ما يخالف الشريعة فقال لجماعة هل له مصنفات؟ فقالوا نعم فذكروا أنهم وجدوا له كتابا فيه أن الإنسان إذا عجز عن الحج فليعمد إلى غرفة من بيته فيطهرها ويطيبها ويطوف بها ويكون كمن حج البيت والله أعلم إن كان هذا القول عنه صحيحا فطلبه القاضي فقال هذا الكتاب تصنيفك؟، فقال نعم، فقال له أخذته عمن؟ فقال عن الحسن البصري ولا يعلم الحلاج ما دسوه عليه، فقال له القاضي كذبت يا مراق الدم ليس في كتب الحسن البصري شيء من ذلك.

فلما قال القاضي: يا مراق الدم مسك الوزير هذه الكلمة على القاضي قال: هذا فرع عن حكمك بكفره. وقال للقاضي: أكتب خطك بالتكفير فامتنع القاضي فألزمه الوزير بذلك فكتب فقامت العامة على الوزير فخاف الوزير على نفسه فكلم الخليفة بذلك فأمر بالحلاج وضرب ألف سوط فلم يتأوه وقطعت يداه ورجلاه وصلب ثم أحرق بالنار ووقع الاختلاف فيه بين الناس أهو الذي صلب أم رفع كما وقع في عيسى عليه الصلاة والسلام.

وأفتوا بتكفير الإمام الغزالي ﷺ وأحرقوا كتابه الإحياء ثم نصره الله تعالى عليهم وكتبوه بماء الذهب، وكان من جملة من أنكر على الغزالي وأفتى بتحريق كتابه القاضي عياض وابن رشد، فلما بلغ الغزالي ذلك دعا على القاضي فمات فجأة في الحمام يوم الدعاء عليه. وقيل إن المهدي هو الذي أمر بقتله بعد أن ادعى عليه أهل بلده بأنه يهودي لأنه كان لا يخرج يوم السبت لكونه كان يصنف في كتاب الشفاء يوم السبت فقتله المهدي لأجل دعوة الغزالي.

وأخرجوا أبا الحسن الشاذلي ﷺ من بلاد المغرب بجماعته ثم كاتبوا نائب الإسكندرية بأنه سيقدم عليكم مغربي زنديق وقد أخرجناه من بلادنا فالحذر من الاجتماع عليه، فجاء الشيخ إلى الإسكندرية فوجد أهلها كلهم يسبونه ثم وشوا به إلى

برکاتِ روحانی (اردو ترجمہ) ﴿۷۳﴾ طبقات امام شعرانی

ہوتے تو ہمیں گفتگو کی ضرورت ہی نہیں تھی اور لوگوں نے ان کے بارے بہت اختلاف کیا ہے ابن خلکان نے اپنی تاریخ میں فرمایا کہ انہیں حلاج اس لئے کہا جاتا ہے کہ آپ کپاس بیچنے والے کی دکان پر بیٹھے تھے اور وہاں بیلے بغیر کپاس کا سٹاک تھا دکاندار کسی کام کے لئے چلا گیا جب واپس آیا تو دیکھا کہ تمام کپاس بیلی ہوئی ہے اسی وجہ سے آپ کا نام حلاج پڑ گیا آپ موسم گرما کے پھل موسم سرما میں اور اس کے برعکس پیش کیا کرتے اپنا ہاتھ ہوا میں پھیلاتے اور واپس لاتے تو دراہم سے بھر ہوتا آپ انہیں دراہم قدرت کا نام دیتے۔

حلاج کے قتل کا سبب اور واقعہ

آپ کا قتل کسی ایسے امر کی وجہ سے نہ تھا جو کہ قتل کا موجب ہو صرف وزیر نے آپ کے خلاف سازش کی جب آپ کو کمرہ عدالت میں کئی بار لایا گیا اور آپ سے خلاف شرع کچھ بھی ثابت نہ ہوا تو اس نے کہا کہ کیا اس کی تصنیفات ہیں کہا گیا کہ ہیں پس انہوں نے ذکر کیا کہ انہوں نے اس کی ایک کتاب دیکھی ہے جس میں یہ لکھا ہے کہ انسان جب حج کرنے سے عاجز ہو جائے تو چاہیے کہ اپنے گھر کا ایک بالا خانہ پاک صاف کر کے اس کا طواف کرے گویا اس نے حج کر لیا اللہ تعالیٰ بہتر جانتا ہے کہ اس کا یہ قول صحیح ہے یا کیا۔ پس قاضی نے آپ کو طلب کیا اور کہا کہ یہ کتاب آپ کی تصنیف ہے؟ فرمایا ہاں اس نے کہا کہ آپ نے اسے کس سے لیا ہے فرمایا حسن بصری سے اور حلاج کو یہ معلوم نہیں کہ ان کی کتاب میں جعل سازی کی گئی ہے تو قاضی نے کہا کہ اے خون گرائے جانے کے لائق انسان! تو نے جھوٹ کہا حسن بصری کی کتابوں میں ایسی کوئی بات نہیں ہے جب قاضی نے آپ کو مباح الدم یعنی خون گرائے جانے کے لائق کہہ کر خطاب کیا تو وزیر نے قاضی پر اس کلمہ سے دلیل قائم کی کہا کہ یہ کلمہ اس بات کا نتیجہ ہے کہ آپ نے اس پر کفر کا فیصلہ کیا ہے اور قاضی سے کہا کہ اپنی قلم سے تکفیر کا حکم لکھ دیں لیکن قاضی نے ایسا لکھنے سے انکار کیا۔ لیکن وزیر نے دباؤ ڈالا تو اسنے لکھ دیا۔ پس عوام اس وزیر کے خلاف اٹھ کھڑے ہوئے وزیر کو اپنی جان کا خطرہ پڑ گیا۔ اس نے اس مسئلہ میں خلیفہ سے بات کی تو اس نے حلاج کو سزا دینے کا حکم دیا اور جزار کوڑا مارا گیا آپ نے ہائے تک نہ کی آپ کے دونوں ہاتھ اور دونوں پاؤں کاٹ دیئے گئے پھانسی پر لٹکایا گیا پھر آگ میں جلا دیا گیا اور لوگوں میں آپ کے بارے میں اختلاف پڑ گیا کہ کیا یہ وہی ہے جسے پھانسی دی گئی یا اسے اٹھا لیا گیا جس طرح کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق واقعہ رونما ہوا۔

اور امام غزالی رضی اللہ عنہ کی تکفیر کا فتویٰ دیا گیا اور آپ کی کتاب الاحیاء کو جلا دیا گیا پھر اللہ تعالیٰ نے ان کے خلاف آپ کی مدد فرمائی اور کتاب "الاحیاء" کو سونے کے پانی سے لکھا گیا اور امام غزالی پر انکار اور اعتراض کرنے والوں اور آپ کی کتاب کو جلانے کا فتویٰ دینے والوں میں سے قاضی عیاض اور ابن رشید ہیں تو جب غزالی تک یہ بات پہنچی تو انہوں نے قاضی عیاض کے لئے بددعا فرمائی اور جس دن بددعا کی اسی دن قاضی عیاض حمام کے اندر اچانک فوت ہو گئے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ خلیفہ مہدی نے آپ کے قتل کا حکم صادر کیا کیونکہ آپ کے شہر والوں نے دعویٰ کیا کہ یہ یہودی ہے کیونکہ آپ ہفتہ کے دن باہر نہیں نکلتے تھے کیونکہ آپ کتاب الشفاء کی تصنیف ہفتہ کے دن کرتے تھے تو امام غزالی کی دعا کی وجہ سے قاضی عیاض کو مہدی نے قتل کرا دیا۔ اور ابوالحسن الشاذلی رضی اللہ عنہ کو آپ کے رفقاء سمیت بلاد مغرب سے نکال دیا گیا۔ پھر انہوں نے اسکندریہ کے نائب کو لکھا کہ تمہارے ہاں



ابن خلکان کا طرز بیان بتلاتا ہے کہ جس وقت جج کا مضمون پڑھا جا رہا تھا اس وقت ابن منصور مجلس قضا میں موجود نہ تھے، بعد میں بلائے گئے تھے۔ اور ان کو صرف کتاب دکھلا کر سوال کیا گیا کہ یہ کتاب تمہاری تصنیف کردہ ہے؟ ابن منصور نے اس کی صورت دیکھ کر اقرار کر لیا۔ ان کو یہ خبر نہ تھی کہ لوگوں نے اس میں کچھ الحاق بھی کر دیا ہے اور چونکہ پہلے زمانے میں پریس کا وجود نہ تھا۔ کتابیں عموماً قلمی ہوتی تھیں اسلئے دشمنان اسلام کو علماء کی کتابوں میں الحاق کا بڑا موقع مل جاتا تھا کیونکہ قلم سے قلم اور خط سے خط ملا دینا مشکل کام نہیں۔

علامہ عبدالوھاب شعرانیؒ اپنی کتابوں میں جابجا لکھتے ہیں کہ لوگوں نے میری زندگی میں میری کتابوں کے اندر الحاق اور خلط کر دیا تھا جسکی مجھے کچھ خبر نہ تھی۔ آج کل کے اس قدر ترقی یافتہ دور میں لوگ کسی کتاب میں تحریف کر دیتے ہیں تو پھر اس دور میں یہ کام کتنی آسانی سے کیا جا سکتا تھا، اس بات کا اندازہ قارئین خود لگا سکتے ہیں۔ جبکہ حسین بن منصورؒ بھی وزیر حامد کی قید میں تھے اور ان کی تمام کتابیں اور خطوط بھی وزیر حامد کے قبضہ میں تھیں تو وزیر کے لئے یہ کام نہایت ہی آسان تھا کہ ابن منصورؒ کی کتاب میں تحریف کر کے مجلس قضا میں قاضی اور دیگر علماء کے سامنے پیش کر کے جواز قتل کا فتویٰ حاصل کر سکے۔

تاریخ طبری اور تاریخ ابن خلکان کی روایت میں موافقت اس بات کی دلیل ہے کہ ابن منصورؒ کو کتاب پڑھ کر نہیں سنائی گئی تھی، صرف کتاب دکھائی گئی تھی۔

"وزیر حامد بن عباس نے اس کی بعض کتابوں میں یہ مضمون بھی پایا کہ اگر آدمی تین دن تین رات متواتر روزے رکھے اور (درمیان) میں افطار نہ کرے۔ چوتھے روز بندیا کے چند پتوں پر افطار کرے تو رمضان کے روزوں کی ضرورت نہ رہے گی اور اگر کسی رات میں شروع سے صبح تک دو رکعتیں پڑھے تو اسکے بعد نماز کی ضرورت نہ رہے گی۔ اور اگر کسی دن اپنی ساری مملوکات کو جو اس وقت اسکے ملک میں ہوں صدقہ کر دے تو (ہمیشہ کے لئے) زکوٰۃ کا قائم مقام ہو جائے گا اور اگر ایک کمرہ بنا کر چند روزے رکھے پھر اس کمرہ کے گرد ننگا ہو کر طواف

کرے تو اس کو حج کی ضرورت نہ رہے گی۔ اور اگر قریش کے قبرستان میں جا کر قبور شہداء کی زیارت کرے اور وہاں دس دن قیام کر کے نماز پڑھتا دعا کرتا رہے اور متواتر روزے رکھے اور افطار کے وقت بجز قدر قلیل جو کی روٹی اور خالص نمک کے کچھ نہ کھائے تو پھر اس کو ساری عمر عبادت کی ضرورت نہ رہے گی۔ وزیر نے علماء فقہاء اور قاضیوں کو جمع کیا پھر حلّاج سے پوچھا گیا کہ تم اس کتاب کو پہچانتے ہو؟ کہا، ہاں یہ کتاب السنن حسن بصری کی ہے۔ حامد نے کہا کیا تم اس کتاب کے مضامین کو نہیں مانتے؟ کہا کیوں نہیں یہ تو ایسی کتاب ہے کہ میں اللہ تعالیٰ کے ساتھ اس کے موافق معاملہ کرتا ہوں۔ قاضی ابو عمر نے کہا یہ تو سراسر احکام اسلام کے منافی ہے۔ پھر قاضی نے اس سے کچھ اور گفتگو کی یہاں تک کہ ان کی زبان سے حلّاج کے متعلق ''یا حلال الدم'' نکل گیا۔ فقہاء نے بھی ان کی موافقت کی اور ان کے قتل کا فتویٰ دے دیا ان کے خون کو مباح کر دیا گیا پھر یہ سب کاروائی مقتدر باللہ کے پاس لکھ کر بھیجی گئی تو اس نے فرمان بھیج دیا کہ اگر قاضیوں نے حلّاج کے قتل کا فتویٰ دے دیا ہے تو محمد بن عبد الصمد کوتوال حاضر ہو اور اسکے ہزار کوڑے لگائے۔ اگر اسی میں ہلاک ہو جائے تو فبہا ورنہ گردن ماردی جائے''۔ (تاریخ الطبری، الأبی جعفر محمد بن جریز الطبری: ج ۱۱، ص ۹۲)

سنة ۳۰۹

۹۲

الغرقَ ، ليراه الناس ، ثم حبس فى دار الخليفة ، فجعل يتقرّب إليهم بالسُّنة ، فظنّوا ما يقول حقًّا . ثم انطلق، وقد كان ابن الفرات كَبَسه فى وزارته الأولى وعُنِى بطلبه موسى ابن خلف فأفلت هو وغلام له ، ثم ظفر به فى هذه السنة ، فسُلِّم إلى الوزير حامد ،

قال الصولىّ : وقيل إنه كان يدعو فى أول أمره إلى الرِّضا من آل محمد ، فسُعِىَ به فَضُرب ، وكان يُرى الجاهل شيئاً من شعبذته ، فإذا وثق دعاه إلى أنه إله ، فدعا فيمن دعا أبا سهل بن نوبخت ، فقال له : أنبت فى مقدم رأسى شعراً . ثم ترقّت به الحال إلى أن دافع عنه نصر الحاجب لأنه قيل له: هو سُنّى ، وإنما يريد قتله الرافضة ، وكان فى كتبه : إنى مغرّق قوم نوح ومهلك عاد وثمود . وكان يقول لأصحابه : أنت نوح ، ولآخر أنت موسى ، ولآخر أنت محمد . قد أعيدت أرواحهم إلى أجسامكم .

وكان الوزير حامد بن العباس قد وجد له كتباً وفيها أنه إذا صام الإنسان ثلاثة أيام بلياليها ولم يفطر ، وأخذ فى اليوم الرابع ورقات هند باء فأفطر عليها أغناه عن صوم رمضان . وإذا صلّى فى ليلة واحدة ركعتين من أول الليل إلى الغداة أغناه عن الصلاة بعد ذلك ، وإذا تصدق فى يوم واحد بجميع ملكه فى ذلك اليوم أغناه عن الزكاة ، وإذا بنى بيتاً وصام أياماً ثم طاف حوله عُرياناً أغناه عن الحجّ ، وإذا صار إلى قبور الشهداء بمقابر قريش فأقام فيها عشرة أيام يصلّى ويدعو ويصوم ولا يفطر إلا على يسير من الخبز الشعير والملح الجريش أغناه ذلك عن العبادة فى باقى عمره . فأحضر الفقهاء والقضاة بحضرة حامد فقيل له : أتعرف هذا الكتاب ؟ قال : هذا كتاب السُّنَن للحسن البصرىّ ، فقال له حامد : ألست تدين بما فى هذا الكتاب ؟ فقال : بلى ، هذا كتاب أدين الله بما فيه ؛ فقال له أبو عمر القاضى : هذا نقض شرائع الإسلام ثم جاراه فى كلام إلى أن قال له أبو عمر : يا حلاَل الدم ، وكتب بإحلال دمه وتبعه الفقهاء ، فأفتوا بقتله وأباحوا دمه . وكتب إلى المقتدر بذلك ، فكتب : إذا كانت القضاة قد أفتوْا بقتله ، وأباحوا دمه فليحضر محمد بن عبد الصمد صاحب الشرطة ، وليضربه ألف سوط ، وإن تلف ، وإلا ضُربت عنقه ، فأحضر بعد العشاء الآخرة ، ومعه جماعة من أصحابه على بغال مؤكّفة يجرون مجرى الساسة ، ليُجعل على واحد منها ويدخل فى غمار القوم ، فحُمل وباتوا مجتمعين حوله ، فلما أصبح يوم



اس روایت کا طرز بیان بھی ابن خلکان کے موافق ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ ابن منصور کو کتاب کا مضمون نہیں سنایا گیا صرف صورت دکھا کر سوال کیا گیا تھا کہ اس کو مانتے ہو یا نہیں؟ حلّاجؒ کو ان خرافات کی خبر نہ تھی جو ان کے خلاف اس کتاب میں رقم کر دیئے گئے تھے۔ اور ظاہر ہے کہ ایسا اقرار جواز قتل میں ہر گز حجت نہیں جب تک مشتبہ مقامات کو تفصیل وار سنا کر اقرار نہ لیا جائے۔ اور ان مضامین کا ابن منصورؒ کے نزدیک غلط اور افتراء علے اللہ ہونا خود ان کی زندگی کے مطالعہ سے واضح ہے۔

خطیب بغدادیؒ تاریخ بغداد میں ابو یعقوب نہر جوری کے حوالے سے بیان کرتے ہیں کہ حسین بن منصورؒ پہلی مرتبہ مکہ معظمہ میں آئے تو سال بھر تک (مسجد حرام) کے صحن میں بیٹھے رہے، وضو اور طواف کے سوا کسی وقت اپنی جگہ سے نہ ہٹتے تھے۔ نہ بارش کی پرواہ تھی، نہ دھوپ کی، شام کے وقت ان کے واسطے مکہ کی روٹیوں میں سے ایک روٹی اور ایک کوزہ میں پانی لایا جاتا تھا تو وہ روٹی کے چار طرف ایک ایک دفعہ منہ مارتے (اور چار لقمہ کھالیتے) پانی کے دو گھونٹ پیتے۔ ایک گھونٹ کھانے سے پہلے اور ایک گھونٹ کھانے کے بعد، پھر باقی ماندہ روٹی کو کوزہ کے اوپر رکھ دیتے جو ان کے پاس سے اٹھالی جاتی تھی۔ (بحوالہ تاریخ مدینۃ السلام، الأمام خطیب بغدادیؒ: ج۸، ص۶۹۶)

تاريخ مدينة السلام

وأخبار محدثيها وذكر قطانها العلماء

من غير أهلها ووارديها

تأليف

الإمام الحافظ أبي بكر أحمد بن علي بن ثابت

الخطيب البغدادي

٣٩٢ - ٤٦٣ هـ

المجلد الثامن

تليد - الحسين

٣٥٣٥ - ٤٢٠٢

حققه، وضبط نصه، وعلق عليه

الدكتور بشار عواد معروف

دار الغرب الإسلامي

فلما رآني بكى وأنشأ يقول [من الطويل]:

متى سَهِرَت عيني لغيرِكَ أو بَكَت فلا بَلَغَت ما أمَّلَت وتَمَنَّتِ

وإن أضمرت نفسي سواكَ فلا رَعَت رياضَ المُنى من وَجْنَتَيك وجُنَّتِ

ثم قال: يا علي النَّجاء، ارجو أن يجمعَ اللهُ بيننا إن شاءَ اللهُ.

أخبرنا محمد بن عليّ بن الفَتح، قال: أخبرنا محمد بن الحُسين بن موسى النَّيسابوري، قال: سمعتُ محمد بن عبدالله بن شاذان يقول: سمعت محمد بن عليّ الكَتّاني يقول: دخلَ الحُسين بن منصور مكَّةَ في ابتداء أمرِهِ، فَجهِدنا حتى أخذنا مُرَقَّعَته، قال السُّوسي: أخذنا منها قَملةً فوزناها فإذا فيها نصفُ دانق من كَثرة رياضته، وشِدَّة مُجاهدته.

حدثني مسعود بن ناصر، قال: حدثنا ابن باكو الشِّيرازي، قال: سمعتُ أبا عبدالله الحُسين بن محمد المزاري يقول: سمعتُ أبا يعقوب النَّهرَجُوري يقول: دخلَ الحُسين بن منصور إلى مكة وكان أول دخلته، فجلسَ في صَحْن المَسجد سنةً لا يبرحُ من مَوضِعِه إلاّ للطُّهارة أو للطُّواف، ولا يُبالي بالشَّمس ولا بالمَطَر، وكان يُحمَلُ إليه كل عَشيةٍ كوزُ ماءٍ للشُّرب، وقُرصٌ من أقراص مكَّة، فيأخذُ القُرصَ ويَعَضُّ أربع عَضَّات من جوانبه، ويشربُ شربتَين من الماء شربة قبلَ الطَّعام، وشربة بعدَه، ثم يضعُ باقي القُرصِ على رأسِ الكوزِ فيُحمَل من عنده.

وقال ابن باكو: حدثنا أبو الفَوارس الجوزقاني، قال: حدثنا إبراهيم بن شَيبان، قال: سَلَّم أُستاذي، يعني أبا عبدالله المغربي، على عَمرو بن عثمان المَكّي، فجاراه في مسألةٍ فجرَى في عَرَض الكلامِ أن قال عَمرو بن عُثمان: ههنا شابٌ على أبي قُبَيس، فلما خَرَجنا من عند عَمرو صَعدنا إليه، وكان وقتُ الهاجرة، فدَخَلنا عليه، وإذا هو جالسٌ على صَخرة من أبي قبيس في الشَّمس، والعَرَقُ يسيلُ منه على تلك الصَّخرة، فلما نظرَ إليه أبو عبدالله المغربي رَجَع

٦٩٦

خطیب بغدادیؒ نے تاریخ بغداد میں ابو عبد الرحمٰن بن حسین السلمیٰ سے روایت کیا ہے کہ فارس بغدادی سے میں نے سنا کہ جب حسین بن منصور حلاّجؒ کو قید کیا گیا تو ٹخنوں سے گھٹنوں تک تیرہ بیڑیاں (لوہے کی) ان کے پیروں میں ڈالی گئیں اس کے باوجود بھی وہ رات دن میں ایک ہزار رکعتیں پڑھتے تھے۔ (بحوالہ تاریخ مدینۃ السلام، الأمام خطیب بغدادیؒ: ج۸، ص۷۱۰)

سمعتُ محمد بن أحمد بن الحسن الوَرّاق يقول: سمعتُ أبا إسحاق إبراهيم ابن محمد القلانسي الرّازي يقول: لمّا صُلِب الحُسين بن منصور، وقفتُ عليه وهو مَصلوبٌ، فقال: إلهي[1] أصبحتُ في دار الرّغائب أنظرُ إلى العَجائب، إلهي إنكَ تتودَّدُ إلى من يُؤذيكَ، فكيفَ لا تتودَّدُ إلى من يؤذَى فيك.

وقال السُّلمي: سمعتُ عبدالواحد بن عليّ يقول: سمعتُ فارسًا البغدادي يقول: لما حُبِس الحَلاّج قُيِّد من كَعْبِه إلى ركبتِهِ بثلاثة عشر قَيْدًا، وكان يصلِّي مع ذلك في كلِّ يومٍ وليلة ألف ركعة!

قال: وسمعتُ فارسًا يقول: قُطعت أعضاؤه يوم قُتِلَ عضوًا عضوًا وما تَغيَّر لونُه.

وقال السُّلمي: سمعتُ أبا عبدالله الرّازي يقول: سمعتُ أبا بكر العَطُوفي يقول: كنتُ أقربَ الناس من الحَلاّج، فضُربَ كذا وكذا سوطًا، وقُطّعت يداه ورجلاه فما نَطَق!

أخبرنا ابن الفَتْح، قال: أخبرنا محمد بن الحُسين، قال: سمعتُ الحُسين ابن أحمد يعني الرّازي يقول: سمعت أبا العباس بن عبدالعزيز يقول: كنتُ أقربَ الناس من الحَلاّج حين ضُربَ وكان يقولُ مع كلِّ صَوت: أحدٌ، أحد.

حدثنا عُبيدالله بن أحمد بن عُثمان الصَّيْرفي، قال: قال لنا أبو عُمر بن حَيُّويه: لما أُخرج حُسين الحَلاّج ليُقتَل مَضَيتُ في جُملة الناس، ولم أزل أُزاحِم حتى رأيتُهُ، فقال لأصحابه: لا يَهولنّكم هذا، فإني عائدٌ إليكم بعد ثلاثين يومًا، ثم قُتِل.

أخبرنا محمد بن أحمد بن عبدالله الأرْدَستاني بمكة، قال: أخبرنا أبو عبدالرحمن محمد بن الحُسين السُّلمي بنَيسابور، قال: سمعتُ أبا العباس الرُّزّاز يقول: كان أخي خادمًا للحُسين بن منصور، فسمعتُهُ يقول: لما كانت الليلة التي وُعِدَ من الغَدِ قَتْله، قلت له: يا سيدي أوصني، فقال لي: عليك

(١) في م: «إلهي إلهي»، مكررة، وليست في النسخ.

٧١٠

تاريخ مدينة السلام
وأخبار محدثيها وذكر قطانها العلماء
من غير أهلها ووارديها
تأليف
الإمام الحافظ أبي بكر أحمد بن علي بن ثابت
الخطيب البغدادي
٣٩٢ - ٤٦٣ هـ
المجلد الثامن
تليد - الحسين
٣٥٣٥ - ٤٢٠٢
حققه، وضبط نصه، وعلق عليه
الدكتور بشار عواد معروف
دار الغرب الإسلامي

قارئین کرام خود اس بات کا فیصلہ کریں کہ جو شخص مسجد حرام میں ہر وقت عبادات میں مشغول رہتا اور جیل کی سختیوں کے باوجود رات دن میں ہزار رکعتیں پڑھتا ہو اس کا یہ عقیدہ کیسے ہو سکتا ہے کہ ''رات میں شروع سے صبح تک دو رکعتیں پڑھے تو اسکے بعد نماز کی ضرورت نہ رہے گی'' یا ''متواتر روزے رکھے اور افطار کے وقت بجز قدر قلیل جو کی روٹی اور خالص نمک کے کچھ نہ کھائے تو پھر اس کو ساری عمر عبادت کی ضرورت نہ رہے گی''؟

اگر حسین بن منصورؒ کے اعتقاد و نظریات یہی تھے جو وزیر حامد نے بیان کئے تو پھر وہ دن رات مسجد حرام میں عبادت میں مشغول کیوں رہتے اور قید کی سختیوں میں بھی دن رات ہزار رکعتیں کیوں پڑھتے؟

حسین بن منصور حلّاجؒ کے قتل کا فتویٰ قرآن و حدیث کے موافق تھا یا مخالف؟

''حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الأَسْوَدِ أَبُو عَمْرٍو الْبَصْرِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَبِيعَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زِيَادٍ الدِّمَشْقِيُّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "ادْرَءُوا الْحُدُودَ عَنِ الْمُسْلِمِينَ مَا اسْتَطَعْتُمْ فَإِنْ كَانَ لَهُ مَخْرَجٌ فَخَلُّوا سَبِيلَهُ فَإِنَّ الإِمَامَ أَنْ يُخْطِئَ فِي الْعَفْوِ خَيْرٌ مِنْ أَنْ يُخْطِئَ فِي الْعُقُوبَةِ"''۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جہاں تک ہو سکے مسلمانوں کو حد کی سزا سے بچاؤ اگر مسلمان (ملزم) کے لئے بچاؤ کا ذرا بھی کوئی موقع نکل

آئے تو اس کی راہ چھوڑ دو یعنی اس کو بری کر دو کیونکہ امام یعنی حاکم و منصف کا معاف کرنے میں خطا کرنا، سزا دینے میں خطا کرنے سے بہتر ہے"۔(جامع الترمذی: ج۳، کتاب الحدود عن رسول اللہ ﷺ، باب مَا جَاءَ فِي دَرْءِ الْحُدُودِ، رقم الحدیث ۱۴۲۴)

بَابُ مَا جَآءَ فِي دَرْءِ الْحُدُوْدِ

عَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ادْرَأُوا الْحُدُوْدَ عَنِ الْمُسْلِمِيْنَ مَا اسْتَطَعْتُمْ فَإِنْ كَانَ لَهُ مَخْرَجٌ فَخَلُّوْا سَبِيْلَهُ فَإِنَّ الْإِمَامَ أَنْ يُخْطِئَ فِي الْعَفْوِ خَيْرٌ مِنْ أَنْ يُخْطِئَ فِي الْعُقُوْبَةِ۔

باب حدود کے دفع کرنے کے بیان میں۔

روایت ہے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہ کہا انہوں نے کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے دفع کرو لوگو تم حدود کو مسلمانوں سے جہاں تک کہ تم سے ہو سکے پھر اگر ہو سکے مجرم کی کوئی شکل رہائی کی تو چھوڑ دو اس کو اس لیے امام خطاکار کو اگر بخش دے تو یہ بہتر ہے اس سے کہ خطاکار کو عذاب کرے۔

ف روایت کی ہم سے ہناد نے انہوں نے کہا ہم سے وکیع نے انہوں نے یزید بن زیاد سے محمد بن ربیعہ کی حدیث کی مانند اور مرفوع نہیں کیا اس کو اور اس باب میں ابی ہریرہؓ اور عبداللہ بن عمرو سے بھی روایت ہے اور حضرت عائشہؓ کی حدیث کو ہم مرفوع نہیں جانتے مگر اسی محمد بن ربیع کی روایت سے کہ وہ یزید بن زیاد دمشقی سے روایت کرتے ہیں، اور وہ زہری سے اور وہ عروہ سے وہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور روایت کی یہ حدیث وکیع نے یزید بن زیاد سے اسی کے مانند اور مرفوع نہ کیا اس کو اور روایت وکیع کی صحیح تر ہے اور مروی ہے اسی کی مانند کئی صحابیوں سے نبی صلی اللہ علیہ

رسول اللہ ﷺ نے خود فرمایا کہ شبہات سے حدود کو دفع کرو اور مسلمانوں کو حد کی سزا سے بچاؤ اگر ذرا بھی موقع نکل آئے تو اس کو بری کر دو مگر یہاں سب سے بڑی حد یعنی قتل میں بھی ابن منصورؒ کو شبہہ کی بنا پر بخشا نہیں گیا۔ حالانکہ انہوں نے خود اپنا اعتقاد قرآن و سنت، صحابہؓ و ائمہ اربعہ کے موافق بتایا مگر افسوس کے ان کی کسی نے نہ سنی۔

امام ابو عیسیٰ الترمذیؒ نے اس عنوان سے کہ ("باب مَا جَاءَ فِي دَرْءِ الْحَدِّ عَنِ الْمُعْتَرِفِ إِذَا رَجَعَ" "اس بیان میں کہ جب کوئی مجرم اپنے بیان سے پھر جائے تو اس سے حد دفع ہو جاتی ہے") مکمل باب باندھتے ہوئے حدیث نقل کی ہے کہ:

"حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ، حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، حَدَّثَنَا أَبُو سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ جَاءَ مَاعِزٌ الأَسْلَمِيُّ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ إِنَّهُ قَدْ زَنَى۔ فَأَعْرَضَ عَنْهُ ثُمَّ جَاءَ مِنْ شِقِّهِ الآخَرِ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّهُ قَدْ زَنَى۔ فَأَعْرَضَ عَنْهُ ثُمَّ جَاءَ مِنْ شِقِّهِ الآخَرِ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّهُ قَدْ زَنَى۔ فَأَمَرَ بِهِ فِي الرَّابِعَةِ فَأُخْرِجَ إِلَى الْحَرَّةِ فَرُجِمَ بِالْحِجَارَةِ فَلَمَّا وَجَدَ مَسَّ الْحِجَارَةِ فَرَّ يَشْتَدُّ حَتَّى مَرَّ بِرَجُلٍ مَعَهُ لَحْىُ جَمَلٍ فَضَرَبَهُ بِهِ وَضَرَبَهُ النَّاسُ حَتَّى مَاتَ فَذَكَرُوا ذَلِكَ لِرَسُولِ اللَّهِ صلى الله عليه وسلم أَنَّهُ فَرَّ حِينَ وَجَدَ مَسَّ الْحِجَارَةِ وَمَسَّ الْمَوْتِ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صلى الله عليه وسلم "هَلاَّ تَرَكْتُمُوهُ"۔ قَالَ أَبُو عِيسَى هَذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ وَقَدْ رُوِيَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ۔ وَرُوِيَ هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَ هَذَا"۔ "ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ماعز اسلمی رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ کے پاس آکر اعتراف کیا کہ میں نے زنا کیا ہے، آپ ﷺ نے ان کی طرف سے منہ پھیر لیا، پھر وہ دوسری طرف سے آئے اور بولے: اللہ کے رسول ﷺ! میں نے زنا کیا ہے، آپ ﷺ نے پھر ان کی طرف سے منہ پھیر لیا، پھر وہ دوسری طرف سے آئے اور بولے: اللہ کے رسول ﷺ! میں نے زنا کیا ہے، پھر چوتھی مرتبہ اعتراف کرنے پر آپ ﷺ نے رجم کا حکم دے دیا، چنانچہ وہ ایک پتھریلی زمین کی طرف لے جائے گئے اور انہیں رجم کیا گیا، جب انہیں پتھر کی چوٹ لگی تو دوڑتے ہوئے بھاگے، حتیٰ کہ ایک ایسے آدمی کے قریب سے گزرے جس کے پاس اونٹ کے جبڑے کی ہڈی تھی، اس نے ماعز رضی اللہ عنہ کو اسی سے مارا اور لوگوں نے بھی مارا یہاں تک کہ وہ مر گئے، پھر لوگوں نے رسول اللہ ﷺ سے ذکر کیا کہ جب پتھر اور موت کی تکلیف انہیں

محسوس ہوئی تو وہ بھاگ کھڑے ہوئے تھے، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم لوگوں نے اسے کیوں نہیں چھوڑ دیا۔ امام ابو عیسیٰ الترمذیؒ کہتے ہیں: یہ حدیث حسن ہے، ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے کئی اور سندوں سے بھی مروی ہے، یہ حدیث زہری سے بھی مروی ہے، انہوں نے اسے بطریق: عن أبي سلمة عن جابر بن عبد الله عن النبي صلى الله عليه وسلم سے اسی طرح روایت کیا ہے"۔(جامع الترمذی: ج۳، کتاب الحدود عن رسول اللہ ﷺ، باب مَا جَاءَ فِي دَرْءِ الْحَدِّ عَنِ الْمُعْتَرِفِ إِذَا رَجَعَ، رقم الحدیث ۱۴۲۸)

بَابُ مَا جَاءَ فِي دَرْءِ الْحَدِّ عَنِ الْمُعْتَرِفِ إِذَا رَجَعَ۔

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ جَاءَ مَاعِزٌ الْأَسْلَمِيُّ إِلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِنَّهُ قَدْ زَنَى فَأَعْرَضَ عَنْهُ ثُمَّ جَاءَ مِنَ الشِّقِّ الْآخَرِ فَقَالَ إِنَّهُ قَدْ زَنَى فَأَعْرَضَ عَنْهُ ثُمَّ جَاءَ مِنَ الشِّقِّ الْآخَرِ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللهِ إِنَّهُ قَدْ زَنَى فَأَمَرَ بِهِ فِي الرَّابِعَةِ فَأُخْرِجَ إِلَى الْحَرَّةِ فَرُجِمَ بِالْحِجَارَةِ فَلَمَّا وَجَدَ مَسَّ الْحِجَارَةِ فَرَّ يَشْتَدُّ حَتَّى مَرَّ بِرَجُلٍ مَعَهُ لَحْيُ جَمَلٍ فَضَرَبَهُ بِهِ وَضَرَبَهُ النَّاسُ حَتَّى مَاتَ فَذَكَرُوا ذَلِكَ لِرَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ فَرَّ حِينَ وَجَدَ مَسَّ الْحِجَارَةِ وَمَسَّ الْمَوْتِ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلَّا تَرَكْتُمُوهُ۔

باب اس بیان میں کہ جب کوئی مجرم اپنے اقرار سے پھر جاوے تو اس سے حد دفع ہو جاتی ہے۔

روایت ہے ابی ہریرہؓ سے کہا انہوں نے آگئے ماعز اسلمی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور کہا انہوں نے زنا کیا ہے پس منہ پھیر لیا ان کی طرف سے حضرت نے پھر آئے وہ دوسری طرف سے اور کہا کہ زنا کیا ہے اس نے پھر منہ پھیر لیا ان کی طرف سے حضرت نے پھر آگئے وہ دوسری طرف سے اور کہا یا رسول اللہ بے شک اس نے زنا کیا ہے پھر حکم کیا آپ نے چوتھی بار پھر لے گئے ان کو پتھریلی زمین کی طرف پھر مارے گئے وہ پتھروں سے پھر جب ان کو پتھر لگے تو بھاگے دوڑتے ہوئے یہاں تک کہ پہنچے ایک شخص کے نزدیک کہ اس کے پاس اونٹ کی ڈاڑھ کی ہڈی تھی سو مارا ان کو اس سے اور مارا اور لوگوں نے بھی یہاں تک کہ وفات پائی سو ذکر کیا اس کا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ وہ بھاگے تھے جب چوٹ کھائی انہوں نے پتھر کی اور مزہ چکھا موت کا سو فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیوں نہ چھوڑ دیا تم نے اس کو یعنی جب وہ بھاگا تھا تو اس کو چھوڑ دینا لازم تھا۔

ف یہ حدیث حسن ہے اور مروی ہے کئی سندوں سے ابی ہریرہؓ سے اور مروی ہوئی ہے یہ حدیث ابی سلمہ سے وہ روایت کرتے ہیں جابرؓ سے جو بیٹے عبد اللہ کے ہیں وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی کی مانند۔



کسی ضعیف روایت سے بھی یہ بات ثابت نہیں ہو سکی کہ حسین بن منصورؒ نے اپنے خدا ہونے کا دعویٰ کیا تھا جبکہ جن روایات کی بنیاد پر ان پہ خدائی کے دعوے کا الزام لگایا جاتا ہے ان روایات میں خود حسین بن منصورؒ نے اپنے خدا ہونے کے چھوٹے الزام کا انکار کیا اور اپنے عقیدہ کو قرآن و سنت اور خلفاءِ راشدین وائمہ اربعہ کے موافق بتایا۔ بالفرض اگر یہ مان بھی لیا جائے کہ انہوں نے ایسا کوئی دعویٰ کیا تھا تو بھی رسول اللہ ﷺ کے فرمان کے مطابق حسین بن منصورؒ کو شبہہ کی بنیاد پر اور اپنے اقرار سے پھر جانے کی بنیاد پر اس حد کو دفع کر دینا چاہیئے تھا۔ مگر وزیر حامد نے قاضی ابو عمر کے ایک جملہ کو پکڑ لیا اور فتویٰ لکھوا لیا۔ حالانکہ یہ احتمال ہونا ضروری تھا کہ شاید ویسے ہی غصہ میں زبان سے نکل گیا ہو۔ اگر بالفرض قاضی نے عمداً یہ بات کہی تھی تب بھی وزیر کو خود اس پر اصرار کرنے کا حق نہیں تھا، بلکہ ٹالنا واجب تھا۔ مگر یہاں تو معاملہ ہی برعکس تھا۔ قاضی اپنی بات کو ٹالنا چاہتا تھا مگر وزیر نے بضد ہو کر قاضی کو اپنی بات سے ہٹنے نہ دیا اور فتوے پر دستخط کروالیا۔

آگے ایک مختصر جائزہ وزیر حامد بن العباس کے مظالم اور خلیفہ المقتدر باللہ ابو الفضل کی کم سنی، خلافت سے معزولی اور حکمرانی سے لاتعلقی کا لیتے ہیں جن کے بارے میں رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ "امام یعنی حاکم و منصف کا معاف کرنے میں خطا کرنا، سزا دینے میں خطا کرنے سے بہتر ہے"۔

وزیر حامد بن العباس کے مختصر حالات کا جائزہ

الامام ہمام علامہ عصر مفسر و محدث عظیم مورخ امام الحافظ جلال الدین عبد الرحمٰن ابن ابی بکر السیوطیؒ لکھتے ہیں: "۳۰۸ھ میں بغداد میں قحط اور غلہ کی کمیابی کا باعث یہ ہوا تھا کہ حامد بن عباس سواد جو عراق کے بعض علاقوں کا عامل تھا اس نے بغداد والوں پر بے پناہ مظالم ڈھائے تھے۔ جس کی وجہ سے رعیت میں بے چینی حد سے بڑھ گئی۔ فسادات اور غارت گردی شروع ہو گئی۔ تمام رعیت ادھر ادھر منتشر ہو گئی، فسادات کا سلسلہ کئی روز تک جاری رہا، قید خانے میں آگ لگا دی گئی۔ جس کے نتیجہ میں تمام قیدی جیل سے فرار ہو گئے"۔ (تاریخ الخلفاء الامام الحافظ جلال الدین عبد الرحمٰن ابن ابی بکر السیوطیؒ: اردو، ص ۶۸۲)


682

سات ہزار دینا تھا۔ مقتدر کا امور حکمرانی سے بے تعلق کلیہ عام ہو گیا کہ اس سال سے شغب (مادر مقتدر) نے حکومت کے تمام امور کی نگرانی خود شروع کر دی اور تمام امور سلطنت عورتوں کے ہاتھ میں چلے گئے۔ مقتدر کی ماں ایک حاکم کی فریادیوں کی داد رسی کرنے لگی وہ رعیت کے معاملات کو خود طے کرتی' ہر جمعہ کو باقاعدہ اجلاس کرتی' قاضیوں اور عمائد سلطنت کی موجودگی میں فرامین جاری کرنے لگی۔

اسی سال القائم محمد بن مہدی فاطمی نے مصر پر لشکر کشی کی اور صعید کے اکثر علاقوں پر قابض ہو گیا۔

۳۰۸ھ میں بغداد میں قحط پڑ گیا غلہ اس قدر گراں ہو گیا کہ رعیت بھوکوں مرنے لگی' کہتے ہیں کہ اس قحط اور غلہ کی کمیابی کا باعث یہ ہوا تھا کہ حامد بن عباس سواد جو عراق کے بعض علاقوں کا عامل تھا اس نے بغداد والوں پر بے پناہ مظالم ڈھائے تھے جس کی وجہ سے رعیت میں بے چینی حد سے بڑھ گئی۔ فسادات اور غارت گردی شروع ہو گئی۔ تمام رعیت ادھر ادھر منتشر ہو گئی' فسادات کا سلسلہ کئی روز تک جاری رہا' قید خانے میں آگ لگا دی گئی۔ جس کے نتیجہ میں تمام قیدی جیل سے فرار ہو گئے۔ ان قیدیوں نے لوگوں کو ڈرایا دھمکایا۔ وزیر کو پتھروں سے مار ڈالا غرض یہ کہ دولت عباسیہ زیر زبر ہو گئی۔ باہر سے غلہ آنا بند ہو گیا۔ ان اسباب کی بنا پر بغداد میں قحط کی صورت پیدا ہو گئی۔ اسی سال القائم محمد بن مہدی کی فوجوں نے قسطاط کے ایک جزیرے پر قبضہ کر لیا۔ شہر کے لوگوں پر بہت زیادہ ظلم کیا یہاں تک کہ وہ جنگ کے لیے نکل آئے اور جنگ وجدال شروع ہو گیا۔ (میں نے مختصراً اتنے ہی بیان کو کافی سمجھا ورنہ اس کی تفصیل بہت طوالانی ہے۔)

۳۰۹ھ میں قاضی ابن عمر اور دوسرے علماء اور فقہا کے فتوؤں کے بموجب منصور حلاج کو سولی پر چڑھا دیا گیا' منصور کے بارے میں لوگوں نے بہت سی کتابیں لکھ ڈالی ہیں۔ (تفصیل اگر دیکھنا چاہیں تو ان کی کتابوں کا مطالعہ کریں۔)

۳۱۱ھ میں مقتدر نے حکم دیا کہ وراثت اور ترکہ میں ذوی الارحام کو بھی شریک کیا جائے جس کا حکم معتضد نے اپنے دور حکومت میں دیا تھا۔ (اور اس پر اب تک عمل نہیں ہوا تھا۔)

۳۱۲ھ میں حکم خراسان کے ہاتھوں فرغانہ فتح ہوا۔

۳۱۴ھ میں سرزمین ملیطہ کو رومیوں نے حملہ کر کے فتح کر لیا۔ اسی سال موصل میں دجلہ کا پانی اس قدر جم گیا کہ اس پر جانور گزرنے لگے' اس سے قبل ایسا کبھی نہیں ہوا تھا۔

۳۱۵ھ میں رومیوں نے دمیاط پر بھی حملہ کر دیا اور اس پر قابض ہو گئے۔ شہر کو خوب لوٹا

امام ذہبیؒ لکھتے ہیں: "وزیر حامد کے حکم سے ابن عطاءؒ کے دانت توڑ دیئے گئے۔ ابن عطاءؒ نے چلاتے ہوئے وزیر حامد العباس کو بد دعا دی کہ اے اللہ! اس کے ہاتھ پیر کٹوا دے۔ اس واقعہ کے ۱۴ دن بعد ابن عطاءؒ کی وفات ہو گئی اور زیادہ دن نہ گزرے تھے کہ وزیر حامد بن العباس بھی قتل کیا گیا۔ قتل سے پہلے اس کے دونوں ہاتھ اور دونوں پاؤں کاٹے گئے۔ اس وقت لوگ کہتے ہیں کہ اس کو ابو العباس بن عطاءؒ کی بد دعا لگ گئی"۔ (سیر اعلام النبلاء: ج ۱۶، ص ۲۵۵)

سِيَرُ أَعْلَامِ النُّبَلَاءِ

تصنيف

الإمام شمس الدين محمد بن أحمد بن عثمان الذهبي

المتوفى

٧٤٨ھ - ١٣٧٤م

الجُزْءُ الرَّابِعَ عَشَر

أشرف على تحقيق الكتاب وخرّج أحاديثه
شعيب الأرنؤوط

حقق هذا الجزء
اكرم البوشي

مؤسسة الرسالة

١٦٠ - ابنُ عَطَاء *

الزّاهدُ العابدُ المتألّه ، أبو العبّاس ، أحمدُ بنُ محمد بن سَهل بن عطاء الأدَميُّ البغداديّ .

حدَّث عن : يوسف بن موسى القطّان .

وعنه : محمدُ بنُ عليٍّ بن حُبيش ، وقال : كانَ له في كلِّ يومٍ خَتمة ، وفي رمضان تسعون(١) خَتمة ، وبقيَ في خَتمة مُفردةٍ بضعَ عشرةَ سنة يتفهَّمُ ويتدبَّرُ .

وقال حسينُ بنُ خاقان : كانَ ينامُ في اليوم واللَّيلة ساعَتَيْن ، ماتَ في سنةِ تسعٍ وثلاثِ مئة ، في ذي القَعْدة .

قلتُ : لكنّه راجَ عليه حالُ الحلاّج ، وصحّحه ، فقال السُّلمي : امتُحِنَ بسبب الحلاّج ، وطَلَبه حامدُ الوزير وقال : ما الذي تقولُ في الحلاّج ؟ فقال : مالَك ولذاك ؟ عليكَ بما نُدِبتَ له من أخذ الأموال ، وسفكِ الدِّماء . فأمَرَ به ، فَفُكَّتْ أسنانُه ، فصاح : قطعَ اللهُ يديكَ ورِجْلَيْك . ومات بعد أربعةَ عشَرَ يوماً ، ولكنْ أُجيبَ دُعاؤُه ، فقُطِعتْ أربعةُ حامد . قال السُّلمي : سمعتُ أبا عَمْرو بنَ حمدان يذكر هذا .

قال : وكان ابنُ عَطَاء ينتمي إلى المارِسْتانيِّ إبراهيم .

وقيل : إن ابنَ عَطَاء فقدَ عقلَهُ ثمانيةَ عَشَرَ عاماً ، ثم ثابَ إليه عقلُه .

ثبّتَ اللهُ علينا عقولَنا وإيمانَنا ، فَمَنْ تسبَّبَ في زوالِ عقلِهِ بجُوعٍ ورياضةٍ صَعْبَة ، وخَلْوة ، فَقَدْ عَصَى وأَثِمَ ، وضاهَى من أزال عقلَه بعضَ يومٍ بسُكر . فما أحسَنَ التَّقيُّد بمتابعةِ السُّنَنِ والعِلْم .

* طبقات الصوفية : ٢٦٥ - ٢٧٢ ، حلية الأولياء : ١٠/٣٠٢ - ٣٠٥ ، تاريخ بغداد : ٥/٢٦ - ٣٠ ، الرسالة القشيرية : ٢٣ - ٢٤ ، صفة الصفوة : ٢/٤٤٤ - ٤٤٦ ، المنتظم : ٦/١٦٠ ، العبر : ٢/١٤٤ ، دول الإسلام : ١/١٨٧ ، الوافي بالوفيات : ٨/٢٤ - ٢٥ ، مرآة الجنان : ٢/٢٦١ ، البداية والنهاية : ١١/١٤٤ ، طبقات الأولياء : ٥٩ - ٦١ ، شذرات الذهب : ٢/٢٥٧ - ٢٥٨ .

(١) في الأصل: «تسعين» .

٢٥٥

لوگ کہتے ہیں کہ اس کو ابوالعباس کی بد دعا لگئی لیکن میں کہتا ہوں یہ مکافاتِ عمل ہے۔ وزیر حامد بن عباس نے جس طرح بے رحمی سے حسین بن منصور حلّاجؒ کو ناحق قتل کروایا تھا، چند ہی دنوں بعد بالکل اسی طرح ان ہی سزاؤں کے ساتھ اللہ پاک نے اس کو قتل کروادیا۔

خلیفہ المقتدر باللہ ابوالفضل کے مختصر حالات کا جائزہ

امام جلال الدین عبدالرحمٰن ابن ابی بکر السیوطیؒ لکھتے ہیں: ”مقتدر ابھی صرف ۱۳ سال کا تھا کہ اس کی تخت نشینی عمل میں آئی مقتدر سے پہلے اتنی کم سنی میں کوئی بھی (بنی عباسؒ سے) تخت سلطنت پر نہیں بیٹھا تھا۔ وزیر دربار عباس بن حسین نے اس کی کم سنی کے باعث لوگوں سے استصواب کیا اور خود اس کے خلع کی رائے دی اور لوگ اس بات پر متفق بھی ہوگئے تھے کہ مقتدر کو تخت سے معزول کر کے اس کے بجائے عبداللہ بن معتز کو خلیفہ مقرر کر دیا جائے“۔ (تاریخ الخلفاء الامام الحافظ جلال الدین عبدالرحمٰن ابن ابی بکر السیوطیؒ: اردو، ص ۶۷۷)

”مقتدر نے اپنی کم سنی (یا اٹھتی جوانی) کے باعث تمام امور سلطنت ابوالحسن (ابن فرات) کے سپرد کر دیئے اور خود لہو لعب میں مصروف ہو گیا اس نے بہت جلد تمام خزانہ عیش و عشرت اور داد و دھش میں خرچ کر ڈالا“۔ (تاریخ الخلفاء الامام الحافظ جلال الدین عبدالرحمٰن ابن ابی بکر السیوطیؒ: اردو، ص ۶۷۸)

''ذہبی کہتے ہیں کہ مقتدر کے دور میں اس کی کم سنی کے باعث نظام سلطنت میں زبردست خلل واقع ہوا''۔(تاریخ الخلفاء الامام الحافظ جلال الدین عبد الرحمٰن ابن ابی بکر السیوطیؒ:اردو، ص ۶۷۹)

''مقتدر کا امور حکمرانی سے بے تعلقی کا یہ عالم ہو گیا کہ اس سال سے شغب (مادر مقتدر یعنی مقتدر کی والدہ) نے حکومت کے تمام امور کی نگرانی خود شروع کر دی اور تمام امور سلطنت عورتوں کے ہاتھ میں چلے گئے۔ مقتدر کی ماں ایک حاکم کی فریادیوں کی دادرسی کرنے لگی، وہ رعیت کے معاملات کو خود طے کرتی، ہر جمعہ کو باقاعدہ اجلاس کرتی، قاضیوں اور عمائد سلطنت کی موجودگی میں فرامین جاری کرنے لگی''۔ (تاریخ الخلفاء الامام الحافظ جلال الدین عبد الرحمٰن ابن ابی بکر السیوطیؒ:اردو، ص ۶۸۲)

''۳۱۷ھ میں مونس الحازم نے جس کا لقب مظفر تھا، مقتدر پر لشکر کشی کی کیونکہ مقتدر چاہتا تھا کہ اس کو ہٹا کر ہارون بن غریب کو امیر الامراء کا منصب عطا کر دے۔ مونس تمام لشکر کو ہمراہ لے کر جس میں عمائد و امراء سلطنت بھی شامل تھے شاہی محل پر حملہ آور ہوا جس کے نتیجہ میں مقتدر کے خاص سپاہ (ذاتی محافظ) بھی بھاگ کھڑے ہوئے، مقتدر بے یار و مددگار رہ گیا۔ چنانچہ اسی رات کو (۱۴ محرم الحرام) مقتدر اپنی والدہ، خالہ اور اپنی بیویوں کو ساتھ لے کر عشاء کے بعد چھپ کر نکل گیا۔ مقتدر کی والدہ (شغب) اپنے ساتھ چھ لاکھ دینار کی رقم چھپا کر لے گئی''۔(تاریخ الخلفاء الامام الحافظ جلال الدین عبد الرحمٰن ابن ابی بکر السیوطیؒ:اردو، ص ۶۸۳)

677

المقتدر باللہ ابو الفضل

نسب اور ولادت

المقتدر باللہ ابو الفضل جعفر بن المعتضد باللہ۔ مقتدر باللہ ۲۸۲ھ ماہ رمضان میں ایک رومی خاتون کے بطن سے جس کا نام غریب تھا پیدا ہوا۔ بعض لوگوں کا خیال ہے کہ اس کی ماں رومی خاتون نہیں بلکہ ترکیہ خاتون تھی۔ بعض نے مقتدر کی ماں کا نام شغب بتایا ہے

مکتفی جب بیمار ہوا اور بیماری نے شدت اختیار کی تو عمائد و اعیان سلطنت نے اس کی جانشینی کے بارے میں دریافت کیا اور جب اسے یہ یقین کرا دیا گیا کہ اس کا بھائی جعفر (مقتدر) بالغ ہو گیا ہے تو مکتفی نے اس کو اپنا ولی عہد نامزد کر دیا۔ مقتدر ابھی صرف ۱۳ سال کا تھا کہ اس کی تخت نشینی عمل میں آئی مقتدر سے پہلے اتنی کم سنی میں کوئی بھی (بنی عباس" سے) تخت سلطنت پر نہیں بٹھا تھا۔ وزیر دربار عباس بن حسین نے اس کی کم سنی کے باعث لوگوں سے استصواب کیا اور خود اس کے خلع کی رائے دی اور لوگ اس بات پر متفق بھی ہو گئے تھے کہ مقتدر کو تخت سے معزول کر کے اس کی بجائے عبداللہ بن معتز کو خلیفہ مقرر کر دیا جائے لیکن عبداللہ بن معتز باللہ نے کہا کہ میں تخت (حکومت) اس شرط پر قبول کر سکتا ہوں کہ خونریزی بالکل نہ ہو شدہ شدہ یہ خبر مقتدر (جعفر) کو بھی پہنچ گئی اس نے عبداللہ بن معتز کے پاس بیشمار دولت بھیج کر اس بات پر راضی کر لیا کہ تخت نشینی سے انکار کر دے۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا' عبداللہ بن معتز نے حکومت قبول کرنے سے انکار کر دیا' لیکن لوگ اس کی معزولی پر مصر رہے چنانچہ ۲۰ ربیع الآخر ۲۹۶ھ کو جب وہ فٹ بال یا گیند کھیل رہا تھا کچھ لوگ اس پر چڑھ دوڑے' مقتدر ڈر کر بھاگ کر گھر میں گھس گیا اور دروازہ بند کر لیا۔ اس ہڑبونگ میں دو وزیر اور کچھ سپاہی کام آ گئے۔ لوگوں نے عبداللہ بن معتز کو بلا لیا اور اسی وقت قاضیوں اعیان سلطنت اور روسا شہر نے اس سے بیعت کر لی اور اس کا لقب غالب باللہ رکھا۔ محمد بن داؤد بن جراح کو وزیر ابوالمثنی احمد بن یعقوب کو قاضی مقرر کیا اور غالب باللہ کے نام سے احکام جاری ہونے لگے۔

محمد بن جریر طبری کی پیش گوئی۔

معافی بن زکریا جریری کہتے ہیں کہ جب مقتدر کا خلع اور ابن معتز (غالب باللہ) سے بیعت کی خبر محمد بن جریر طبری کو پہنچی تو انھوں نے لوگوں سے دریافت کیا کہ کہ وزیر



قاضی کون مقرر ہوا ہے ' محمد بن داؤد اور ابوالمثنیٰ کا نام سن کر جریر طبری نے کہا کہ یہ کام چلتا ہوا معلوم نہیں ہوتا۔ کسی نے دریافت کیا کہ کیا وجہ ہے انھوں نے فرمایا کہ جن لوگوں کا تقرر ہوا ہے وہ بلند مرتبہ تو ہیں لیکن مدبر نہیں ہیں اور زمانہ انقلاب پذیر ہے مجھے تو تخبت واضمحلال سلطنت کے آثار نظر آ رہے ہیں۔ اور یہ معاملہ زیادہ نہیں چل سکے گا۔

مقتدر کی اقتدار پر بحالی۔

ابن معتز نے مقتدر سے کہلا بھیجا کہ تم محمد بن طاہر کے محل میں چلے جاؤ تاکہ میں دارالحکومت میں آ جاؤں۔ مقتدر نے یہ بات تسلیم کر لی ابھی اس کے ساتھ کچھ سپاہ باقی تھی اس نے ان سپاہیوں سے کہا کہ اے میرے وفادارو !! کیا ہم یہ بات تسلیم کر لیں اور دارالحکومت چھوڑ دیں۔ کیوں نہ ہم اس موقع پر جان کی بازی لگا دیں اور اس بیعت کو اپنے سر سے دور کر دیں اس تقریر کے بعد ان سب نے ہتھیار باندھے اور باہر نکل ۔ ابن معتز نے جب اس چھوٹی سی جمعیت کو اس شان و شوکت سے نکلتے دیکھا تو خود بخود ان کے دلوں میں خوف پیدا ہوا اور ابن معتز مع اپنے ساتھیوں کے بغیر جنگ کئے بھاگ کھڑا ہوا۔ معتز کے ساتھ اس کا وزیر محمد اور اس کا قاضی ابو مثنیٰ بھی تھا اس بھگدڑ کا نتیجہ یہ ہوا کہ بغداد میں افرا تفری مچ گئی اور قتل عام شروع ہو گیا۔ اب مقتدر کی بن آئی۔ اس نے ان فقہاء اور امیروں کو گرفتار کر لیا۔ جنہوں نے اس سے فسخ بیعت کیا تھا' گرفتار کر کے یونس خزانچی کی تحویل میں دیدیا' بغداد میں ایسا جدال وقتال ہوا کہ بس یہی چار آدمی بچے یعنی ابن معتز ۔ وزیر محمد ۔ قاضی ابو مثنیٰ اور چوتھا ۔ شخص قاضی ابو عمر تھے ' ابن معتز کو گرفتار کر کے قید میں ڈال دیا اور چند روز کے بعد قید خانے سے اس کی نعش ہی نکلی اب مقتدر کا تسلط دوبارہ اچھی طرح قائم ہو گیا۔

عہدہ وزارت ابو الحسن علی بن محمد (المعرف ابن فرات) کے سپرد کیا گیا' ابن فرات نے وزارت کا عہدہ سنبھل کر مظالم کی بیخ کنی اور عدل و انصاف کی ترویج کی ' مقتدر کو بھی عدل کی طرف ترغیب دی لیکن مقتدر نے اپنی کم سنی (یا الحق جوانی) کے باعث تمام امور سلطنت ابو الحسن (ابن فرات) کے سپرد کر دیئے اور خود لہو لعب میں مصروف ہو گیا اس نے بہت جلد تمام خزانہ عیش و عشرت اور دلہو دمش میں خرچ کر ڈالا ۔ اسی سال مقتدر نے یہ حکم جاری کیا کہ یہود و نصاریٰ کو حکومت کے دفاتر میں ملازمت نہ دی جائے نیز یہ کہ وہ سواریوں پر زین کسکر نہ بیٹھیں بلکہ بجائے زین کے پالان استعمال کریں (یعنی جھولیں)۔

اسی سال مغربی ممالک پر یحییٰ کے بھائی حسین نے جس نے مہدویت کا دعویٰ کیا تھا اپنا اقتدار قائم کر لیا اور اب اس نے ریاست کے ساتھ ساتھ خلافت کا بھی دعویٰ کیا چونکہ لوگوں کے ساتھ اس کی روش عدل و احسان کی تھی (وہ ہر ایک کے ساتھ لطف و کرم سے پیش آتا تھا) اس لئے دور دراز کے لوگ بھی اس کا دم بھرنے لگے اور اس کے پاس جمع ہونے لگے ' اور تمام ممالک عربیہ پر اس کا اقتدار بہت جلد قائم ہو گیا اور اس کی مملکت کے حدود وسیع ہو گئے' اس نے ایک شہر بھی بسایا اور اس کا نام "مہدیہ" رکھا' اس کے بڑھتے ہوئے اقتدار کے سامنے خود کو بے بس پا کر حاکم افریقہ زیادہ اللہ بن اغلب افریقہ چھوڑ کر بھاگ کھڑا ہوا اور مصر پہنچا' اور مصر سے عراق چلا گیا' اس طرح ممالک اسلامیہ پر بنی عباس کی حکومت کی مدت ایک سو ساٹھ برس سے کچھ زائد رہی اور اسی تاریخ سے بنی عباس کی سلطنت کے زوال کا آغاز ہوا۔

ذہبی کہتے ہیں کہ مقتدر کے دور میں اس کی کم سنی کے باعث نظام سلطنت میں زبردست خلل واقع ہوا ہے ۳۰۰ھ میں سر زمین دینور میں ایک پہاڑی زمین کے اندر دھنس گئی اور پھر اس کے نیچے سے اس قدر پانی ابل کر باہر آیا کہ کئی گاؤں ڈوب گئے ۔ اسی سال ایک عجیب و غریب واقعہ یہ پیش آیا کہ ایک خچر سے بچھڑا (گائے کا بچہ) پیدا ہوا۔ اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے۔





سات ہزار دینا تھا۔ مقتدر کا امور حکمرانی سے بے تعلقی کلیہ عالم ہو گیا کہ اس سال سے شغب (مادر مقتدر) نے حکومت کے تمام امور کی نگرانی خود شروع کر دی اور تمام امور سلطنت عورتوں کے ہاتھ میں چلے گئے۔ مقتدر کی ماں ایک حاکم کی فریادیوں کی داد رسی کرنے لگی وہ رعیت کے معاملات کو خود طے کرتی' ہر جمعہ کو باقاعدہ اجلاس کرتی' قاضیوں اور عمائد سلطنت کی موجودگی میں فرامین جاری کرنے لگی۔

اسی سال القائم محمد بن مہدی فاطمی نے مصر پر لشکر کشی کی اور صعید کے اکثر علاقوں پر قابض ہو گیا۔

۳۰۸ھ میں بغداد میں قحط پڑ گیا غلہ اس قدر گراں ہو گیا کہ رعیت بھوکوں مرنے لگی' کہتے ہیں کہ اس قحط اور غلہ کی گرانی کا باعث یہ ہوا تھا کہ حامد بن عباس سولہ جو عراق کے بعض علاقوں کا عامل تھا اس نے بغداد والوں پر بے پناہ مظالم ڈھائے تھے جس کی وجہ سے رعیت میں بے چینی حد سے بڑھ گئی۔ فسادات اور غارت گری شروع ہو گئی۔ تمام رعیت ادھر ادھر منتشر ہو گئی' فسادات کا سلسلہ کئی روز تک جاری رہا' قید خانے میں آگ لگا دی گئی۔ جس کے نتیجہ میں تمام قیدی جیل سے فرار ہو گئے۔ ان قیدیوں نے لوگوں کو ڈرایا دھمکایا۔ وزیر کو پتھروں سے مار ڈالا غرض یہ کہ دولت عباسیہ زیر زبر ہو گئی۔ باہر سے غلہ آنا بند ہو گیا۔ ان اسباب کی بنا پر بغداد میں قحط کی صورت پیدا ہو گئی۔ اسی سال القائم محمد بن مہدی کی فوجوں نے تسطاط کے ایک جزیرے پر قبضہ کر لیا۔ شہر کے لوگوں پر بہت زیادہ ظلم کیا یہاں تک کہ وہ جنگ کے لئے نکل آئے اور جنگ وجدال شروع ہو گیا۔ (میں نے مختصراً" اتنے ہی بیان کو کافی سمجھا ورنہ اس کی تفصیل بہت طوالانی ہے۔)

۳۰۹ھ میں قاضی ابن عمر اور دوسرے علماء اور فقہا کے فتوؤں کے بموجب منصور حلاج کو سولی پر چڑھا دیا گیا' منصور کے بارے میں لوگوں نے بہت سی کتابیں لکھ ڈالی ہیں۔ (تفصیل اگر دیکھنا چاہیں تو ان کی کتابوں کا مطالعہ کریں۔)

۳۱۱ھ میں مقتدر نے حکم دیا کہ وراثت اور ترکہ میں ذوی الارحام کو بھی شریک کیا جائے جس کا حکم معتضد نے اپنے دور حکومت میں دیا تھا۔ (اور اس پر اب تک عمل نہیں ہوا تھا۔)

۳۱۲ھ میں حکم خراسان کے ہاتھوں فرغانہ فتح ہوا۔

۳۱۴ھ میں سرزمین ملیطہ کو رومیوں نے حملہ کر کے فتح کر لیا۔ اسی سال موصل میں دجلہ کا پانی اس قدر جم گیا کہ اس پر جانور گزرنے لگے' اس سے قبل ایسا کبھی نہیں ہوا تھا۔

۳۱۵ھ میں رومیوں نے دمیاط پر بھی حملہ کر دیا اور اس پر قابض ہو گئے۔ شہر کو خوب لوٹا



اور جامع مسجد میں ناقوس بجائے۔ اسی سال دیلمیوں (دیالمہ) نے رے اور جبال پر قبضہ کر لیا وہاں کی رعیت کو تہ تیغ کیا۔ یہاں تک کہ بچوں کو بھی ذبح کر ڈالا۔

۳۱۶ھ میں قرمطیوں نے ایک محل تعمیر کرایا اور اس کا نام دار الہجرت رکھا' ان چند سالوں میں قرمطیوں کی یورش سے بہت سے مقبوضات مقتدر کے ہاتھوں سے نکل گئے۔ انہوں نے مسلمانوں پر اچانک حملے کر کے بہت ہی اذیتیں پہنچائیں۔ ان کی ہیبت عام مسلمانوں پر بیٹھ گئی۔ لوگ بکثرت قرمطی تحریک میں شریک ہو گئے۔ بہت سی جھڑپیں ہوئیں اور ان کی روز افزوں طاقت نے مقتدر کی سلطنت کو ہلا دیا' مقتدر کے لشکر کو کئی بار ان کے مقابلے میں شکست کھانی پڑی۔ ان چند سالوں میں قرامطہ کے خوف کے باعث لوگوں نے حج بھی نہیں کیا بلکہ ان کے ڈر سے مکہ کے لوگ بھی مکہ چھوڑ کر چلے گئے۔ ادھر رومیوں نے خلاط اور اس کے قرب و جوار کے علاقوں پر قبضہ کر لیا۔ یہاں تک کہ مسجدوں سے منبر اکھاڑ ڈالے اور ان کی جگہ صلیبیں کھڑی کر دیں۔

مقتدر کا فرار:۔

۳۱۷ھ میں مونس الخادم نے جس کا لقب مظفر تھا' مقتدر پر لشکر کشی کی کیونکہ مقتدر چاہتا تھا کہ اس کو ہٹا کر ہارون بن غریب کو امیر الامراء کا منصب عطا کر دے' مونس تمام لشکر کو ہمراہ لے کر جس میں عمائد و امراء سلطنت بھی شامل تھے شاہی محل پر حملہ آور ہوا جس کے نتیجہ میں مقتدر کے خاص سپاہ (ذاتی محافظ) بھی بھاگ کھڑے ہوئے' مقتدر بے یارو مددگار رہ گیا۔ چنانچہ اسی رات کو (۱۴ محرم الحرام) مقتدر اپنی والدہ' خالہ اور اپنی بیویوں کو ساتھ لے کر عشاء کے بعد چھپ کر نکل گیا۔ مقتدر کی والدہ (شغب) اپنے ساتھ چھ لاکھ دینا کی رقم چھپا کر لے گئی۔

مقتدر کی حکومت سے دستبرداری پر شہادتیں:۔

لوگوں نے شہادتیں دیں کہ مقتدر سلطنت سے دستبردار ہو گیا ہے چنانچہ محمد بن المعتضد کو دربار میں لایا گیا۔ سب سے پہلے اس سے مونس نے بیعت کی پھر دربار کے دوسرے افراد نے اس کو قاہر باللہ کا لقب دیا گیا اور منصب وزارت علی ابن ابی مقلہ کے سپرد کر دیا گیا۔ یہ تمام کاروائی ہفتہ کے دن ہوئی دوسرے دن یعنی یوم یکشنبہ قاہر باللہ کو تخت پر بٹھایا گیا۔ مونس نے اس کی اطلاع تمام ممالک محروسہ میں بھجوا دی۔ دو شنبہ کو فوج نے جشن منایا اور بیعت کا انعام اور اپنی



وزیر حامد بن العباس اور خلیفہ المقتدر باللہ ابو الفضل کے حالات جاننے کے بعد یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ وزیر حامد العباس ایک ظالم شخص تھا جس نے خلیفہ المقتدر باللہ کی نااہلی کا ناجائز فائدہ اٹھاتے ہوئے قاضی ابو عمر سے زبردستی فتویٰ حاصل کیا اور اس فتوے میں خلیفہ المقتدر باللہ سے مزید ترمیم کروا کر حسین بن منصورؒ کو ۱۰۰۰ کوڑے لگائے جانے اور ان کے ہاتھ پاؤں کاٹے جانے کی اضافی سزاؤں کا حکم جاری کیا جس کی شریعت میں دور دور تک کوئی مثال نہیں ملتی۔

ساتواں الزام: زندیقوں جیسا کلام

خطیب بغدادیؒ نے محمد بن حسین نیشاپوری کے واسطہ سے ابو بکر بن غالب سے روایت کیا ہے کہ انہوں نے اپنے بعض دوستوں سے سنا کہ جب حسین بن منصور کے قتل کا ارادہ کیا گیا تو علماء وفقہاء کو جمع کر کے ابن منصور کو بادشاہ (وقت خلیفہ مقتدر باللہ) کے سامنے حاضر کیا گیا۔ علماء نے ان سے کہا کہ آپ سے ایک مسئلہ دریافت کرنا ہے، ابن منصور نے کہا، پوچھو، علماء نے کہا، برہان کسے کہتے ہیں؟ ابن منصور نے جواب دیا، برہان ان شواہد (دلائل) کو کہتے ہیں جو اہل اخلاص کی صورتوں میں اللہ تعالیٰ پیدا کر دیتے ہیں۔ جنکی طرف لوگوں کے قلوب کو جاذب قبول کشش کرتا ہے (یعنی ان کی صورت دیکھ کر قلوب ان کی طرف جاذب باطنی کی وجہ سے کشش ہوتی ہے۔ جیسا کہ حدیث میں ان ہی حضرات کے متعلق وارد ہے "اذا رأوا ذکر اللہ" کہ ان کی صورت دیکھ کر خدا یاد آتا ہے)۔ سب لوگوں نے بالاتفاق کہا، یہ تو زندیقوں جیسا کلام ہے۔ پھر بادشاہ کو ان کے قتل کا مشورہ دیا۔ (بحوالہ تاریخ مدینۃ السلام، الأمام خطیب بغدادیؒ: ج۸، ص۷۰۷)

تاريخ مدينة السلام

وأخبار محدثيها وذكر قطانها العلماء
من غير أهلها ووارديها

تأليف
الإمام الحافظ أبي بكر أحمد بن علي بن ثابت
الخطيب البغدادي
٣٩٢ - ٤٦٣ هـ

المجلد الثامن
تليد - الحسين
٣٥٣٥ - ٤٢٠٢

حققه، وضبط نصه، وعلق عليه
الدكتور بشار عواد معروف

دار الغرب الإسلامي

خطُّك؟ فقال: نعم، فقال: تُصوِّب مثل هذا الاعتقاد؟ فقال: مالك ولهذا، عليكَ بما نُصِبْتَ له من أخذِ أموال الناس، وظُلمِهم، وقَتْلِهم، مالك ولكلام هؤلاء السادة. فقال الوزير: فكِّيه، فضُرِبَ فَكّاه، فقال أبو العباس: اللهم إنك سلَّطت هذا عليَّ عقوبة لدخولي عليه. فقال الوزير: خفُّهُ يا غُلام، فنَزَع خفَّهُ فقال: دِماغَه، فما زال يضربُ رأسه حتى سال الدم من منخريه، ثم قال: الحَبْس، فقيل: أيها الوزير يتشوشُ العامةُ لذلك، فحُمِلَ إلى منزِلِهِ. فقال أبو العباس: اللهم اقتلهُ أخبثَ قِتلة، واقطَع يدَيْه ورِجليه. فمات أبو العباس بعدَ ذلكَ بسبعة أيام، وقُتِلَ حامد بن العباس أفظعَ قِتلة وأوحشها، بعد أن قُطعت يداه ورجلاه، وأُحرِقَ دارُهُ، ، وكانوا يقولون: أدرَكَتهُ دعوةُ أبي العباس بن عطاء.

''الإسناد من الدین ، ولو لا الإسناد لقال من شاء ما شاء ''سند دین میں سے ہے، اگر سند نہ ہوتی تو جو شخص جو چاہتا کہہ دیتا (مقدمہ صحیح مسلم ترقیم دارالسلام: ۳۲ وسندہ صحیح)

وما علینا إلا البلاغ (۱۴ شوال ۱۴۲۶ھ)

سوال: درج ذیل روایت کی تحقیق درکار ہے:

''جب رسول اللہ ﷺ کو غسل دیا گیا تو پانی آپ کی آنکھوں کے گڑھوں پر بلند ہو گیا۔ علی رضی اللہ عنہ نے اسے پی لیا تو انہیں اولین اور آخرین کا علم دے دیا گیا۔'' (کلیم حسین شاہ، راولپنڈی)

الجواب: یہ روایت بے سند و بے اصل ہے۔ اسے عبدالحق دہلوی نے اپنی کتاب ''مدارج النبوۃ'' میں ''روایت کیا گیا ہے کہ'' کے الفاظ سے بے سند و بے حوالہ لکھا ہے (جلد دوم ص ۵۹۱، اردو مترجم، مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ ۴۰ اردو بازار لاہور)

مشہور صوفی احمد بن محمد القسطلانی (متوفی ۹۲۳ھ) لکھتے ہیں کہ:

''وذکر ابن الجوزی أنه روی عن جعفر بن محمد قال: کان الماء یستنقع فی جفون النبی ﷺ فکان علی یحسوه ، وأما ماروي أن علیاً لما غسله ﷺ امتص ماء محاجر عینیه فشربه وأنه قدورث بذلک علم الأولین والآخرین، فقال النووي: لیس بصحیح''

10

لگتا ہے زبیر علی زئی صاحب کے خود ساختہ علمی میدان میں بے سند حوالوں سے تو کام نہیں چلتا لیکن جھوٹ اور کذب بیانیوں سے ضرور کام چلتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ موصوف نے اپنی صرف چار صفحات پر مشتمل ناقص تحقیق کو صحیح ثابت کرنے کے لئے کتنی ڈھٹائی کے ساتھ پانچ جھوٹ بول ڈالے۔ زبیر علی زئی صاحب کا بلا دلیل امام عبدالوہاب الشعرانیؒ کو خرافی صوفی بدعتی کہنا بہت بڑا جھوٹ اور صریح بہتان ہے۔

زبیر علی زئی صاحب کے اس جھوٹے اور بے بنیاد الزام کا مکمل رد امام عبدالوہاب الشعرانیؒ کی عقائد پر لکھی ہوئی کتاب ''الیواقیت والجواھر فی بیان عقائد الاکابر'' سے ہوتا ہے، جس میں انہوں نے عقیدہ توحید، عقیدہ رسالت، عقیدہ ختم نبوت، عقیدہ آخرت، عذاب قبر، جنت و جہنم اور دیگر بنیادی عقائد کو قرآن و حدیث کی روشنی میں تفصیل سے بیان کیا ہے جس سے آپ کے صحیح العقیدہ ہونے کا واضح ثبوت ملتا ہے اور ساتھ ہی بدعت کی جامع و معنیٰ تعریف قرآن و حدیث کی روشنی میں بیان فرمائی ہے۔

امام عبد الوھاب الشعرانیؒ اپنی کتاب ”الیواقیت والجواہر فی بیان عقائد الاکابر“ میں ایک استفتاء کے جواب میں بدعت حسنہ کی وضاحت کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

”(فإن قلت): فهل يلحق بالسنة الصحيحة في وجوب الإذعان لها ما ابتدعه المسلمون من البدعة الحسنة؟
(فالجواب): كما قاله الشيخ في الباب الثاني و الستين و مائتين: إنه يندب الإذعان لها ولا يجب كما أشار إليه قوله تعالي: ﴿وَرَهبَانِيَّةً ٱبْتَدَعُوها مَا كَتَبْنٰها عَلَيْهِمْ﴾ [الحديد:٢٧] وكما أشار إليها قوله صلي الله عليه وآله وسلم: ﴿من سن سنة حسنة﴾ فقد أجاز لنا ابتداع كل ما كان حسناً وجعل فيه الأجر لمن ابتدعه ولمن عمل به مالم يشق ذلک علي الناس، وأخبر أن العابد لله تعالى بما يعطيه نظره إذا لم يكن على شرع من الله تعالى معين يحشر أمة وحده، يعني بغير إمام يتبعه، فجعله خيراً وألحقه بالأخيار“۔”اگر تو اعتراض کرے کہ بدعت حسنہ میں سے جو نئی چیز مسلمانوں نے اختیار کی ہے کیا وہ وجوب اقرار میں سنت صحیحہ کے ساتھ (درجہ میں) مل جاتی ہے؟

اس اعتراض کا جواب یہ ہے کہ اس نئی چیز یعنی بدعت حسنہ کا اقرار کرنا مندوب ہے نہ کہ واجب جیسا کہ اس چیز کی طرف اللہ تعالیٰ کا یہ قول اشارہ کرتا ہے ﴿وَرَهبَانِيَّةً ٱبْتَدَعُوها مَا كَتَبْنٰها عَلَيْهِمْ﴾[الحدید:۲۷]،(انہوں نے اس رہبانیت کو از خود شروع کر لیا تھا یہ ہم نے ان پر فرض نہیں کی تھی)اور جیسا کہ اسی چیز کی طرف حضور نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان اشارہ کرتا ہے ﴿من سن سنة حسنة﴾(جس نے کوئی اچھا طریقہ شروع کیا)اور ہر وہ چیز جو اچھی ہو اسے شروع کرنا ہمارے لیے جائز ہے اور اس میں شروع کرنے والے کے لئے اور اس پر عمل کرنے والے کے لئے اجر رکھ دیا گیا ہے جب تک اس اچھی چیز پر عمل کرنا لوگوں کو مشقت میں نہ ڈالے“۔(الیواقیت والجواہر فی بیان عقائد الاکابر:ج۲،ص۳۸۳)

المبحث السابع والثلاثون: في بيان وجوب الإذعان والطاعة لكل ما جاء به ﷺ من الأحكام ٣٨٣

دعهما يا أبا بكر فإنه يوم عيد وأطال الشيخ في ذلك ثم قال: ولما كان هذا اليوم يوم حظوظ النفوس شرع أيضاً تكرار التكبير في الصلاة ليتمكن من قلوب الناس ما ينبغي للحق تعالى من الكبرياء والعظمة لئلا يشغلهم حظوظ نفوسهم عن كمال مراعاة حقه جل وعلا. قال: وبما قررنا يعرف حكمة ترك التنفل قبل صلاة العيد إذ المقصود في هذا اليوم فعل ما كان مباحاً على جهة الندب خلاف ما كان عليه ذلك الفعل في سائر الأيام فلا يتنفل في ذلك اليوم سوى بصلاة العيد خاصة لأن الحكم إذا كان مربوطاً بوقت، غلب على ما لم يكن مربوطاً بوقت وأيضاً فإنه إنما ندب اللعب والفرح والزينة في هذا اليوم تذكيراً بسرور أهل الجنة ونعيمهم فلا يدخل مع ذلك مندوب آخر يعارضه ثم إذا زال زمان ذلك الحكم المربوط فحينئذٍ يبادر العبد إلى سائر المندوبات ويرجع ما كان مندوباً إليه في ذلك اليوم مباحاً فيما عداه من الأيام وهذا كله فعل الحكيم العادل في القضايا فإن لنفسك عليك حقاً، واللهو واللعب والطرب في هذا اليوم من حق النفس فلا تكن يا أخي ظالماً لنفسك وأعطها حقها انتهى.

(فإن قلت): فهل يلحق بالسنة الصحيحة في وجوب الإذعان لها ما ابتدعه المسلمون من البدع الحسنة؟

(فالجواب): كما قاله الشيخ في الباب الثاني والستين ومائتين: إنه يندب الإذعان لها ولا يجب كما أشار إليه قوله تعالى: ﴿وَرَهْبَانِيَّةً ٱبْتَدَعُوهَا مَا كَتَبْنَٰهَا عَلَيْهِمْ﴾ [الحديد: ٢٧] وكما أشار إليها قوله ﷺ: «من سن سنة حسنة» فقد أجاز لنا ابتداع كل ما كان حسناً وجعل فيه الأجر لمن ابتدعه ولمن عمل به ما لم يشق ذلك على الناس» وأخبر أن العابد لله تعالى بما يعطيه نظره إذا لم يكن على شرع من الله تعالى معين يحشر أمة وحده يعني: بغير إمام يتبعه فجعله خيراً وألحقه بالأخيار كما قال في حكيم بن حزام أسلمت على ما أسلفت من خير وكان سأله عن أمور تبرر بها في الجاهلية من عتق وصلة رحم وكرم وأمثال ذلك وقال أيضاً في حق إبراهيم عليه الصلاة والسلام ﴿إِنَّ إِبْرَٰهِيمَ كَانَ أُمَّةً قَانِتًا لِّلَّهِ﴾ [النحل: ١٢٠] وذلك قبل أن يوحى إليه وفي الحديث: «بعثت لأتمم مكارم الأخلاق» فمن كان على مكارم الأخلاق فهو على شرع من ربه وإن لم يعلم هو ذلك والله أعلم.

بذا قال سهل والمحقق مثلنا | لأنا وإياهم بمنزل إحسان
ومن عرف الأمر الذي قد ذكرته | يقول بقولي في خفاء وإعلان
ولا يلتفت قولاً يخالف قولنا | ولا يبذر السمراء في أرض عميان
هم الصم البكم الذين أتى بهم | لأسماعنا المعصوم في نص قرآن

وهذا النظم جواب لسائل سأل الشيخ كيف جعل الكبش فداء لإسماعيل عليه السلام، وهو نبي وأين مقام النبي من مقام الكبش ونظم السؤال هو قوله:

اليواقيت والجواهر
في بيان عقائد الأكابر
ويأسفله
الكبريت الأحمر
في بيان علوم الشيخ الأكبر
محيي الدين بن العربي المتوفى سنة (٦٣٨هـ)
وهو منتخب من كتاب لواقح الأنوار القدسية
المختصر من الفتوحات المكية
تأليف
الشيخ عبد الوهاب بن أحمد بن علي الشعراني
(ت ٩٧٣هـ)
طبعة جديدة مصححة ومخرجة الآيات القرآنية الكريمة
الجزء الثاني
دار إحياء التراث العربي
مؤسسة التاريخ العربي
بيروت - لبنان

جو شخص بدعت کی اتنی خوبصورت اور عمدہ تعریف قرآن و حدیث کی روشنی میں بیان کرے وہ خود بدعتی کیسے ہو سکتا ہے، لہٰذا یہ بات ثابت ہو گئی کہ زبیر علی زئی صاحب کا بلا دلیل بہتان جھوٹا اور بے بنیاد ہے۔

زبیر علی زئی صاحب کے اس بہتان کے جواب میں ضروری ہو گا کہ امام عبد الوھاب الشعرانیؒ کا سلسلہ نسب اور علمی قابلیت کی مختصر تفصیل پیش کی جائے تاکہ قارئین کو ان کے علمی مقام کا کچھ اندازہ ہو سکے۔

شیخ عبدالوھاب بن احمد بن علی الشعرانیؒ کے مختصر حالات

اِمام عبدالوہاب الشعرانیؒ کی وِلادت ۲۷ رمضان المبارک ۸۹۷ھ میں ہوئی اور وفات ۹۷۳ھ میں ہوئی۔ (الطبقات الکبریٰ اللشعرانی اردو: ص۳۰) (المقاصد الحسنہ، امام سخاوی: ص۲۷؛ دار الکتب العربی)

فرمایا کہ میں نے شرافت کے حوالے سے تمہارا نسب مراد لیا ہے تو انہوں نے عرض کی میرا نسب سیدی محمد بن الحنفیہ کے ساتھ ملتا ہے۔ آپ نے فرمایا بادشاہی، شرافت اور فقر باہم اکٹھے نہیں ہوتے تو انہوں نے عرض کی: یا سیدی! فقر کے ماسوا کو میں ترک کرتا ہوں۔ چنانچہ آپ نے ان کی تربیت فرمائی۔ جب طریقت میں تکمیل ہو گئی تو آپ کو صعید مصر کی طرف سفر کرنے کا امر فرمایا۔ اور انہیں حکم دیا کہ ہوفان کی طرف سکونت اختیار کرنا وہیں تمہاری قبر ہو گی چنانچہ ایسا ہی ہوا۔

امام شعرانی ۸۹۷ھ میں پیدا ہوئے۔ اور ایک قول کے مطابق ۹۷۳ھ میں وفات پائی۔

مضافات مصر کے علاقے ریف میں ابتدائی ایام میں اقامت پذیر رہے۔ تو اذشات الہیہ کا ذکر فرماتے ہوئے فرماتے ہیں کہ ریف کے علاقے میں ۸ سال کی عمر میں قرآن پاک حفظ کیا آپ بچپنے سے ہی پابند صوم و صلوٰۃ تھے۔ چنانچہ فرماتے ہیں کہ جب سے ہی میں پابندی وقت کے ساتھ پانچ وقت کی نماز ادا کرتا اور مجھے یاد نہیں کہ میں نے آج تک نماز کا وقت ضائع کیا ہو سوائے ایک دفعہ کے کہ سفر حجاز کے دوران راستے میں نماز ظہر پڑھنا بھول گیا اور تاخیر کی نیت کے بغیر عصر کا وقت داخل ہو گیا۔ کئی دفعہ میں ایک ہی رکعت میں پورا قرآن کریم ختم کر لیتا حالانکہ ابھی بالغ نہیں تھا۔

۹۱۱ھ کے آغاز میں ریف سے آپ مصر منتقل ہو گئے اس وقت آپ کی عمر ۱۲ سال کی تھی اور اس نقل مکانی کی توفیق کو آپ رب العزت کے احسان و انعام سے تعبیر فرماتے ہیں چنانچہ آپ لکھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی برکت سے مجھ پر انعام فرمایا کہ میں ریف کا صحرائی علاقہ چھوڑ کر مصر آ گیا اور یوں اللہ تعالیٰ نے مجھے جفاء و جہالت کی سرزمین سے لطف اور علم کے شہر کی طرف منتقل فرمایا اور اس کی طرف سیدنا یوسف علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اشارہ فرمایا کہ آپ فرماتے ہیں وقد احسن بی اذا اخرجنی من السجن و جاء بکم من البدو۔ یعنی اس نے مجھ پر بڑا کرم فرمایا جب اس نے مجھے قید خانہ سے نکالا اور تمہیں صحرا سے لے آیا اور اس کے بعد کہ شیطان نے میرے اور میرے بھائیوں کے درمیان ناچاقی ڈال دی تھی۔ پس آپ نے اپنے بھائیوں کے صحرا سے آنے کو اپنے اوپر اور بالتبع بھائیوں پر اللہ تعالیٰ کے احسان کے طور پر ذکر فرمایا۔ گویا حضرت یوسف علیہ السلام نے اپنے بھائیوں کے ساتھ اور اپنے ساتھ ظاہر کی گئی حکمت عملی پر اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء کی اور حدیث شریف میں مرفوعاً بیان کیا گیا ہے کہ جس نے صحرا میں سکونت اختیار کی اس نے جفا کی جو شکار کے پیچھے چلا غافل ہوا اور جو ارباب اقتدار کے دروازوں پر آیا فتنہ میں مبتلا ہوا۔

زمانہ نابالغی میں کفایت خداوندی

چند سطور پہلے آپ نے مصر کی سرزمین لطیف و علم میں پہنچنے کا تذکرہ فرمایا اس ضمن میں فرماتے ہیں کہ جب میں ۱۲ سال کی عمر میں مصر آیا تو سیدی ابو العباس الغمری کی جامع میں اقامت پذیر ہوا۔ اللہ تعالیٰ نے شیخ الجامع اور ان کی اولاد کو مجھ پر بعنایت مہربان کر دیا چنانچہ میں ان کے درمیان ایسے تھا جیسے کہ انہیں میں سے ایک ہوں۔ میں وہی کھاتا جو وہ کھاتے اور وہی پہنتا جو وہ خود پہنتے۔ انہیں میری طرف سے اللہ تعالیٰ ہی جزائے خیر عطا فرمائے گا ان کے پاس وہاں رہتے ہوئے میں نے کتب شرعیہ کے متون اور ان کی اصطلاحات یاد کیں اور انہیں شیوخ پر پیش کر کے عقدہ کشائی کا شرف حاصل کیا۔ میرے ظاہر کو اللہ تعالیٰ نے گناہوں میں ملوث

اولیاء و صوفیائے کرام کے احوال و ملفوظات کی روشنی میں سلوک و تصوف پر مفصل تذکرہ

برکاتِ روحانی

اردو ترجمہ

طبقاتِ امام شعرانی قدس سرہ النورانی

تصنیفِ لطیف:

قطب ربانی ہیکل صمدانی عارف باللہ تعالیٰ

سیدی عبد الوہاب الشعرانی قدس سرہ النورانی

مترجم:

رئیس المتکلمین عالم باعمل پیر طریقت حضرت علامہ الحاج

صاحبزادہ پیر سید محمد محفوظ الحق شاہ صاحب چشتی صابری قادری

تحریک: صاحبزادہ سید محمد محمود الحق شاہ صاحب

نوریہ رضویہ پبلیکیشنز
۱۱۔ گنج بخش روڈ۔ لاہور

« الدرر المنتثرة في الأحاديث المشتهرة » ، لخص فيه كتاب « التذكرة » للزركشي وزاد عليه .

ولما جاء الشيخ عبد الوهاب الشعراني (ت٩٧٣) صنف كتاباً سماه « البدر المنير في غريب أحاديث البشير النذير » .

ثم جاء غرس الدين (ت ١٠٥٧) ؛ فسلك مسلكاً جديداً في هذا الشأن ، حيث نظم قصيدة مطولة سمّاها : « كشف الالتباس عن الأحاديث التي تدور بين الناس » ، جمع فيها ـ كما يقول ـ من الأحاديث النبوية ألوفاً ، ومن الفوائد الأثرية صنوفاً ، أبياتها نحو من عشرة آلاف بيت .... ثم كتب كتاباً يسهل الوصول إلى هذه المنظومة الصعبة ، هو « تسهيل السبيل إلى كشف الالتباس عما دار من الأحاديث بين الناس » .

ثم جاء نجم الدين بن محمد الغزي (ت ١٠٦١) ؛ فصنف « اتقان ما يحسن من بيان الأخبار الدائرة على الألسن » ضمّنه كتاب « التذكرة » و« الدرر المنتثرة » و« المقاصد الحسنة » ، وزاد عليها فوائد حسنة .

ثم جاء العجلوني (ت ١١٦٢) ؛ فصنف « كشف الخفاء ومزيل الالباس عما اشتهر من الأحاديث على ألسنة الناس » حاول فيه أن يجمع كل أحاديث كتب الأئمة الذين سبقوه في هذا الفن .

ثم جاء محمد بن درويش الشهير بالحوت البيروتي (ت ١٢٧٦) ؛ فصنف كتاب « أسنى المطالب في أحاديث مختلفة المراتب » ، جرّد فيه مؤلفه أحاديث ابن الديبع التي اختصرها من كتاب « المقاصد الحسنة » ، وزاد عليها زيادات ، ثم قام ولده عبد الرحمن بعد وفاة والده فضم الزيادات إلى الأصل ورتبها كلها على حروف الهجاء تسهيلاً للفائدة .

٢٧



آپ کا سلسلۂ نسب حضرت علی المرتضی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ملتا ہے: ''آپ نے اپنا نسب یوں بیان فرمایا ہے عبد الوہاب بن احمد بن علی بن احمد بن علی بن محمد بن زوفا ابن الشیخ موسیٰ جنہیں بہنسا کے شہروں میں ابو عمران کی کنیت سے یاد کیا جاتا ہے۔ آپ میرے چھٹے دادا ہیں۔ بن سلطان احمد بن سلطان سعید ابن سلطان قاشین ابن سلطان محیا بن سلطان زوفا بن ریان بن سلطان محمد بن موسیٰ ابن السید محمد بن الحنفیہ بن الامام علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہم''۔ (الطبقات الکبریٰ اللشعرانی اردو: ص۲۹) (ارشاد الطالبین الامام عبدالوہاب الشعرانی: ص۱۱؛ دار الکتب العلمیہ بیروت)

آپ اپنے سلسلۂ نسب و شرافت نسبی کی برکات بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں: ''اگرچہ غالب طور پر تقویٰ کے بغیر نسبی شرافت نفع نہیں دیتی لیکن کبھی کچھ فائدہ حاصل ہوتا ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے اس کا اشارہ اپنے اس ارشاد میں فرمایا ہے ﴿وَكَانَ أَبُوهُمَا صَالِحًا﴾ [کہف: ۸۲] (جن دو یتیم بچوں کی دیوار حضرت خضر اور موسیٰ علیٰ نبینا و علیہم الصلوٰۃ والسلام نے کھڑی کر دی) ان دونوں کا باپ نیک تھا۔ اگر یہ بات نہ ہوتی کہ ان کا باپ صالح تھا تو وہ اس انعام میں داخل نہ ہوتے اور اس کی صفت صلاح کی تصریح فرمانے کا چنداں فائدہ نہ ہوتا۔ پس میں اللہ تعالیٰ کی حمد کرتا ہوں کہ اس نے مجھے نادر فی بادشاہوں کی اولاد میں سے کیا''۔ (الطبقات الکبریٰ اللشعرانی اردو: ص۲۹)

اولیاء و صوفیائے کرام کے احوال و ملفوظات کی روشنی میں سلوک و تصوف پر مفصل تذکرہ

برکاتِ روحانی

اردو ترجمہ

طبقاتِ امام شعرانی قدس سرہ النورانی

تصنیفِ لطیف:

قطب ربانی ہیکل صمدانی عارف باللہ تعالیٰ

سیدی عبدالوہاب الشعرانی قدس سرہ النورانی

مترجم:

رئیس المتکلمین عالم باعمل پیر طریقت حضرت علامہ مولانا الحاج

صاحبزادہ پیر سید محمد محفوظ الحق شاہ صاحب چشتی صابری قادری

(تحریک: صاحبزادہ سید محمد محمود الحق شاہ صاحب مدظلہ)

نوریہ رضویہ پبلی کیشنز
۱۱۔ گنج بخش روڈ۔ لاہور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تذکرۂ نورانی

العارف باللہ تعالیٰ سیدی عبدالوہاب الشعرانی

قطب ربانی۔ ہیکل صمدانی۔ العارف باللہ تعالیٰ سیدی عبدالوہاب الشعرانی قدس سرہ النورانی ایک نسبت ہے جس سے بہت سے لوگ مشہور ہیں۔ عام طور پر اسے شعر سے مشتق بتاتے ہیں۔ جس کے معنی "بال" ہیں۔ اور اس کا اطلاق ایسے شخص پر ہوتا ہے جس کے بال بہت گھنے یا بہت لمبے ہوں بعض معروف اشخاص ایک مقام سے تعلق کی وجہ سے شعرانی کے علاوہ شعراوی بھی کہلاتے تھے۔

آپ کی کنیت ابوالمواہب ہے۔ ایک مثالی کنیت ہے۔ جب کہ آپ اپنے بیٹے کی نسبت سے ابوعبدالرحمٰن کہلاتے تھے لطائف المنن والاخلاق کے باب اول میں آپ نے اپنا نسب یوں بیان فرمایا ہے عبدالوہاب بن احمد بن علی بن محمد بن زوفا ابن الشیخ موسیٰ جنہیں بھنسا کے شہروں میں ابوعمران کی کنیت سے یاد کیا جاتا ہے۔ آپ میرے چھٹے دادا ہیں۔ بن سلطان احمد ابن سلطان سعید ابن سلطان قاشین ابن سلطان محیا بن سلطان زوفا ابن سلطان ریان بن سلطان محمد بن موسیٰ ابن السید محمد بن الحنفیہ ابن الامام علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ۔ اور فرماتے ہیں کہ مجھ پر اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے احسان فرمایا کہ مجھے شرافت نسبی حاصل ہے۔

شرافت نسبی کی برکت

فرماتے ہیں کہ اگرچہ غالب طور پر تقویٰ کے بغیر نسبی شرافت نفع نہیں دیتی لیکن کبھی کچھ فائدہ حاصل ہوتا ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے اس کا اشارہ اپنے اس ارشاد میں فرمایا ہے و کان ابوھما صالحا (جن دو یتیم بچوں کی دیوار حضرت خضر اور موسیٰ علی نبینا وعلیہما الصلوٰۃ والسلام نے کھڑی کر دی) ان دونوں کا باپ نیک تھا۔ اگر یہ بات نہ ہوتی کہ ان کا باپ صالح تھا تو وہ اس انعام میں داخل نہ ہوتے اور اس کی صفت صلاح کی تصریح فرمانے کا چنداں فائدہ نہ ہوتا۔ پس میں اللہ تعالیٰ کی حمد کرتا ہوں کہ اس نے مجھے نادر بادشاہوں کی اولاد میں سے کیا۔

اور اپنے نسب کے بابرکت ہونے کے متعلق ایک واقعہ بیان فرماتے ہیں کہ میری ساتویں پشت کے دادا سلطان احمد تلمسان کے بادشاہ تھے اور یہ شیخ ابومدین المغربی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا زمانہ تھا۔ اور جب میرے دادا موسیٰ کو شیخ سے شرف ملاقات حاصل ہوا تو آپ نے یعنی شیخ ابومدین نے پوچھا کہ آپ کی نسبت کس کے ساتھ ہے؟ انہوں نے کہا میرے والد سلطان احمد ہیں آپ نے

کُتبِ احادیث کے معروف شارح و محدثینِ متاخرین کی سَنَد حضرت امام عبد الرؤف المناویؒ (متوفی: ۱۰۳۱ھ) اپنی کتاب "الکواکب الدریہ فی تراجم السادۃ الصوفیہ الطبقات الکبریٰ" میں امام شعرانیؒ کی شان بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں: "عبد الوھاب بن احمد الشعرانی ہمارے شیخ ہیں، امام ہیں، عالم و عامل ہیں، لوگوں کی نظر میں فضیلت رکھنے والے باعزت شخصیت ہیں اور وصیلہ رکھتے ہیں، عبادت گزار ہیں، پرہیز گار ہیں، فقیہہ ہیں، محدث ہیں، صوفی ہیں، بزرگ ہیں، صاحب نسبت ہیں اور امام محمد بن حنفیہ رضی اللہ عنہ کی اولاد میں سے ہیں"۔

(طبقات الکبریٰ للمناوی: ج۳، ص ۳۹۲؛ دار صادر بیروت)

طَبَقَاتُ الصُّوفِيَّةِ

الكَوَاكِبُ الدُّرِّيَّة

فِي تَرَاجِمِ السَّادَةِ الصُّوفِيَّةِ

الطَّبَقَاتُ الكُبْرَى

تأليف

زين الدين محمد عبد الرؤوف المناوي

(٩٥٢ - ١٠٣١)

تحقيق

محمد أديب الجادر

الجزء الثالث

دار صادر
بيروت

(٧٩٣) عبد الوهاب الشعراوي (*)

عبد الوهابِ بن أحمد الشعراوي شيخُنا الإمامُ العامِل، والهُمامُ الكامِل، إنسانُ عَينِ ذَوي الفضائِل، وعَينُ إنسانِ الواصلينَ من ذَوي الوسائِل، العابدُ، الزَّاهدُ، الفقيهُ، المُحدِّثُ، الصُّوفيُّ، المُربي، المُسلِّك، وهو من ذُرِّيَّةِ الإمام محمد ابن الحنفيَّة.

وُلِدَ ببلدِهِ، ونشأ بها، وماتَ أبواه[١] وهو طِفلٌ، ومع ذلك ظهرَتْ فيه علامَةُ النَّجابَةِ، ومخائلُ الرِّئاسةِ والولاية. فحفِظَ القرآنَ، و «أبا شجاع»[٢] و «الآجرومية» وهو ابنُ نحوِ سبعٍ أو ثمان. ثمَّ انتقَلَ من الرِّيفِ إلى مصرَ في غرَّةِ سنةِ إحدى عشرة وتسعِ مئة، وعُمرُهُ نحوَ اثنتي عشرةَ سنةً، فقطَنَ بجامعِ الغَمريّ، وجَدَّ واجتهدَ، فحفِظَ عِدَّةَ مُتونٍ منها: «مِنهاجَ النَّوويّ» والألفيَّتين، و «التَّوضيح»، و «التَّلخيص»، و «الشَّاطبيَّة»، و «قواعدَ ابنِ هشام»، بل حفِظَ «الرَّوض» إلى القضاء على الغائب. وذلك من كراماتِهِ، فقد وقفتُ على ما لا يكادُ يُحصى من الطَّبقاتِ والتَّواريخ فلم أرَ في ترجمةِ أحدٍ من الأعيانِ أنَّه حفظَهُ ولا بعضَهُ.

(*) الكواكب السائرة ٣/١٧٦، شذرات الذهب ٨/٣٧٢، هدية العارفين ١/٦٤١، طبقات الشاذلية ١٣٨، جامع كرامات الأولياء ٢/١٣٤، فهرس الفهارس ٢/١٠٧٩، معجم المطبوعات العربية ١١٢٩، تاريخ الأدب العربي لبروكلمان ٨/٢٥٥، التصوف الإسلامي ٢/٢٧٦، معجم المؤلفين ٦/٢١٨، الخطط التوفيقية ٢/٣٣٩، و ١٤/١٠٩. وقد ترجم الشعراني نفسه ترجمة كاملة في مقدمة كتابه لطائف المنن، وهناك كتب أفردت ترجمته مثل: الشعراني إمام التصوف لتوفيق الطويل، والشعراني والتصوف لطه عبد الباقي سرور. والشعراني ويقال الشعراوي نسبة إلى قرية أبي شعرة من أعمال المنوفية.

(١) في (أ): أبوه.

(٢) مختصر أبي شجاع في فروع الشافعية، مشهور، وعليه عدّة شروح. ألفه أحمد بن الحسن بن أحمد الأصبهاني العباداني البصري، المتوفى في حدود سنة ٥٠٠. انظر طبقات السبكي ٦/١٥، وكشف الظنون ١٦٢٥.

امام شہاب الدین احمد بن محمد العکری حنبلی دمشقیؒ (متوفی ۱۰۸۹ھ) اپنی کتاب ”شذرات الذھب فی اخبار من ذھب“ میں امام شعرانیؒ کی شان کچھ اس طرح بیان کرتے ہیں: ”شیخ عبد الوھاب بن احمد الشعرانی شافعی کے بارے میں شیخ عبد الروٴف المناوی "طبقات الکبریٰ" میں بیان فرماتے ہیں کہ ہمارے شیخ امام عالم وعامل ہیں، عبادت گزار ہیں، پرہیز گار ہیں، فقیہہ ہیں، محدث ہیں، صوفی ہیں، بزرگ ہیں، صاحب نسبت ہیں اور امام محمد بن حنفیہ رضی اللہ عنہ کی اولاد میں سے ہیں“۔ (شذرات الذھب ابن عماد الحنبلی: ج۸، ص۵۴۴)

المولى خير الدِّين معلّم السلطان بليمانَ، ثم تنقّل في المدارس والمناصب، إلى أن ولي قضاء حلب، ثم قضاء دمشق، ثم قضاء مصر، ثم كُفَّ فتقاعد بمدرسة أبي أيوب الأنصاري بمائة درهم.

وكان مشاركاً في أكثر العلوم، له منها حظّ وافرٌ، زكي النفس، كثير السخاء، محسناً متفضلاً، كتب حواشي على «شرح المواقف» وعلى «شرح الوقاية» لصدر الشريعة، وعلى «شرح المفتاح» للشريف الجُرجاني، وجمع «لطائف علماء الروم ونوادرهم».

وله «ديوان شعر» و «ديوان إنشاء» كلاهما بالتركي. انتهى

● وفيها الشيخ عبد الوهاب بن أحمد الشعراوي الشافعي[1].

قال الشيخ عبد الرؤوف المناوي في «طبقاته»: هو شيخنا الإمام العالم[2] العامل العابد الزاهد الفقيه المُحَدِّث الأصولي الصوفي المربِّي المُسَلِّك، من ذُرِّيَّة محمد بن الحنفيَّة.

ولد ببلده ونشأ بها، ومات أبواه[3] وهو طفل، ومع ذلك ظهرت فيه علامة النجابة ومخايل الرئاسة والولاية، فحفظ القرآن و «أبا شجاع»[4] و «الأجرومية» وهو ابن نحو سبع أو ثمان، ثم انتقل إلى مصر سنة إحدى عشرة وتسعمائة وهو مراهق، فقطن بجامع الغمري، وجدَّ واجتهد، فحفظ عدة متون، منها «المنهاج» و «الألفية» و «التوضيح» و «التلخيص»[5] و «الشاطبية» و «قواعد ابن هشام» بل حفظ «الروض إلى القضاء» وذلك من كراماته.

وعرض ما حفظ على علماء عصره، ثم شرع في القراءة، فأخذ عن الشيخ

(١) ترجمته في «الكواكب السائرة» (٣/١٧٦ - ١٧٧) و «الأعلام» (٤/١٨٠ - ١٨١) و «جامع كرامات الأولياء» (٢/١٣٤ - ١٣٩) و «معجم المؤلفين» (٦/٢١٨ - ٢١٩).

(٢) لفظة «العالم» لم ترد في «ط».

(٣) في «ط»: «أبوه».

(٤) أي «متنه».

(٥) لفظة «والتلخيص» سقطت من «آ».

٥٤٤



شذرات الذهب في أخبار من ذهب

لابن العماد

الإمام شهاب الدين أبي الفلاح عبد الحي بن أحمد بن محمد العكري الحنبلي الدمشقي

(١٠٣٢ - ١٠٨٩هـ)

المجلد العاشر

أشرف على تحقيقه وخرج أحاديثه

عبد القادر الأرناؤوط

حققه وعلق عليه

محمود الأرناؤوط

دار ابن كثير

دمشق - بيروت

امام عبد الروٴف المناویؒ آپ کی کرامت کے بیان میں لکھتے ہیں: ”جو کتب آپ نے حفظ فرمائیں ان میں سے صرف چند ایک کے نام یہ ہیں، المنہاج النووی، الفیتین، توضیح ابن ہشام، تلخیص المفتاح، شاطبیہ، اور قوائد ابن ہشام، الرَّوض۔ میں نے تاریخ اور طبقات کی کتب میں آج تک کسی کے حالات میں یہ نہیں دیکھا کہ اسے اتنی (یعنی امام شعرانی کی طرح) کتابیں حفظ ہوں“۔ (طبقات الکبریٰ للمناوی: ج۳، ص ۳۹۲؛ دار صادر بیروت)

حضرت امام شعرانیؒ عالم اسلام کی عظیم وقدیم درس گاہ جامعہ الازہر الشریف میں داخل ہوئے اور مصر کے تقریباً پچاس مشائخ کے سامنے زانوئے تلمّذ تہ فرمایا اور علومِ منقولات ومعقولات حاصل کیئے جن میں مشہور اساتذہ کے اسماگرامی یہ ہیں: ”شیخ امین الدین جامع الغمری کے امام جن سے آپ نے المنہاج، جمع الجوامع، شرح الفیہ عراقی، الفیہ ابن مالک پڑھیں۔ شیخ شمس الدواخلی سے شرح الارشاد، الروض، شرح الفیہ ابن مصنف، شرح التوضیح، مطول، شرح جمع الجوامع، شرح الفیہ للعراقی۔ النور المحلی سے شرح جمع الجوامع اور حاشیہ المعلقات السبع، شرح المقاصد۔ ملا علی عجمی سے نحو کی تمام کتب، الاشمعونی سے المنہاج، الفیہ، جمع الجوامع۔ شیخ الاسلام زکریا سے رسالہ قشیریہ، الروض، التحریر، آداب البحث اور ان کے علاوہ بھی بہت ساری کتب پڑھیں“۔ (طبقات الکبریٰ للمناوی: ج۳، ص ۳۹۳؛ دار صادر بیروت)

طَبَقَاتُ ٱلصُّوفِيَّةِ

الكَوَاكِبُ الدُّرِّيَّةُ

في تراجم السادة الصوفية

الطبقات الكبرى

تأليف

زين الدين محمد عبد الرؤوف المناوي

(٩٥٢ - ١٠٣١)

تحقيق

محمد أديب الجادر

الجزء الثالث

دار صادر

بيروت

(٧٩٣) عبد الوهاب الشعراوي (*)

عبد الوهاب بن أحمد الشعراوي شيخُنا الإمامُ العامِل، والهُمامُ الكامِل، إنسانُ عَينِ ذَوي الفضائِل، وعَينُ إنسانِ الواصلينَ من ذَوي الوسائِل، العابدُ، الزَّاهدُ، الفقيهُ، المُحدِّثُ، الصُّوفيُّ، المُربي، المُسلِّك، وهو من ذُرِّيَّةِ الإمام محمد ابن الحنفيَّة.

وُلِدَ ببلدِهِ، ونشأ بها، وماتَ أبواه[1] وهو طِفلٌ، ومع ذلك ظهرَتْ فيه علامَةُ النَّجابَةِ، ومخائلُ الرِّئاسةِ والولاية. فحفِظَ القرآنَ، و «أبا شجاع»[2] و «الآجرومية» وهو ابنُ نحوِ سبعٍ أو ثمان. ثمَّ انتقَلَ من الرِّيفِ إلى مصرَ في غرَّةِ سنةِ إحدى عشرة وتسعِ مئة، وعُمرُهُ نحوَ اثنتي عشرةَ سنةً، فقطَنَ بجامعِ الغَمريِّ، وجَدَّ واجتهدَ، فحفِظَ عِدَّةَ مُتونٍ منها: «مِنهاجَ النَّوويِّ» والألفيَّتَين، و «التَّوضيح»، و «التَّلخيص»، و «الشَّاطبيَّة»، و «قواعدَ ابنِ هشام»، بل حفِظَ «الرَّوض» إلى القضاء على الغائب. وذلك من كراماتِه، فقد وقفتُ على ما لا يكادُ يُحصى من الطَّبقاتِ والتَّواريخ فلم أرَ في ترجمةِ أحدٍ من الأعيانِ أنَّه حفظَهُ ولا بعضَهُ.

(*) الكواكب السائرة ٣/١٧٦، شذرات الذهب ٨/٣٧٢، هدية العارفين ١/٦٤١، طبقات الشاذلية ١٣٨، جامع كرامات الأولياء ٢/١٣٤، فهرس الفهارس ٢/١٠٧٩، معجم المطبوعات العربية ١١٢٩، تاريخ الأدب العربي لبروكلمان ٨/٢٥٥، التصوف الإسلامي ٢/٢٧٦، معجم المؤلفين ٦/٢١٨، الخطط التوفيقية ٢/٣٣٩، و١٤/١٠٩. وقد ترجم الشعراني نفسه ترجمة كاملة في مقدمة كتابه لطائف المنن، وهناك كتب أفردت ترجمته مثل: الشعراني إمام التصوف لتوفيق الطويل، والشعراني والتصوف لطه عبد الباقي سرور. والشعراني ويقال الشعراوي نسبة إلى قرية أبي شعرة من أعمال المنوفية.

(١) في (أ): أبوه.

(٢) مختصر أبي شجاع في فروع الشافعية، مشهور، وعليه عدَّة شروح. ألفه أحمد بن الحسن بن أحمد الأصبهاني العباداني البصري، المتوفى في حدود سنة ٥٠٠. انظر طبقات السبكي ٦/١٥، وكشف الظنون ١٦٢٥.

طَبَقَاتُ ٱلصُّوفِيَّةِ

الكَوَاكِبُ الدُّرِّيَّةُ

في تراجم السادة الصوفية

الطبقات الكبرى

تأليف

زين الدين محمد عبد الرؤوف المناوي

(٩٥٢ - ١٠٣١)

تحقيق

محمد أديب الجادر

الجزء الثالث

دار صادر

بيروت

وعرَضَ محفوظاتِه على مشايخِ عصرِهِ، ثمَّ شرَعَ في القراءةِ، فأخذَ عنِ الشَّيخِ أمينِ الدِّين[1] إمامِ جامعِ الغَمريِّ: شرحَيْ «المنهاج» و«جمع الجوامع» للمحلِّي، و «حاشيةً» لابن أبي شريف، و «شرحِ ألفيَّةِ العراقي» للسَّخاوي، و «ألفيَّةَ ابنِ مالك» لابن عقيل. وسمِعَ عليه الكُتُبَ السِّتَّةِ وغيرِها، وقرأ على الشَّمسِ الدَّواخليِّ[2]: «شرح الإرشاد» و «الرَّوض» و «شرح الألفيَّة» لابن المصنِّف و «شرح التَّوضيح» و «المطوَّل» و «شرح جمع الجوامع» و «شرح الألفيَّة للعراقي»[3]، وعلى النُّورِ المحلِّي «شرح جمع الجوامع» وحاشيتَهُ، و «شرح المعلَّقاتِ السَّبع»، و «شرحَ المقاصد» وغيرِها.

وعلى النور الجارحيِّ: «شرحَ ألفيَّةِ العراقي» و «الشَّاطبيَّة» وعلى مُلَّا علي العجمي[4] عِدَّةَ كُتُبٍ نحويَّة. وعلى القسطلانيِّ غالِبَ شرحِهِ «للبُخاري»، وقطعةً من «المواهب». وعلى الأشموني قطعةً من «المنهاج» و «الألفيَّة» و «جمع الجوامع». وعلى شيخِ الإسلامِ زكريَّا شرحَ «رسالةِ القُشيري» و «الرَّوض» و «التَّحرير» و «آدابَ البحث» وغيرِها. ثمَّ على الشِّهابِ الرَّمليِّ ثلاثةَ أرباعِ «الرَّوضة».

وحُبِّبَ إليه الحديثُ، فلزِمَ الاشتغالَ به، ومع ذلك لم يكُنْ عندَهُ جُمودُ المُحدِّثين، ولا كُدونَةُ النَّقَلَةِ، بل هو فقيهُ النَّظرِ، صوفيُّ الخبَرِ، له دُرْبَةٌ[5] بأقوالِ السَّلَفِ، ومذاهبِ الخَلَف.

وكان ينهى عنِ الحطِّ على الفلاسفةِ، وينفرُ ممَّن يذُمُّهم بحضرتِه، ويقولُ: هؤلاءِ عُقلاء.

ثمَّ أقبَلَ على الاشتغالِ بالطَّريقِ فجاهَدَ نفسَهُ مُدَّةً، وقطَعَ العلائِقَ الدُّنيويَّةَ،

(١) انظر ترجمته ٣/٣٤٦.

(٢) شمس الدين الدواخلي محمد، عالم عامل كتب الدقائق والسير، كثير الصيام والقيام، توفي سنة ٩٣٩ هـ. الكواكب السائرة ٢/٦٩.

(٣) في (أ): ألفية العراقي للمؤلف.

(٤) في (أ): علي جامي.

(٥) في (أ): دراية.

امام شعرانیؒ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے مقلد تھے لیکن باقی ائمہ مجتہدین اور ان کی تحقیقات کے متعلق اس قدر عقیدت و محبت رکھتے تھے جس قدر ان کے مقلدین کو اپنے امام کے ساتھ عقیدت و محبت ہوتی ہے۔ عبد الحی بن أحمد بن محمد ابن العماد العکری الحنبلیؒ لکھتے ہیں: ''آپ خود فرماتے ہیں کہ میں اپنے مذہب کی کتابوں کی بہ نسبت باقی تین مذاہب کے ائمہ یعنی امام ابو حنیفہ، امام مالک، اور امام احمد بن حنبل رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کی کتابوں کا مطالعہ زیادہ کرتا ہوں اور اس کی وجہ یہ ہے کہ جب امام شافعیؒ کے مذہب میں تبحر (مہارت) حاصل کرلیا تو مجھے ایسے مسائل کی معرفت کی ضرورت محسوس ہوئی جن پر چاروں ائمہ کرام کا اجماع ہو یا پھر تین ائمہ جن پر متفق ہوں تاکہ میں ان کے ممنوعات پر عمل سے پرہیز کرسکوں اور جس کا انہوں نے حکم دیا ہے اس پر عمل کرسکوں''۔ (الطبقات الکبریٰ اللشعرانی اردو: ص ۳۴) (شذرات الذهب ابن عماد الحنبلی: ج ۸، ص ۵۴۶)

طبقات امام شعرانی ﴿۳۴﴾ برکات روحانی (اردو ترجمہ)

جن کمالات اور درجات سے نوازے گئے اور قرب خداوندی کے جن مدارج علیا پر فائز ہوئے وہ شرک نہیں ہیں بلکہ ایمان کامل کے نتائج اور ثمرات ہیں اور ان محرومان توفیق کے لئے لمحہ فکریہ جنہیں ان نفوس قدسیہ کے خداداد کمالات اور تصرفات کو دیکھ کر یا سن کر (معاذ اللہ) عقیدۂ توحید کے مجروح ہونے کا غم مضمحل کر دیتا ہے اور بات بات پر شرک شرک کی گردان کرنے لگتے ہیں توحید و رسالت کے حقائق کو جس طرح ان نفوس کاملہ نے سمجھا اور پایا وہی آبروئے اسلام ہے یہ وہی حضرات ہیں جن کی راہ پر چلنے کی توفیق اهدنا الصراط المستقيم صراط الذين انعمت عليهم کے ساتھ ہر رکعت میں بارگاہ الوہیت سے طلب کی جاتی ہے اگر ان کے عقائد و اعمال اور تعلیمات توحید سے متصادم اور اس کے خلاف ہیں تو پھر ایمان کہاں سے ملے گا؟ فهل من مدكر

میزان اعتدال

اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے امام شعرانی قدس سرہ پر یہ انعام بھی فرمایا کہ باوجودیکہ آپ حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے مقلد ہیں لیکن باقی ائمہ مجتہدین اور ان کی تحقیقات کے متعلق اسی قدر عقیدت و محبت رکھتے ہیں جس قدر کہ ان کے مقلدین کو اپنے اپنے امام محترم کے ساتھ ہوتی ہے چنانچہ خود فرماتے ہیں کہ میں اپنے مذہب کی کتابوں کی بہ نسبت باقی تین مذاہب کے ائمہ یعنی امام ابوحنیفہ۔ امام مالک اور امام احمد بن حنبل رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کی کتابوں کا مطالعہ زیادہ کرتا ہوں اور اس کی وجہ یہ ہے کہ جب میں نے امام شافعی رضی اللہ عنہ کے مذہب میں تبحر حاصل کرلیا تو مجھے ایسے مسائل کی معرفت کی ضرورت محسوس ہوئی جن پر چاروں ائمہ کرام کا اجماع ہو یا پھر تین ائمہ جن پر متفق ہوں تاکہ میں ان کے ممنوعات پر عمل سے پرہیز کرسکوں اور جس کا انہوں نے حکم دیا ہے اس پر عمل کرسکوں چنانچہ حنفیہ جن کی کتابوں کا آپ نے مطالعہ کیا ان کا تذکرہ بھی فرمایا مثلاً شرح الکنز۔ شرح مجمع البحرین۔ الحدادی۔ فتاویٰ قاضی خان۔ شرح القدوری۔ فتاویٰ بزازیہ۔ خلاصہ۔ شرح الہدایہ اور حافظ زیلعی کی نصب الرایہ جس میں آپ نے شرح الہدایہ کی احادیث کی تخریج فرمائی ہے اور ان کے مشکل مقامات کے بارے میں معاصر علمائے حنفیہ کی طرف رجوع کیا۔ اسی طرح کتب مالکیہ کی مدونات کا مطالعہ بھی کیا اور فرماتے ہیں کتب مدونہ کا مطالعہ میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اشارہ پر کیا اسی طرح امام احمد بن حنبل رضی اللہ عنہ کے مذہب کی کتابوں کا بھی مطالعہ کیا اور میں نے اقوال ائمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم میں مطابقت کے لئے ایک میزان مقرر کی اور اسے میزان کبریٰ کے نام سے جانا جاتا ہے اور اس کی وجہ سے پتہ چلتا ہے کہ ائمہ مجتہدین کے مذاہب اور ان کے مقلدین کے اقوال شریعت مطہرہ ہی کی طرف لوٹتے ہیں۔

ائمہ مجتہدین شریعت وحقیقت کے جامع اور ارباب حضوری تھے

آپ اپنے شیخ طریقت علی الخواص رضی اللہ تعالیٰ کے حوالے سے فرماتے ہیں کہ کہ میں نے انہیں یہ فرماتے ہوئے سنا کہ ائمہ مذاہب نے اپنے مذاہب کی تائید شریعت کے ساتھ ساتھ حقیقت کے قواعد پر عمل کر کی ہے اور ان حضرات نے اپنے پیروکاروں کو جتلایا ہے کہ وہ شریعت اور حقیقت دونوں کے عالم تھے۔ نیز شیخ نے فرمایا کہ تمام اہل کشف کے نزدیک ائمہ مجتہدین میں سے کسی کا کوئی قول شریعت سے خارج نہیں اور ان کا شریعت سے خارج ہونا کیونکر صحیح ہو سکتا ہے جب کہ ان حضرات کو اپنے اقوال کے کتاب و سنت اور اقوال صحابہ کرام سے مستفاد ہونے پر اطلاع ہے کشف صحیح سے مشرف ہیں اور ان میں سے ہر ایک کی روح حضور





العبودية»، و «كشف الرّان عن أسئلة الجان» و «فرائد القلائد في علم العقائد» و «الجواهر والدُّرر» و «الكبريت الأحمر في علوم الكشف الأكبر» و «الاقتباس في القياس» و «فتاوى الخواص» و «العهود ثلاثة» وغير ذلك.

وحسده طوائف، فدسوا عليه كلمات يخالف ظاهرها الشرع، وعقائد زائغة، ومسائل تخالف الإجماع، وأقاموا عليه القيامة، وشنّعوا وسبُّوا، ورموه بكل عظيمة فخذلهم الله وأظهره عليهم.

وكان مواظباً على السُّنَّة، مبالغاً في الورع، مؤثراً ذوي الفاقة على نفسه حتى بملبوسه، متحملاً للأذى، موزعاً أوقاته على العبادة ما بين تصنيف وتسليك وإفادة، واجتمع بزاويته من العميان وغيرهم نحو مائة، فكان يقوم بهم نفقةً وكسوةً.

وكان عظيم الهيبة، وافر الجاه والحرمة، تأتي إلى بابه الأمراء. وكان يسمع لزاويته دويٌّ كدوي النحل ليلاً ونهاراً.

وكان يحيي ليلة الجمعة بالصلاة على المصطفى ﷺ، ولم يزل مقيماً على ذلك، معظماً في صدور الصدور، إلى أن نقله الله تعالى إلى دار كرامته.

ومن كلامه: دوروا مع الشرع كيف كان لامع الكشف، فإنه قد يخطىء.

وقال: ينبغي إكثار مطالعة كتب الفقه عكس ما عليه المتصوفة الذين لاحت لهم بارقة من الطريق فمنعوا مطالعته وقالوا: إنه حجابٌ جهلاً منهم.

وقال: كل إنسان لا يعذّب في النار إلّا من الجزء الناري الذي هو أحد أركان بدنه[(١)].

وقال: ذهب بعض أهل الكشف إلى أن جميع الحيوان لهم تكليف إلّهي برسول منهم في ذواتهم لا يشعر به إلّا من كشف عن بصره، فإن لله الحجّة على خلقه، فلا يعذّب أحداً إلا جزاءً، فلا إشكال في إيلام الدواب.

وقال: الجبر آخر ما تنتهي إليه المعاذير، وذلك سبب مآل أهل الرحمة إلى الرحمة.

(١) قلت: ليس على ذلك دليل من الكتاب والسُّنَّة وآراء الجمهور من السَّلف والخلف.

٥٤٦

آپ نے اپنے استاذ شیخ زکریا انصاری کی تصنیف ''الروض'' کا مطالعہ تیس بار کیا۔ امام شافعیؒ کی کتاب ''الأم'' کا مطالعہ تین بار کیا۔ شیخ محی الدین ابن عربی کی تیس جلدوں پر مشتمل کتاب ''المختصر'' کا ایک بار، امام الماوردی کی کتاب ''الحاوی'' اور ''الاحکام السلطانیہ'' کا ایک ایک مرتبہ، شیخ ابو محمد الجوینی کی کتاب ''المحیط'' ایک بار، امام غزالیؒ کی ''الوسیط'' ایک بار، شرح المہذب پچاس بار، شرح مسلم للنووی (اٹھارہ جلدیں) پندرہ مرتبہ، علامہ بدر الدین عینی کی شرح بخاری (۵۴ جلدیں) دو بار۔

کتب تفسیر: تفسیر کواشی دس بار، تفسیر ابن نقیب المقدسی (۱۰۰ جلدوں پر مشتمل ہے) کا ایک بار، تفسیر جلالین تیس بار، تفسیر بغوی، تفسیر خازن، تفسیر ابن عادل، تفسیر ابن زہرہ، تفسیر قرطبی، تفسیر ابن کثیر، تفسیر بیضاوی۔

کتب احادیث: صحاح ستہ، صحیح ابن خزیمہ، صحیح ابن حبان، مسند امام احمد، مؤطا امام مالک، طبرانی، جامع الاصول، جامع کبیر، جامع صغیر، زیادات۔

کتب لغت: صحاح الجوہری، قاموس، نہایۃ ابن اثیر، نووی کی تہذیب الاسمائی اللغات۔

کتب اصول و کلام: شرح العضد، شرح منہاج البیضاوی، کتاب المستصفی، کتاب الامالی، شرح المقاصد، شرح عقائد۔

کتب فتاویٰ: فتاویٰ القفال، فتاویٰ القاضی الحسین، فتاویٰ الماوردی، فتاویٰ ابن ابی صباغ، فتاویٰ ابن الصلاح، فتاویٰ ابن السلام، فتاویٰ النووی، فتاویٰ السبکی، فتاویٰ البلقینی، فتاویٰ الشیخ زکریا۔

کتب قوائد: قواعد الشیخ عزالدین الکبریٰ والصغریٰ، قواعد العلائی، قواعد السبکی، قواعد الزرکشی۔

کتب سیرت: سیرت ابن ہشام، سیرۃ ابن اسحاق، سیرت الکلبی، سیرۃ ابی الحسن البکری، سیرت الطبری، سیرت الکلائی۔

کتب تصوف: قوت القلوب، حلیۃ الاولیائ، رسالہ قشیریہ، عوارف المعارف، احیائ العلوم، الفتوحات المکیۃ۔

امام شعرانیؒ فرماتے ہیں یہ ان چند کتابوں کا ذکر ہے جن کا مطالعہ کرنا مجھے یاد ہے۔(الطبقات الکبریٰ اللشعرانی اردو: ص ۳۳-۳۲) (المنن الکبریٰ الامام عبد الوہاب شعرانی: ص ۷۰-۷۶؛ دار الکتب العلمیہ)

کتب تفسیر

نیز تفسیر قرآن کی مشہور کتب کا مطالعہ فرمایا تفسیر بغوی ایک مرتبہ۔ تفسیر خازن تین مرتبہ۔ تفسیر ابن عادل سات مرتبہ۔ تفسیر کواشی دس مرتبہ۔ تفسیر ابن زہرہ ایک مرتبہ۔ تفسیر قرطبی دو مرتبہ۔ تفسیر ابن کثیر ایک مرتبہ۔ تفسیر بیضاوی پانچ مرتبہ۔ تفسیر ابن النقیب المقدسی ایک مرتبہ جو کہ ایک سو ضخیم جلدوں پر ہے اور اس سے زیادہ وسیع تفسیر کا میں نے مطالعہ نہیں کیا۔ امام واحدی کی تفسیر البسیط والوجیز۔ شیخ عبد العزیز الدیرینی کی کبیر و صغیر تفسیر تین مرتبہ۔ تفسیر جلالین تیس مرتبہ امام جلال الدین السیوطی کی بڑی تفسیر یعنی الدر المنثور تین مرتبہ۔ علاوہ ازیں بے شمار کتب تفسیر کا ذکر فرمایا۔

کتب حدیث

اور میں نے حدیث شریف اور دلائل مذاہب کی اتنی کتابوں کا مطالعہ کیا کہ ان کا شمار نہیں ہو سکتا۔ بعض یہ ہیں۔ صحاح ستہ۔ صحیح ابن خزیمہ۔ صحیح ابن حبان۔ مسند امام احمد۔ موطا امام مالک۔ طبرانی کی تینوں معاجیم ابن امیر کی جامع الاصول۔ امام سیوطی کی جامع کبیر۔ جامع صغیر۔ زیادات اور یہ دس ہزار احادیث کا مجموعہ ہے اور حدیث پاک کی ان کتابوں میں سے شریعت پاک کا کوئی نادر مسئلہ ہی باہر ہوگا اور سنن بیہقی کے بعد ادلہ مذاہب میں یہ سب سے جامع کتاب ہے۔ اس طرح میں نے بیہقی کی سنن کبریٰ کا مطالعہ کیا پھر میں نے اسے سند اور تکرار حذف کر کے مختصر کیا البتہ احکام باقی رکھے۔ اسی طرح میں نے شیخ مجد الدین کی کتاب المنتقیٰ من الاحکام کا مطالعہ کیا اور یہ میری کتاب کشف الغمہ عن جمیع الامہ کے مسودہ کی اصل ہے۔ اسی طرح میں نے ابن قیم کی کتاب الہدیٰ النبوی کا مطالعہ کیا۔ پھر اسے مختصر کیا۔ دلائل النبوۃ بیہقی امام سیوطی کی کتاب المعجزات والخصائص کا مطالعہ کیا پھر اسے مختصر کیا علاوہ ازیں میں نے اتنے اجزاء اور مسانید کا مطالعہ کیا کہ شمار نہیں کر سکتا۔ اور فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے شیخ شمس الدین المظفری کو میرے تابع فرمان کر دیا جو کہ خزائن مصر سے ہر وہ کتاب لے آتے تھے جو میں طلب کرتا۔

کتب لغت

نیز میں نے لغت میں جوہری کی صحاح۔ قاموس۔ نہایہ ابن اثیر۔ نووی کی تہذیب الاسماء اللغات کا مطالعہ کیا۔ مؤخر الذکر کا پندرہ مرتبہ مطالعہ کیا۔

کتب اصول و کلام

ان میں سے بعض یہ ہیں۔ شرح العضد۔ شرح منہاج البیضاوی۔ غزالی کی کتاب المستصفیٰ۔ امام الحرمین کی کتاب الامالی۔ شرح المقاصد۔ کتاب شرح الطوالع والمطالع۔ قزوینی کی سراج العقول۔ تفتازانی کی شرح عقائد اور حاشیہ ابن ابی شریف وغیرہ۔

کتب فتاویٰ

اور پیش آنے والے حالات و واقعات کے بارے میں علمائے متقدمین اور متاخرین کے فتاویٰ کی بے شمار کتابوں کا مطالعہ کیا ہے جیسے فتاویٰ اور ابن ابی زید المروزی۔ فتاویٰ القفال۔ فتاویٰ القاضی الحسین۔ فتاویٰ الماوردی۔ امام غزالی اور ان کے امام کے

فتاویٰ۔ فتاویٰ ابن ابی صباغ۔ فتاویٰ ابن الصلاح۔ فتاویٰ ابن السلام۔ فتاویٰ النووی۔ فتاویٰ السبکی۔ فتاویٰ البلقینی۔ فتاویٰ الشیخ زکریا۔ فتاویٰ الشیخ شہاب الدین الرملی وغیرہ۔

کتب قواعد

اور قواعد کی کتابوں میں سے ان کتب کا مطالعہ کیا۔ قواعد الشیخ عز الدین الکبریٰ والصغریٰ۔ قواعد العلائی۔ قواعد السبکی۔ قواعد الزرکشی۔

کتب سیرت

اور سیرت کی کتابوں میں سے سیرۃ ابن ہشام۔ سیرۃ ابن اسحاق۔ سیرت الکلبی۔ سیرۃ ابی الحسن البکری۔ سیرۃ المقریزی۔ سیرۃ الکلاعی۔ سیرۃ ابن سید الناس اور سیرۃ الشیخ محمد الشامی جسے آپ نے سیرت کی ایک ہزار کتب سے جمع فرمایا اور میرے گمان کے مطابق سیر میں سب سے جامع کتاب ہے۔

کتب تصوف

اور میں نے تصوف اور لطائف کی اتنی کتابوں کا مطالعہ کیا ہے کہ شمار نہیں ہو سکتا ان میں سے ابو طالب مکی کی کتاب القوت حارث محاسبی کی کتاب الرعایۃ۔ ابو نعیم کی کتاب الحلیہ۔ رسالہ قشیریہ۔ سہروردی کی کتاب عوارف المعارف۔ غزالی کی کتاب الاحیاء۔ یافعی کی سب کتابیں۔ شیخ اکبر کی کتاب الفتوحات۔ پھر میں نے اس میں سے وہ مقامات حذف کر کے جو شیخ کے نام پر اس میں غلط طور پر درج کئے گئے تھے اسے مختصر کر دیا۔

علاوہ ازیں میں نے شیخ احمد زاہد کا رسالہ نور پڑھا جس کی دو جلدیں ہیں اور آپ کے مرید سیدی محمد الغمری کی کتاب فتح المریہ کا مطالعہ کیا جس کی چھ جلدیں ہیں۔ ہروی کی منازل السائرین۔ قاشانی کی شرح الفصوص اور قصری کی شعب الایمان وغیرہ کا مطالعہ کیا۔ امام شعرانی فرماتے ہیں یہ ان چند کتابوں کا ذکر ہے جن کا مطالعہ کرنا مجھے یاد ہے اور الحمد للہ میرے خیال میں بڑے زمانے میں شاید کوئی ہو جسے ان کا علم ہو۔

دعوت غور و فکر

یاد رہے کہ بے شمار کتابوں کا ذکر شیخ شعرانی رحمۃ اللہ علیہ نے طوالت کی وجہ سے چھوڑ دیا نیز اس حوالے سے کہ فی الحال آپ کی یادداشت میں یہی کتابیں ہیں جب کہ اسی طوالت کے خوف سے اس فقیر نے حضرت مؤلف قدس سرہ کی مذکورہ فہرست سے بھی کئی کتابوں کا ذکر نہیں کیا اس کے باوجود ایک بھاری بھرکم فہرست پھر بھی درج کر دی ہے کہ قارئین کو حضرت مؤلف کے متعلق تعارف ہو کہ آپ فی الحقیقت بحر العلوم والحقائق اور شریعت و طریقت کا مجمع البحرین ہیں۔ اور اس کتاب الطبقات الکبریٰ میں جو کچھ آپ نے تحریر فرمایا ہے اس کی اہمیت واضح ہو اور طبقات کبریٰ کے مطالعہ کے دوران اس حقیقت پر نظر رہے کہ توحید وہ ہے جو کہ ان نفوس قدسیہ کی تعلیمات اور معمولات سے مترشح ہوتی ہے۔ اور فیوض و برکات توحید اور معرفت الٰہیہ سے مشرف ہو کر یہ حضرات





معروف مستشرق آر،اے، نکلسن نے اپنی شہرہ آفاق تحقیق ”تاریخ ادبیاتِ عرب“میں آپ رحمۃ اللہ علیہ کی علمی صحبت کے فوائد تسلیم کرتے ہوئے کہا کہ: ”ہمارے لئے مفید ہو گا کہ اگر ہم چند لمحات مسلمانوں کے آخری صوفی وعالم شیخ عبدالوہاب شعرانی کے ساتھ گزاریں۔ وہ(امام شعرانی) ایک ایسے محقق اور مفکر عالم ہیں کہ اُن کے اَثرات موجودہ دور میں بھی نمایاں طریقے سے محسوس کئے جارہے ہیں“۔ (Literary History of the Arabs, By R.A. Nicholson, Page # 464 Cambridge University Press)

Traditions saw a grave danger to themselves in the esoteric revelation which the mystics claimed to possess; while the latter, though externally conforming to the law of Islam, looked down with contempt on the idea that true knowledge of God could be derived from theology, or from any source except the inner light of heavenly inspiration. Hence the antithesis of *faqíh* (theologian) and *faqír* (dervish), the one class forming a powerful official hierarchy in close alliance with the Government, whereas the Ṣúfís found their chief support among the people at large, and especially among the poor. We need not dwell further on the natural antagonism which has always existed between these rival corporations, and which is a marked feature in the modern history of Islam. It will be more instructive to spend a few moments with the last great Muḥammadan theosophist, 'Abdu 'l-Wahháb al-Sha'rání, a man who, with all his weaknesses, was an original thinker, and exerted an influence strongly felt to this day, as is shown by the steady demand for his books. He was born about the beginning of the sixteenth century. Concerning his outward life we have little information beyond the facts that he was a weaver by trade and resided in Cairo. At this time Egypt was a province of the Ottoman Empire. Sha'rání contrasts the miserable lot of the peasantry under the new *régime* with their comparative prosperity under the Mamelukes. So terrible were the exactions of the tax-gatherers that the fellah was forced to sell the whole produce of his land, and sometimes even the ox which ploughed it, in order to save himself and his family from imprisonment; and every lucrative business was crushed by confiscation. It is not to be supposed, however, that Sha'rání gave serious attention to such sublunary matters. He lived in a world of visions and wonderful experiences. He conversed with angels and prophets, like his more famous predecessor, Muḥiyyu 'l-Dín Ibnu 'l-'Arabí, whose *Meccan Revelations* he studied and epitomised. His autobiography entitled *Laṭá'ifu 'l-Minan*

Sha'rání († 1565 A.D.).

A Literary History of the Arabs

By

Reynold A. Nicholson, M.A.

Lecturer in Persian in the University of Cambridge, and sometime Fellow of Trinity College

New York
Charles Scribner's Sons
153-157, Fifth Avenue
1907

displays the hierophant in full dress. It is a record of the singular spiritual gifts and virtues with which he was endowed, and would rank as a masterpiece of shameless self-laudation, did not the author repeatedly assure us that all his extraordinary qualities are Divine blessings and are gratefully set forth by their recipient *ad majorem Dei gloriam*. We should be treating Sha'rání very unfairly if we judged him by this work alone. The arrogant miracle-monger was one of the most learned men of his day, and could beat the scholastic theologians with their own weapons. Indeed, he regarded theology (*fiqh*) as the first step towards Ṣúfiism, and endeavoured to show that in reality they are different aspects of the same science. He also sought to harmonise the four great schools of law, whose disagreement was consecrated by the well-known saying ascribed to the Prophet: "The variance of my people is an act of Divine mercy" (*ikhtiláfu ummatí raḥmatun*). Like the Arabian Ṣúfís generally, Sha'rání kept his mysticism within narrow bounds, and declared himself an adherent of the moderate section which follows Junayd of Baghdád († 909–910 A.D.). For all his extravagant pretensions and childish belief in the supernatural, he never lost touch with the Muḥammadan Church.

In the thirteenth century Ibn Taymiyya had tried to eradicate the abuses which obscured the simple creed of Islam. He failed, but his work was carried on by others and was crowned, after a long interval, by the Wahhábite Reformation.[1] Muḥammad b. 'Abd al-Wahháb,[2] from whom its name is

[1] See *Materials for a History of the Wahabys*, by J. L. Burckhardt, published in the second volume of his *Notes on the Bedouins and Wahabys* (London, 1831). Burckhardt was in Arabia while the Turks were engaged in re-conquering the Ḥijáz from the Wahhábís. His graphic and highly interesting narrative has been summarised by Dozy, *Essai sur l'histoire de l'Islamisme*, ch. 13.

[2] Following Burckhardt's example, most European writers call him simply 'Abdu 'l-Wahháb.

A Literary History of the Arabs

By

Reynold A. Nicholson, M.A.

Lecturer in Persian in the University of Cambridge, and sometime Fellow of Trinity College

New York
Charles Scribner's Sons
153–157, Fifth Avenue
1907

ایسی جلیل القدر شخصیت جن کا سلسلۂ نسب حضرت علی المرتضی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ملتا ہو، علم کا ایسا حریث جنہوں نے علم تفسیر، علم حدیث، فقہی علوم، علم لغات، اصول و قوائد، فتاوجات اور سیرت و تصوف کے تمام شعبہ جات میں مہارت حاصل کر رکھی ہو، جن کی توثیق بڑے بڑے ائمہ دین سمیت معروف مستشرق آر، اے، نکلسن جیسے مغربی مورخ نے کر رکھی ہو، ایسی جلیل القدر علمی شخصیت کے بارے میں زبیر علی زئی صاحب جیسے کذاب لوگوں کا بلا دلیل اعتراض کوئی حیثیت نہیں رکھتا۔

اس قدر جھوٹ بولنے کے بعد بھی زبیر علی زئی صاحب کتنی بے شرمی کے ساتھ اپنے رسالہ میں دعویٰ کرتے ہیں کہ ”الحدیث حضرو کا یہ امتیاز ہے کہ الحدیث میں صرف صحیح و ثابت حوالہ ہی بطور استدلال لکھا جاتا ہے“۔ اس قدر جھوٹ اور کذب بیانی تو کسی فرقے کے جہلا بھی نہیں کرتے جتنے جھوٹ و کذب بیانیاں غیر مقلدین کے شیخ الحدیث زبیر علی زئی صاحب نے کیں ہیں۔ ان کذب بیانیوں کے ساتھ موصوف کے دعووں پر نظر ثانی کی جائے تو افسوس کرنے کے بجائے ہنسی آنی شروع ہو جاتی ہے کہ موصوف کذب بیانیوں کے باوجود بھی کافی خوش فہم نظر آتے ہیں۔

زبیر علی زئی صاحب کے حسین بن منصور حلاجؒ پر لگائے گئے الزامات اور کیئے جانے والے کھوکھلے دعووں پر ان سے مطالبہ کیا جاتا ہے کہ کسی ایک صحیح صریح روایت سے حسین بن منصور حلاجؒ کا کافر و زندیق ہونا ثابت کر دیں ورنہ اپنی ان تمام کذب بیانیوں اور جھوٹے دعووں سے رجوع فرمائیں اور اپنی عاقبت خراب ہونے سے بچائیں۔ جزاکم اللہ خیراً۔